نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ مارچ ۲۰۱۸ء

قیمت:- /۶۵ روپے

روحانی دنیا

تحویل آفتاب عالمتاب

شرف شمس

تثلیث شمس و زحل

علم الحروف

ش

برنی
روزانہ کواکبی گائیڈ
2018
ہر روز کے نظرات معدان کے اثرات، مدت اثرات کواکب
ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی مخصوص
سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں
اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تاکہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت وشنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔
۳۶۵ دنوں کے
ہر دن کے اثرات،
عملیات کے اہم
مواقعوں سے
فائدہ اٹھائیں
قیمت کتاب:- /۲۰۰+ ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944
اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰
اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں
آپنا آڈر آج ھی ارسال کریں

شمارہ ھذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ہیں

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء
بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

مینجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:-/ ۶۵ روپے سالانہ چندہ:-/ ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:-/ ۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:-/ ۱۴۰۰ روپے

غیر ممالک ایئر میل
ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:-/ ۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) :-/ ۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۵

شمارہ نمبر ۱۱

ماہ ماہ مارچ ۲۰۱۸ء

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر
فون نمبر: 021-34949944
021-32018699
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- منیجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

اس شمارے میں

۱	اسرار الٰہی	۳
۲	حضرت ابراہیم بن ادھمؒ	۵
۳	علم الحروف ش	۸
۴	دعا	۹
۵	عبادات ماہ رجب المرجب	۱۱
۶	فضائل سورہ	۱۲
۷	تحویل آفتاب المتاب	۱۳
۸	شرف شمس	۱۵
۹	تدبیر کا جال	۱۷
۱۰	تثلیث زہرہ و مریخ	۱۸
۱۱	کلینڈر ماہ مارچ	۱۹
۱۲	کیا آپ کا برج حوت ہے؟	۲۰
۱۳	تثلیث شمس و زحل	۲۲
۱۴	ماہ مارچ کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۵	ماہ مارچ کے ستارے	۳۴
۱۶	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۱۷	مجاہدات و ریاضات	۳۹

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا ابراہیم مارکیٹ پیر الٰہی بخش کالونی کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیار دیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزد بریجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روز میری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گٹھیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ مارچ ۲۰۱۸ء

اسرار الٰہی

صرف ایک زندگی

ایک تاریخ کے طالب علم کے لئے ایک جویائے حق کے لئے ایک صاحب دانش و ہوش کے لئے محمد رسول اللہ ﷺ ہی کی زندگی ایسی ہے جو پوری کی پوری محفوظ ہے' آخر ایسا کیوں ہے؟ اس کے اسباب وعلل کیا ہیں؟

اس کا جواب قرآن دیتا ہے۔

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ (احزاب ۲۱)

پوری انسانیت کے لئے اگر کسی کی زندگی معیار اور نمونہ ہے تو وہ رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ طیبہ ہے۔ اس لئے یہی اور صرف یہی مقدس زندگی اس کی مستحق تھی کہ اسے تمام وکمال محفوظ کیا جائے۔ اگر یہ زندگی خدانخواستہ گم ہوجاتی اور یہ نمونہ دنیا کی نگاہوں سے اوجھل ہوجاتا تو انسان زندگی کے تمام شعبوں میں عملی طور پر رہنمائی کہاں سے حاصل کرتے؟ اللہ تعالیٰ تو اپنے احکام کو عملی طور پر تشکل کرنے کے لئے بندوں کے درمیان آنے سے رہا' کہ اس کی ذات ہر قسم کے تجسم' تشکل اور حلول سے منزہ ہے' فرشتوں کے پاس انسانی جذبات اور محسوسات نہیں جو وہ انسانوں میں رہ کر زندگیاں بسر کرتے اور لوگوں کو بتاتے کہ اللہ کے احکام کے مطابق زندگی اس طرح بسر کی جاتی ہے اور خدا کی رضا کے حصول کے یہ ذرائع ہیں!

کوئی شک نہیں کہ تمام انبیاء ورُسُل ہدایت لے کر آئے تھے اور ان کی پاک زندگیوں میں انسانوں کے لئے نمونہ تھا۔ مگر اس کو کیا کیجئے کہ ان مقدس زندگیوں کو انسانوں کے حافظے نے محفوظ ہی نہیں رکھا۔ انسانی تاریخ میں صرف ایک زندگی ہے' جو پوری کی پوری حافظ میں' ذہن وفکر میں' کاغذ میں' بلکہ اعمال وکردار میں محفوظ رکھی گئی ہے اور وہ زندگی حضور خاتم النبیین ﷺ کی ہے (فداہ ابی وامی) اور یہ اہتمام وانتظام خود اللہ تعالیٰ کی مشیت وحکمت کا کیا ہوا ہے۔ اپنے کلام (قرآن) کی حفاظت اس نے خود کی اور رسول اللہ ﷺ کی زندگی کی حفاظت صحابہ کرام کو سونپ دی' جن میں رسول اللہ ﷺ نے زندگی بسر کی ہے تاکہ وہ خود بتائیں کہ رسول اللہ ﷺ کیا تھے؟

تمام دنیا کے چھوٹے اور بڑوں انسانوں میں رسول اللہ ﷺ کی زندگی کا تمام وکمال محفوظ رہنا اس بات کی دلیل ہے کہ انسانوں کے لئے کامل نمونہ بس یہی زندگی ہے۔ پس جو زندگی اس کامل ومقدس نمونے سے جتنی دور ہے' اتنی ہی پست' بے وقعت اور نکمی ہے اور جس فرد میں' قوم میں' ماحول اور معاشرے میں یہ مقدس زندگی جھلکتی ہے' وہاں سعادت وفلاح کی قندیلیں روشن ہیں اور نیکی کے پھول کھلے ہوئے ہیں۔ انسانیت کے نباؤ اور بگاڑ کا انحصار حضور ﷺ کے اسوۂ حسنہ سے دوری اور قربت پر ہے اور یہ وہ کلیہ ہے جس میں استثنا نہیں!

لـــوح زحـــل

استحکام وجمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب وآلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط برخلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ برمخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کر دیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

حضرت ابراہیم بن ادھمؒ

حضرت حذیفہ مرعشیؒ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابراہیم ادھمؒ کے ساتھ مکہ مکرمہ کے راستے پر چل رہے تھے' اور ہمیں کئی دنوں سے کھانا نہیں مل رہا تھا' ہم اسی طرح کوفہ جا پہنچے ایک غیر آباد مسجد میں قیام کیا' حضرت ابراہیم ادھمؒ نے مجھے فرمایا حذیفہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو بھوک لگی ہے' میں نے عرض کیا حضرت کا خیال درست ہے' فرمانے لگے دوات اور کاغذ لاؤ- میں لے آیا آپ نے لکھا' اللہ رحمان و رحیم کے نام سے' اللہ آپ ہی ہر حال میں مقصود ہیں اور ہر حقیقت و معنی کے آپ ہی مشاوالیہ ہیں' میں تعریف کرنے والا ہوں' شکر گذار ہوں اور ذکر کرنے والا ہوں' میں بھوکہ ہوں' قناعت پسند ہوں اور میں بے لباس ہو رہا ہوں' میں آپ کی ذات کے بغیر کسی اور کی تعریف کروں تو اس کا مطلب آگ کے شعلوں میں داخل ہونا ہوگا (میں آگ میں اور کی تعریف کر کے نہیں جانا چاہتا) لہذا اپنے بندوں کو آگ میں جانے سے پناہ دے-

یہ میں نے چھ چیزیں شمار کی ہیں' نصف کا ضامن میں ہوں' اے باری تعالیٰ نصف کے ضامن آپ بن جائیں (یعنی پہلی تین تو میں پوری کر رہا ہوں پچھلی تین آپ پوری فرما کر اور افلاس کو دور فرمادیں)-

یہ لکھ کر رقعہ مجھے عطا فرمایا اور کہا' آپ جائیں مگر دل کو صرف ذاتِ باری تعالیٰ سے وابستہ رکھیں اور رقعہ جو شخص سب سے پہلے ملے اسے دے دیں' میں یہ رقعہ لے کر چل پڑا' مجھے سب سے پہلے خچر پر سوار ایک شخص ملا میں نے اسے رقعہ دے دیا- اس نے رقعہ لے کر پڑھا اور رونے لگا پھر مجھے کہا یہ رقعہ لکھنے والے صاحب کہاں ہیں' میں نے کہا فلاں مسجد میں تشریف فرما ہیں- اس نے چھ سو دیناروں سے بھری تھیلی آپ کے لئے پیش کی' میں چلا تو ایک اور آدمی سے ملا اور اس سے پوچھا یہ خچر پر سوار کون صاحب ہیں- اس نے کہا ایک عیسائی ہے- میں حضرت ابراہیم ادھمؒ کی خدمت میں واپس آیا اور آپ کو سارا واقعہ سنایا' فرمانے لگے ان دیناروں کو ابھی نہ چھونا' ان کا مالک ابھی آتا ہے- تھوڑی دیر کے بعد وہ عیسائی آ گیا حضرت ابراہیمؒ کے سامنے دوزانو بیٹھ کر اسلام لے آیا-

حضرت سفیان ابراہیمؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم ادھمؒ کو مکہ مکرمہ کے سوق اللیل میں نبی پاک ﷺ کے مقام ولادت کے قریب ملا وہ رو رہے تھے- میں آپ کو راستہ کے ایک کنارے پر لے گیا اور آپ کو سلام کہہ کر عرض کیا' آپ کیوں رو رہے ہو' فرمانے لگے کچھ نہیں خیر و عافیت ہے' میں نے دو تین بار اصرار سے پوچھا' جب آپ نے مجھ سے فرمایا اے سفیان' اگر میں رونے کا واقعہ بتادو تو کیا آپ اسے مشتہر کر دیں گے یا چھپا کر رکھیں گے- میں نے عرض کیا میرے بھائی جو چاہو ارشاد فرمائیں' یہ سن کر فرمایا' میرا نفس گذشتہ تیس سال سے مجھ سے سکباج (گوشت اور سرکہ سے بنا ہوا شوربہ) مانگ اور میں پوری کوشش سے اسے روک رہا تھا- گذشتہ شام مجھ پر نیند کا غلبہ ہوا کیا دیکھتا ہوں کہ ایک خوبصورت نوجوان ہے اس کے ہاتھ میں سبز پیالہ ہے اس پیالے میں بخارات اٹھ رہے ہیں اور سکباج کی مہک آ رہی ہے' میں نے پوری قوت سے اس سے بچنے کی کوشش کی مگر وہ میرے قریب آیا اور کہنے لگا ابراہیم' کھالیجئے' میں نے جواب دیا جس چیز کو میں رضائے الٰہی کے لئے چھوڑ چکا ہوں اسے نہیں کھاؤں گا' اس نے جواب دیا خواہ وہ چیز خود اللہ آپ کو کھلانا چاہے- اب سوائے رونے کے میرے پاس کوئی جواب نہ تھا' اس نے پھر کہا' اللہ آپ پر رحم کرے تناول فرمائیں' میں نے جواب دیا' ہمیں اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ ہم صرف وہی چیز اپنے برتن (پیٹ) میں ڈالیں جس کا ہمیں علم ہو (کہ وہ حلال ہے یا حرام) اب وہ بولا اللہ کریم آپ کو عافیت عطا فرمائے تناول فرمائیے' مجھے یہ رضوان نے دیا ہے اور کہا ہے اے خضر' یہ کھانا لے جائیں اور ابراہیمؒ کو کھلائیں کیونکہ انہوں نے طویل عرصہ سے صبر کیا ہے اور اپنے نفس کو خواہشات سے روکے رکھا ہے پھر فرمایا اللہ کریم تو آپ کو یہ کھانا کھلانا چاہتا ہے اور آپ اس سے بچنا چاہتے ہیں' اے ابراہیمؒ میں نے فرشتوں کو یہ کہتے سنا ہے جسے عطا کیا جائے اور وہ نہ لے تو پھر وہ مانگے تب بھی اسے عطا نہیں کیا جاتا'' میں نے کہا اگر معاملہ یوں ہے تو پھر میں آپ کے سامنے ہوں' مگر میں خود تو اللہ کے ساتھ کیا ہوا عہد نہیں توڑوں گا- اچانک ایک اور شخص آیا جس نے اسے کوئی بھی پکڑائی اور کہا اے خضر' آپ اسے خود لقمہ ڈالیں- وہ مجھے اپنے ہاتھ سے کھلانے لگ گئے- یہاں پہنچ کر مجھے جاگ آ گئی مگر اس کھانے کی مٹھاس اور ذائقہ تو اب بھی باقی تھا اور اس میں ملے زعفران کا رنگ میں ہونٹوں پر موجود تھا- میں زم زم کے پاس پہنچا منہ دھو ڈالا مگر نہ تو ذائقہ ختم ہوا اور نہ زعفران کا رنگ اڑا- حضرت سفیان کہتے ہیں کہ میں نے کہا حضرت ذرا مجھے بھی دکھادیں' کیا دیکھتا ہوں کہ سچ مچ رنگ کا اثر بدستور باقی ہے-

ایک مرتبہ حضرت ابراہیم ادھمؒ سفر کر رہے تھے کہ راستہ میں کچھ لوگ کھڑے تھے اور آپ کے خدمت میں عرض کرنے لگے' اے ابا اسحاق' شیر ہمارے راستے پر کھڑا ہے' حضرت شیر کے پاس تشریف لائے اور اسے کہا شیر اگر تجھے ہمارے معاملے میں کسی بات کا حکم دیا گیا ہے تو وہ حکم پورا کر دے اور اگر کسی کام کی تکمیل کے لئے نہیں آیا تو ہمارے راستے سے ہٹ جا' شیر دم ہلاتا واپس چلا گیا' پھر حضرت نے لوگوں سے فرمایا' تم میں سے

اگر ہر شخص صبح وشام یہ وظیفہ پڑھ لے تو کتنا اچھا ہو' وظیفہ۔

اَللّٰھُمَّ اَخْرِسْنَا بِعَیْنِكَ الَّتِیْ لَاتَنَامُ واحفظنا بِرُكْنِكَ الَّذِیْ لَایُرَامُ' وَارْحَمْنَا بِقُدْرَتِكَ عَلَیْنَا فَلَا نَھْلِكُ' وَاَنْتَ ثِقَتُنَا وَرَجَائُنَا

(اے اللہ' اپنی نہ سونے والی آنکھ سے ہماری نگرانی فرما' اپنے اس رکن سے ہماری حفاظت فرما جس کے خلاف قصد نہیں کیا جاسکتا ہمیں اپنی قدرت سے رحم عطا فرما تاکہ ہم ہلاک نہ ہوں تیری ذات ہی ہمارے اعتماد وامید کا امید کا مرکز ہے)۔

ایک مرتبہ حضرت ابراہیمؒ نے کشتی میں سوار ہونا چاہا اور ملاح نے دینار لئے بغیر سوار کرنے سے انکار کردیا۔ آپ نے دو رکعت نماز پڑھی اور یوں دعا کی ''ملا کریم' وہ مجھ سے ایسی چیز مانگ رہے ہیں جو میرے پاس نہیں لیکن تیرے پاس اس کی کمی نہیں ہے'' یہ کہنے کی دیر تھی کہ سب ریت دیناروں میں تبدیل ہوگئی' آپ نے صرف ایک دینار لیا جو ملاح کو دے دیا۔ اس ایک دینار کے علاوہ کچھ بھی نہیں لیا۔

حضرت ابراہیم ادھمؒ ایک مرتبہ ایک کنویں پر پہنچے اور وضو کے لئے پانی نکالنے کو ڈول کنویں میں ڈالا' ڈول باہر نکالا تو وہ چاندی سے بھرا ہوا تھا۔ اسے پھینک کر پھر ڈول اندر ڈالا تو اس مرتبہ سونے سے بھرا ہوا نکلا' تیسری مرتبہ اسے پھینک کر پھر ڈالا تو ڈول مروارید سے بھرا ہوا تھا۔ اس کو بھی پھینکا اور کہا مولا کریم' یہ سب دولت مجھے کس لئے دکھاتا ہے' تیرے اس غلام نے اس قسم کی بہت سی چیزوں کو لٹا کر تجھ سے دل لگایا ہے اور تو مجھے ان ہی چیزوں کو پھر دکھا کر فریفتہ کرنا چاہتا ہے' تیری یکتائی کی قسم' میں ان کو آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھوں گا' مجھے مہربانی کرکے پانی عطا فرما کہ وضو کے بعد تیری عبادت میں مشغول ہوں' یہ کہہ کر پھر ڈول کنویں میں ڈالا' پانی سے بھرا ہوا ڈول نکلا' آپ نے اللہ کا شکر ادا کرکے وضو کیا اور نماز میں مشغول ہوگئے۔

ایک مرتبہ آپ سے لوگوں نے پوچھا' حضرت کیا سبب ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری دعاؤں کو قبول نہیں کرتا' آپ نے فرمایا' تم اللہ تعالیٰ کو جانتے ہو' لیکن اس کی اطاعت نہیں کرتے' رسول اللہ ﷺ کو پہچانتے ہو مگر ان کی پیروی نہیں کرتے' قرآن کریم پڑھتے ہو مگر اس پر عمل نہیں کرتے' اللہ تعالیٰ کی نعمت کھاتے ہو' مگر شکر نہیں کرتے' جانتے ہو کہ دوزخ گنہگاروں کے لئے ہے مگر اس سے ذرا نہیں ڈرتے' شیطان کو دشمن سمجھتے ہو' مگر اس سے نہیں بھاگتے' موت کو برحق سمجھتے ہو' مگر کوئی سامان نہیں کرتے' خویش واقارب کو اپنے ہاتھوں زمین میں دفن کرتے ہو' لیکن عبرت نہیں پکڑتے' بھلا جو شخص اس طرح کا ہو اس کی دعا کیوں کر قبول ہوسکتی ہے' حضرت ابراہیمؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دفعہ ایک غلام خریدا اور اس سے اس کا نام پوچھا' غلام نے کہا' میرا نام وہی ہے جس نام سے آپ مجھ کو پکاریں گے' پھر میں نے پوچھا' کیا کھایا کرتے ہو' اس نے جواب دیا' جو کچھ آپ کھلائیں' پھر پوچھا کیا پہنتے ہو' جواب ملا' جو آپ پہنائیں گے' پھر پوچھا تمہاری کیا خواہش ہے جواب ملا' غلام کو خواہش سے کیا مطلب' حضرت فرماتے ہیں کہ اس کی باتیں سن کر اپنے آپ سے میں نے کہا کہ تمام عمر اللہ کی ایسی عبادت نصیب نہ ہوئی' اب مجھ کو عبادت کا ڈھنگ اس غلام سے سیکھنا چاہئے۔

لوگوں نے پوچھا کہ آپ اپنی زندگی کیسے بسر کرتے ہیں' فرمایا میرے پاس چار سواریاں ہیں جب مجھ پر کوئی سختی آتی ہے تو شکر کی سواری پر بیٹھ جاتا ہوں' جب کوئی طاعت ظہور میں آتی ہے تو اخلاص کی سواری اختیار کرلیتا ہوں' اگر گناہ سرزد ہوتا ہے تو توبہ کی سواری کام میں لاتا ہوں' جب کوئی بلا نازل ہوتی ہے تو صبر کی سواری کام آتی ہے۔

حضرت محمد بن مبارکؒ کہتے ہیں کہ بیت المقدس کے دوران میں حضرت ابراہیم ادھمؒ کے ساتھ تھا دوپہر کے وقت ہم انار کے ایک درخت کے نیچے قیلولہ کے لئے اترے' چند رکعت وہاں نماز پڑھی' میں نے انار کی جڑ سے یہ آواز سنی' اے ابا اسحاق' ہمارا تھوڑا سا پھل کھا کر ہمیں عزت بخشیئے۔ حضرت ابراہیمؒ (کنیت ابو اسحاق تھی) نے اپنا سر جھکا لیا' درخت کی جڑ سے تین دفعہ یہ آواز آئی پھر مجھے جڑ نے خطاب کیا اور کہا اے محمدؐ آپ ان کے سامنے ہماری سفارش فرمائیں تاکہ وہ کچھ ہمارا پھل تناول فرمائیں۔ میں نے حضرت ابو اسحاق ابراہیم ادھمؒ کی خدمت میں عرض کیا' اے ابا اسحاق' آپ سن چکے سب۔ اب انہوں نے دو انار پکڑے ایک خود کھایا اور دوسرا مجھے دے دیا' جسے میں نے کھایا وہ کھٹا نکلا' یہ درخت چھوٹا سا تھا۔ جب ہم اپنے سفر سے واپس ہوئے تو دیکھا کہ یہ چھوٹا سا درخت بہت بڑھ چکا ہے۔ اس کے انار میٹھے ہوگئے ہیں سال میں دو دفعہ پھل دینے لگا ہے۔ بقول امام قشیریؒ لوگوں نے اس کا نام ہی ''رمانۃ العابدین'' (عبادت گزاروں کا انار) رکھ دیا ہے اور اس کے ساتھ میں عبادت گوار فردکش ہوتے ہیں۔

ایک مرتبہ حضرت ابراہیم ادھمؒ لکڑی کا گٹھر سر پر لئے مکہ کے بازار میں کھڑے تھے' بلخ کے ایک شخص کا اس طرف سے گزر ہوا اس نے حضرت کو پہچان لیا' اس نے سلام کرکے ادب سے عرض کیا' اے سلطان بلخ کی سلطنت کو چھوڑنے سے آپ کو کیا فائدہ ہوا۔ بیکار کی تکلیف اور پریشانی آپ نے اپنے سر لی' حضرت نے لکڑی کے گٹھر پر ہاتھ مارا تو وہ سب سونا ہوگیا' پھر آپ نے وہ بوجھ سر سے دور پھینک دیا اور فرمایا کہ بلخ کے نام کی نحوست نے آج کی حلال روزی میری ضائع کردی اور سلطنت کو چھوڑ کر معمولی مرتبہ میں نے پایا وہ تم نے بھی خود مشاہدہ کرلیا۔

کچھ عرصے کے لئے آپ دریائے دجلہ کے کنارے مقیم ہوگئے تھے' ایک مرتبہ بلخ امیر

راولپنڈی میں

رسالہ کتب اور برنی تقویم حاصل کرنے کے پتے

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک

اسلام آباد میں

Mr. Books Pvt Ltd,
Super Market

الامراء کا گزر ہوا اس وقت حضرت ابراہیم ادھمؒ اپنے خرقہ (کُرتے) کو سی رہے تھے- امیر الامراء اپنے آدمیوں کے ساتھ حضرت کے پاس حاضر ہوگئے- حضرت نے جب آدمیوں کا مجمع دیکھا تو پوچھا کہ تم لوگوں کون ہو اور کہاں سے آئے ہو- ان لوگوں نے حقیقت حال سے مطلع کر کے درخواست کی کہ حضرت واپس تشریف لے چلیں' آپ نے قبول نہیں فرمایا' جب ان لوگوں نے بہت اصرار کیا تو آپ نے اپنے ہاتھ کی سوئی جس سے آپ سی رہے تھے' دجلہ میں پھینک دی اور فرمایا اگر تم لوگ میری یہ سوئی دریا سے نکال دو تو میں تم لوگوں کی بات مان لوں گا- ان لوگوں نے بہت کوشش کی لیکن کچھ حاصل نہیں ہوا- پھر آپ نے فرمایا کہ اے دریا کی مچھلیو' میری سوئی تم میں سے جس کے پاس ہے' مجھے لا کر دے' فوراً لاکھوں مچھلیاں سونے کی سوئیاں منہ میں لئے دریا کے اوپر نکل آئیں' ان ہی میں سے ایک کے پاس حضرت کی سوئی بھی تھی' حضرت نے اپنی وہی سوئی لے لی اور آئے ہوئے امراء اور ان آدمیوں کو رخصت فرماتے ہوئے کہا کہ مجھ کو بلخ کی بادشاہت کی خواہش نہیں ہے تم لوگ جاؤ وہ لوگ سب حیران واپس ہوگئے-

ایک دفعہ خلیفہ عباسی جعفر منصور نے حضرت ابراہیم ادھمؒ سے پوچھا' آپ کیا کام کرتے ہو' فرمایا دنیا طالبانِ دنیا کے سپرد کر چکا ہوں اور عاقبت طالبانِ عاقبت کے سپرد کر دی ہے' دنیا میں میں نے صرف اللہ تعالیٰ کا ذکر اپنے لئے اختیار کر لیا ہے اور عاقبت میں اللہ کا دیدار پسند کیا ہے-

حضرت ابراہیم ادھمؒ چالیس سال گریہ و زاری اور صحرا نوردی کرتے رہے- یہاں تک کہ مکہ مکرمہ کے نزدیک پہنچے' آپ کی تشریف آوری کی خبر بزرگانِ حرم کو کسی نہ کسی طرح ہوگئی- چنانچہ وہ سب لوگ آپ کے استقبال کو آئے' جب آپ کو اس بات کا علم ہوا تو آپ اپنے قافلے سے ذرا ہٹ کر آگے نکل گئے تاکہ کوئی نہ پہچان سکے- چنانچہ بزرگانِ حرم کے خدمت گاروں نے جو آگے آگے تھے- آپ سے پوچھا ابراہیم ادھمؒ کہاں ہیں' کیونکہ بزرگانِ حرم ان کے استقبال کو تشریف لائے ہیں-

آپ نے فرمایا بزرگ لوگ اس زندیق سے کیا چاہتے ہیں' یہ سن کر ان لوگوں نے آپ کو پیٹا اور کہا کہ تو ایسے بزرگ کو زندیق کہتا ہے- زندیق تو خود ہے' آپ نے فرمایا میں بھی یہی کہتا ہوں-

جب وہ لوگ چلے گئے تو آپ نے اپنے نفس کو مخاطب کیا اور کہا تو نے اپنے کئے کی سزا دیکھی' اللہ کا شکر ہے کہ میں تجھ کو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا اور تو مشائخین حرم کے استقبال کا لطف نہ اٹھا سکا' پھر آپ حرم میں مقیم ہوگئے-

ہمیشہ اپنے محنت سے کما کر اپنا اور اپنے یاروں اور مریدوں کا پیٹ پالتے رہے' کبھی کھیتوں کی رکھوالی کرتے اور کبھی جنگل سے جا کر لکڑیاں کاٹ کر لاتے اور فروخت کرتے ایک شخص آپ کے پاس ہزار درہم لایا اور کہا کہ قبول فرمالیجئے' آپ نے فرمایا' میں محتاجوں سے کچھ نہیں لیا کرتا- اس نے کہا' میں محتاج نہیں' دولت مند ہوں' آپ نے فرمایا کیا تو اپنی دولت میں زیادتی کا خواہش مند نہیں' اس نے کہا' ضرور ہوں' فرمایا روپیہ اٹھالے کیونکہ کہ محتاجوں کا سردار تو ہی ہے' آپ نے بہت سے پاپیادہ حج کئے اور پچاس سال تک حرم شریف کے مجاور رہے' لیکن چاہِ زمزم سے پانی نکال کر نہ پیا' کیونکہ پانی نکالنے کا ڈول شاہی خرچ سے تیار ہوا تھا-

آپ ہر روز مزدوری کرتے اور ساری کمائی یاروں اور مریدوں پر خرچ کر دیتے- ایک دن ذرا دیر سے اپنے مریدوں کے پاس پہنچے' لیکن وہ آپ کا انتظار کئے بغیر کھا پی کے سو گئے' جب آپ واپس آ کر مریدوں کو سوتا پایا تو خیال کیا بے چارے بھوکے سو گئے ہیں' چنانچہ آپ نے کھانا پکانا شروع کیا' لیکن آگ آپ کو تنگ کر رہی تھی' خاطر خواہ طور پر نہ جلتی تھی' اس دوران میں ایک مرید کی آنکھ کھل گئی' اس نے دریافت کیا' کیا کر رہے ہیں آپ' فرمایا کھانا تیار کر رہا ہوں تاکہ بیدار ہوتے ہی کھا سکو' یہ سن کر وہ بہت شرمندہ ہوا اور اپنے ساتھیوں سے کہنے لگا کہ ہم آپ کی نسبت کیا خیال رکھتے ہیں اور آپ کی ہم پر کیسی شفقت ہے-

فرماتے ہیں' جس شخص کا دل تین حالتوں میں اللہ کی طرف حاضر نہ ہو تو یہ اس امر کی نشانی ہے کہ اس پر دروازہ بند کیا جا چکا ہے' اول تلاوت قرآن کریم کے وقت' دوم نماز کے وقت' سوم ذکر الٰہی کے وقت-

فرمایا عارف کی نشانی یہ ہے وہ تفکر کرے اور ہر شے سے عبرت کا سبق سیکھے اور اللہ تعالیٰ کی صفت وثنا کرتا رہے-

فرمایا' دو حجابوں کے اٹھ جانے سے سالک کے دل پر انوار الٰہی کی بارش ہوتی ہے اول یہ کہ دونوں جہاں کی حکومت پر راضی نہ ہو' دوسرے یہ کہ اگر چھین لیا جائے تو غمگین نہ ہو' چونکہ کسی چیز پر خوش ہونا حریص ہونے اور غمگین ہونا غصے کی نشانی ہے-

حضرت سلطان ابراہیم بن ادھمؒ کا وصال ۱۶۲ھ میں ہوا اور بحر شام کے کنارے جبلہ میں دفن ہوئے-

اپنی مخفی قوتوں کو قابو میں لانا

رجوع همزاد

ہر انسان کے ساتھ اس کا ہمزاد پیدا ہوتا ہے- یہ اس کا مخفی جسم ہے- اس کو بذریعہ عمل یا ریاضت بطن ظاہری میں لایا جاتا ہے اور پھر اس سے عامل اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے سکتا ہے- اس جسم کے لئے وقت اور فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھ سکتا- لہٰذا آن کی آن میں دور دراز سے خبریں لا سکتا ہے- وہاں سے چیزیں لانا- کوئی کام کر کے آجانا اس کیلئے منٹوں سیکنڈوں کا کام ہوتا ہے- دو شخصوں میں محبت یا دشمنی ڈالنا کسی جگہ کا نقشہ لانا- گم شدہ جانور یا آدمی یا دفینہ کا پتہ دینا- امراض کا علاج بتانا- پرانے واقعات کی کیفیت بہم پہنچانا اس کے لئے معمولی کام ہے- اس کتاب میں بیس طریقے اور عملیات ہیں- اپنی ہمت کے مطابق انتخاب کر کے ہمزاد قابو میں کیا جا سکتا ہے-

(قیمت =/۱۸۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

علم الحروف

ش

اگر کسی کو اعمال کا شوق ہو تو حروف تہجی کے اعمال ہی اس کو کافی ہیں اور ہر ضرورت پر کام آتے ہیں بشرطیکہ اس حروف کی زکات ادا کی جا چکی ہو۔ خواہ وہ اکبر ہو یا اصغر۔ اب تک اٹھارہ حروف کے اعمال اور خواص دیئے جا چکے ہیں۔ اب حرف ش کا بیان کیا جاتا ہے اس کے عدد تین سو ہیں۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک یہ حرف آتشی ہے۔ حروف آتشی سے مل کر تقویت پاتا ہے۔ اور بادی سے مل کر قوی المزاج ہو جاتا ہے اور حروف آبی اس کے دشمن ہیں۔

اس حرف طبع گرم اور ناطق ہے پیوست اس کی حرارت کے ساتھ معتدل ہے۔ حرف نحس اکبر ہے۔ بغض وعداوت میں کام دیتا ہے۔ خواص سریع الاثر ہیں۔ جب اس کی زکات دینا چاہیں تو جب چاند منزل بلدہ میں داخل ہو تو ادا کرے۔ چاند ہر ماہ منزل بلدہ میں داخل ہوتا ہے لہذا ایک منزل کا وقت اندازاً ۲۴ گھنٹے ہوتا ہے۔ برقی تقویم ۲۰۱۸ء میں دیکھو۔

زکات کے لئے اسے با موکل پڑھتے ہیں۔

اجب یاھمرائیل بحق یاشین

اس منزل کے اوقات کے اندر ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھ لیں گے تو اس حرف شین کی زکات اصغر ادا ہو جائے گی۔ اب عامل کو اختیار ہے کہ وہ جب چاہے حرف شین کے عملیات سے کام لے سکے گا۔ بخور بوقت زکات اور بوقت عمل جلانا چاہئے۔ اس کا بخور عود اور سنبل ہے۔

خواص اس کے یہ ہیں

جس وقت قمر منزل سعید پر ہو مشتری شرف میں ہو اور قمر تمام نحوست سے بری ہو تو حرف شین کے نقش کو قلعی کی لوح پر لکھے اور اپنے پاس رکھے تو تمام امراء ملوک اور حکام کے نزدیک قدر و منزلت پائے۔ حرف شین کی اس لوح سے فائدہ اٹھانے کے لئے عرصہ تک انتظار کرنا پڑتا ہے تو وقت ہاتھ آتا ہے۔

اگر دو شخصوں کے درمیان عداوت کرنا ہو تو برج عقرب پانچ درجہ طلوع ہو تو ان دونوں کے نام معہ والدہ لکھے اور ان کے ہمراہ تین شین کاغذ پر لکھے اور دریا میں ڈال دے تو دونوں میں عداوت قائم ہو جائے لکھتے وقت افیون کا بخور جلائے۔

اگر حاملہ کا حال معلوم کرنا ہو کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی تو شب جمعہ کو دو سو بار پڑھ کر حروف شین کو تین بار لکھے اور حاملہ کا نام معہ والدہ لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سوئے تو جنس مولود کا علم ہوگا۔

جب آفتاب برج حمل ہو تو اتوار کا دن ہو اس حرف کو تیرا بار لکھ کر عنبر کی خوشبو لگا کر سر پر باندھے تو خدا اس پر ہیبت نازل کرے جو دیکھے اس کی محبت و اطاعت کرے۔

جو شخص اس کے مرکب حرفی کو تکسیر کر کے جمعہ کی ساتویں ساعت میں ایسے تانبے پر کندہ کرے جس پر سونے کا ملمع ہو اور اپنے پاس رکھے تو جن وانس اس سے محبت کریں۔

اگر کسی شخص یا بہت سے شخصوں کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کر کے ہر ایک کے درمیان حرف ش تانبے کی تختی پر لکھے اور آگ کے قریب لے جائے تو وہ لوگ اس کے پاس آنے کو بیقرار ہو جائیں۔

جو شخص اس کے حروف ہجا کو تکسیر کر کے مثلث میں ریشم پر لکھے لوبان کا بخور جلائے اور اس کے گرد یہ آیت لکھے۔

اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰہِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ہ

اور اس کو سفید مرغ کی گردن میں باندھ کر اس مکان میں چھوڑ دے جہاں دفینہ کا گمان ہو یا جادو کے گڑے ہونے کا شک ہو تو وہ مرغ اس جگہ پر کھڑے ہو کر تین بار بانگ دے گا اور پنجوں سے کرید دے گا۔ حرف کی تکسیر یہ ہے۔

ش	ی	ن
ی	ن	ش
ن	ش	ی

اگر اس حرف کو اسمائے شبینہ مثل شکور شہید وغیرہ کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہیبت اور عزت اس کو نصیب ہو۔

دو شخصوں میں صلح کرانے کے لئے نیک ساعت میں کام کرنا چاہئے اور بغض کے لئے معکوس حرف لکھیں تو زیادہ مناسب ہوگا۔

جس وقت قمر برج قوس میں ہو اور منحوس ستارہ سے متصل نہ ہو تو نام مطلوب معہ والدہ کے ساتھ حرف شین ۲۳ مرتبہ لکھ کر کسی جگہ دفن کرے تو وہ مطیع و مہربان ہو۔

اگر ہرن کی جھلی پر یا سفید کاغذ پر تین شین، بارہ الف و چار (ھ) اور چار (ب) مشک و زعفران سے لکھ کر پاس رکھے تو مقبول خلائق ہو۔

اگر چاہے کہ معلوم کرے عورت کو حمل ہے یا نہیں تو بوقت خواب اس حرف کو معہ موکل بائیس بار پڑھے اور مطلب کہے تو خواب میں حال معلوم ہوگا۔

اگر کسی چیز پر پڑھ کر حاملہ عورت کو کھلائے تو وضع حمل میں آسانی ہو۔

اگر ۴۹ نان بنائے، اسی قدر ٹکڑوں پر حرف لکھے ہر کاغذ کو نان میں رکھ کر پکائے اور وہ نان ان لوگوں کو کھلائے جن کی زبان بندی کرنی ہو یا ان کو دوسروں کو بھی کھلا دے تو بھی زبان بندی ہو جائے گی۔ ایک کاغذ پر نام مخالف کا معہ والدہ لکھے۔

حرف شین کا دن سوموار ہے۔ ملائکہ میں ان کا تعلق میکائیل سے ہے۔ موکل علوی شدحائیل ہے۔ موکل سفلی ایوالنور ہے۔ عون اس کا مرۃ الابیض بن الحارث ہے۔ جب بھی عمل خیر یا شر کا مطلوب ہو ان سے کام لینا چاہئے۔ البتہ اعمال شر میں یہ حرف بہت شدید ہے۔

دعا

دعا کے معنی

نعت میں دعا کہتے ہیں بلانے کو اور اصطلاح قرآن میں خدائے پاک سے دینی و دنیاوی مقاصد مانگنے کو دعا کہتے ہیں۔

دعا کی حقیقت

انسان پر اپنے خالق حقیقی کی عظمت و بزرگی کے خیالات میں محو ہو جانے سے جو حالت طاری ہوتی ہے اس حالت و کیفیت خاص میں قرب خدا کی کوشش کرنا دعا کا مقصد و منشاء حقیقی ہونا چاہئے۔ دعا کی قبولیت کا وقت انسان پر لذاتِ محسوسات اور اپنی ہستی کے بھولنے کی حالت ہوتی ہے اس نقطہ نظر سے جس دعا میں جسمانی خواہشوں کے سامان مانگے جائیں وہ دعا نہیں۔ لیکن اسی دعا میں بھی خدا کے سوائے اوروں سے مثلاً بتوں اور دیوی دیوتاؤں اور جنوں اور انسانوں سے مستقل طور پر مانگنا شرک ہے اور دینوی دعا بھی ایک قسم کی عبادت ہے۔ اس لئے غیر سے مانگنا شرک ہے۔ ہاں اگر اولیاء اور صالحین وغیرہ ہم مقربان بارگاہ الٰہی سے اپنے لئے سفارش یا دعا کے خواستگار ہوں تو مضائقہ نہیں۔ غیر اللہ سے مستقبل طور پر دینے کے لئے دعا مانگنا ناجائز ہونے کے بارے میں خدائے پاک نے قرآن مجید میں فرمایا ہے۔ **ان الذین تدعون من دون اللّٰہ عبادا امثالکم** وہ لوگ جو جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ تمہاری طرح بندے ہیں۔ یعنی ان کو تمہاری مرادیں برلانے کی طاقت نہیں جس طرح تم عاجز وہ بھی عاجز ہیں۔

پھر دوسرے موقعہ پر ارشاد فرمایا ہے **امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف الخ** یعنی کیا خدا کے سوا کوئی اور بھی ہے جو کسی مصیبت زدہ کو جب کہ وہ اسے پکارے جواب دے اور اس مصیبت کو ٹالے۔ ''یعنی ایسی صفات والی ہستی بجز ذات الٰہی کے اور کوئی نہیں''۔

اس آیت پاک سے یہ بھی ثابت ہوا کہ مصیبت کے وقت اللہ سے دعا کی جائے تو وہ اسے ٹال دیتا ہے۔

خدا اپنے بندوں کی دعائیں قبول کرتا ہے

خدائے پاک نے اپنی کتاب قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے کہ میں اپنے بندوں کی دعائیں قبول کرتا ہوں۔ جیسا کہ فرمایا ہے۔

تم مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا۔ پھر دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے۔

ادعونی استجب لکم

یعنی ''جب پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا کو قبول کرتا ہوں''۔ بس میرے بندے کو چاہئے کہ مجھ سے طلبِ قبولیت کرلیں۔ یعنی وہ آقائے رحیم و کریم حسب ارشاد ضرور دعا قبول فرماتا ہے۔

اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ لاکھوں مسلمان پانچ وقت نماز کے بعد دعا کرتے ہیں مگر بظاہر تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ دعا قبول نہیں ہوئی۔ اگر قبول ہوتی تو مسلمانوں کی حالت اب تک درست ہوگئی ہوتی۔

اس کا جواب یہ ہے کہ جس طرح اور امور کے شرائط ہیں۔ اسی طرح دعا کی بھی شرطیں ہیں۔ اگر کوئی ان شرائط کو ملحوظ رکھ کر دعا کرے تو بے شک اس کی دعا قبول ہوگی۔ اگر شرائط نہ پائی جائیں تو دعا کا قبول ہونا بلاشبہ مشتبہ ہو جاتا ہے۔ انشاء اللہ ان شرائط و آداب کو گاہے گاہے بیان کیا جائے گا۔

دعا کن کی قبول ہوتی ہے

سورۃ النحل میں ارشاد ہے۔ **من عمل صالحا من ذکر او انثی و ھو مومن فلنحییہ حیاۃ طیبۃ ولنجزینھم اجرھم باحسن ما کانوا یعملون** (آیت ۹۷) ترجمہ:۔ اللہ پاک فرماتا ہے۔ تم میں خواہ مرد ہو یا عورت جو بھی عمل صالح کرے گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ایمان والا

عامل کامل حصہ اول

کتاب کیا ہے عملیات کا خزانہ ہے اور پُراسرار رازوں کا گنجینہ ہے۔ ہر عمل چلتا ہوا سحر اور کبھی نہ خطا ہونے والا جادو۔ مفصل حالات تو کتاب دیکھنے سے معلوم ہوں گے مختصراً یہ ہے کہ اس کتاب کے پانچ باب ہیں۔

باب اول: اصلاحاتِ جفر اور ان کے اعمال
باب دوم: نقوش اور ان کے عملیات
باب سوم: اعمال قدرت، اسماء موکلات اور دعوت حروف تہجی اور بعض سورتوں اور اسماء کی ریاضتوں کا طریقہ
باب پنجم: منتر جنتر - فوری کام کرنے والے اور تیز

ایسے بیش قیمت نکات جو سالہا کی محنت، خدمت اور بھاری اخراجات پر بھی حاصل نہیں ہو سکتے۔

اوراق پبلشرز - کراچی ۵

۲۱۸ سریع التاثیر اعمال معہ مکمل قواعد
ہدیہ: روپے علاوہ محصول ڈاک

ہو- (یعنی مسلمان) لیکن باعمل ہو تو ہم اس کی پاکیزہ زندگی کا اجر دیں گے اور جو وہ عمل کرے اس سے بہتر ثواب اسے دیں گے-

یعنی اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ مومن مرد یا عورت اپنی حیات پاک کا صلہ حاصل کرنے کے مستحق ہے- دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی- لہذا مومن جو بھی ہوگا اس کی دعا قبول ہوگی- کیونکہ وہ اللہ کے نزدیک اجر پانے والوں میں سے ہیں-

بدکاروں کی دعا قبول نہیں ہوتی

حضرت مالک بن دینارؒ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ بنی اسرائیل کے زمانہ میں سخت قحط پڑا- لوگ بارہا دعائے باراں کے لئے باہر گئے- ہر چند تضرع وزاری و عجز والحاح سے دعا مانگی مگر قبول نہ ہوئی- بالآخر اس وقت کے پیغمبر پر وحی ہوئی کہ ''تم ان لوگوں سے کہہ دو کہ وہ دعا کے واسطے ایسی حالت میں نکلے ہیں کہ ان کے بدن نجس اور پیٹ حرام سے بھرے ہوئے ہیں اور ہاتھ خونِ ناحق میں آلودہ ہیں ایسے نکلنے سے میرا غضب ان پر اور زیادہ ہوا- میرے سامنے سے دور ہو جائیں- غور کرو- ان گناہوں کے باوجود کسی منہ سے انسان توقع رکھ سکتا ہے کہ مجیب الدعوات اس کی دعا قبول فرمائے گا-

اس سے معلوم ہوا کہ انسان جب تک گناہوں سے پاک وصاف نہ ہو جائے اس کی دعا درجہ قبولیت تک نہیں پہنچتی- اسکی نسبت ایک دلچسپ واقعہ بھی سنیئے-

بنی اسرائیل کے ایک گنہگار کا عجیب واقعہ

حضرت کعب الاحبارؒ نے کہا ہے کہ ایک دفعہ بنی اسرائیل کے زمانہ میں نہایت شدت کے ساتھ قحط پڑا- حضرت موسیٰؑ اپنی تمام امت کو ساتھ لے کر دعائے نزول باران رحمت کے لئے شہر سے باہر نکلے- ہر چند دعا کی مگر مقرون باجابت نہ ہوئی- بالآخر وحی ہوئی کہ اے موسیٰ تمہاری امت میں ایک شخص چغل خور ہے- جب تک وہ تائب نہ ہوگا دعا قبول نہ ہوگی-

حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا بارالٰہی مجھے بتا وہ کون شخص ہے تا کہ اس کو اپنی جماعت سے خارج کردوں- ارشاد باری تعالیٰ ہوا کہ میں چغلخوری سے منع کرتا ہوں- خود کیونکر کروں- حضرت موسیٰؑ نے اپنی امت کو فرمایا کہ سب چغلخوری سے توبہ کریں-

غرض سب نے توبہ کی تو باران رحمت نازل ہوئی- اس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ دعا مانگنے سے پہلے گناہوں سے تائب ہونا اور انابت و رجوع بحق ضروری ہے- ہر سائل پر واجب و لازم ہے کہ گناہوں سے محترز رہے اور دل کو بالکل خدا کے حوالے کردے- کیونکہ اکثر دعاؤں کے رد ہونے کا سبب دل کی غفلت اور گناہوں کی ظلمت ہوتی ہے-

نئی کتابیں جلد شائع ہو رہی ہیں

قدیم علوم کا سائنٹیفیک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق واثرات
سعادت ونحوست کا حساب، حیرت وتجسس پر مبنی ناول

ناشون

تحریر: شازلی سعید مغل

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی عاملیت وکاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا کے تجربات ومشاہدات پُراسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ ''بنام'' ''ناشون'' ہیں

۴۵۰ صفحات

Postage Rs: 50

قیمت: ۵۰۰ روپے

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خرید فرمائیں

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کروائیں یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔
Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800

عبادات ماہ رجب المرجب

(۱) روایت ہے کہ جو شخص رجب کی پہلی اور پندرہویں کو اور آخر تاریخ میں غسل کرے- اپنے گناہوں سے ایسا خارج ہو کہ آج پیدا ہوا-

(۲) اس ماہ کی پانچ شب عبادت کے لئے افضل ہیں-ایک اول' ایک اوسط' تین آخر میں-

(۳) شب اول میں مغرب کی نماز کے بعد بیس رکعت پڑھنا' جس میں ایک ایک بار سورہ اخلاص ہو موجب فوائد ہر دو جہان کا ہے-

(۴) شب اول میں بعد نماز عشاء کے دو رکعت پڑھے- ہر رکعت میں سورہ الم نشرح اور سورہ اخلاص اور معوذتین ایک ایک بار پڑھے- سلام کے بعد ۳۳' ۳۳ بار کلمہ توحید اور درود شریف پڑھے تو جو دعا طلب کرے وہ مقبول ہو-

(۵) اس ماہ کی کسی رات کو دس رکعت نماز پڑھے- ہر رکعت میں ایک بار سورہ کافرون اور دس بار سورہ اخلاص پڑھے- سب گناہ اس کے بخشے جائیں اور جو دعا کرے مقبول ہو-

(۶) رجب کے ماہ میں ہر جمعہ میں ظہر اور عصر کی نماز کے درمیان چار رکعت ایک سلام سے پڑھے- ہر رکعت میں آیت الکرسی سات بار' سورہ اخلاص پانچ بار پڑھے اور سلام کے بعد پچیس بار لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور ایک سو بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَ سَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَعَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ط اور سو بار درود شریف کہے جو حاجت چاہے روا ہو- اگر حاجت نہ ہو تو ثواب حج اور عمرہ کا ملے گا-

(۷) اس ماہ میں تین روز اول اور تین روز آخر روزہ رکھے اور افطار کے وقت دو رکعت نماز پڑھے- اول میں آیت الکرسی اور سورہ اخلاص ایک ایک بار دوسری میں اذازلزلت الارض اور سورہ اخلاص اور سورہ ناس ایک ایک مرتبہ پڑھے تو ساٹھ برس کی عبادت کا ثواب ملے گا اور تا سال آئندہ فرشتے اس کی آمرزش کی دعا مانگتے رہیں گے-

(۸) اس مہینے میں تیس رکعت پڑھے- دس پہلے دن' دس پندرہویں دن' دس روز آخر میں اور ہر رکعت میں سورہ کافرون ایک بار اور سورہ اخلاص تین بار ہو تو حاجات دینی و دنیوی برائیں- تمام آفات سے محفوظ رہے-

(۹) اس ماہ میں ہر روز استغفار پڑھے تو بے شک مغفرت ہوگی-

(۱۰) حضرت خواجہ اویس قرنیؒ سے منقول ہے کہ اس ماہ کی ۳' ۴' ۵' ۱۴' ۱۵' ۱۶' ۲۳' ۲۴' ۲۵ کو روزہ رکھے- ہر روزے میں چاشت کے وقت غسل کرے اور فراغت نماز کسی سے بات نہ کرے اور بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھے- یعنی چار چار رکعت پڑھے- پہلی چار رکعت میں انا انزلناہ تین تین بار پڑھے بعد سلام ستر مرتبہ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ دوسری چار رکعت میں اذاجاء تین تین بار پڑھے اور بعد سلام ستر بار پڑھے-

اِنَّكَ قَوِيٌّ مُّعِيْنٌ وَّاحِدِيٌّ دَلِيْلٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُوَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اور تیسری چار رکعت میں سورۃ اخلاص تین تین بار پڑھے اور سلام کے بعد ستر مرتبہ الم نشرح پڑھے- پھر سینے پر ہاتھ رکھ کر حاجت اللہ سے طلب کرے- بہت جلد حاجت پوری ہو- اگر حاجت طلب نہ کرے تو بہشت میں ہزاروں نعمت ملے-

نماز لیلتہ الرغائب

ماہ رجب کی پہلی جمعرات اور جمعہ کے درمیان کی رات کو لیلتہ الرغائب کہتے ہیں- اس رات کو بعد نماز مغرب بارہ رکعت پڑھے- ہر رکعت میں انا انزلناہ تین بار اور اخلاص بارہ بار پڑھے بعد نماز اللھم صل علی محمد ن النبی الامی وعلی الہ ستر بار پڑھے- پھر سجدہ میں جا کر ستر مرتبہ سبوح قدوس ربناورب الملئکہ والروح پڑھے پھر سر اٹھائے اور رب اغفرو ارحم تجاوز عماتعلم فانك انت العلی العظیم پھر دوسرے سجدے میں جا کر دعائے مذکور ستر مرتبہ پڑھے اور سر اٹھا کر مندرجہ بالا درود ستر بار پڑھے اس کے بعد جو دعا کرے مقبول ہو گی- بلکہ عشاء تک دعا کا وقت ہوگا- اگر دعا زیادہ بھی ہوں تو بھی مقبول ہوں گی-

نماز شب استفتاح

یہ پندرھویں شب ماہ رجب کی ہوتی ہے- احادیث میں منقول ہے کہ اس شب کو بیس رکعت نماز پڑھے- ہر رکعت میں سورۃ اخلاص ایک بار ہو تو بے انتہا ثواب پائے-

نماز یوم استفتاح

۱۳' ۱۴' ۱۵ رجب کو روزہ رکھے اور

برنی روزانہ کوا کی گائیڈ
۲۰۱۸ میں سال کے
سارے عملیات کے
اوقات دیئے جاتے ہیں
اپنا آڈر لکھوائیں

پندرھویں کو بعد زوال آفتاب غسل کرے اور آٹھ رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص تین تین بار ہو تو ثواب بہت ملے- گناہوں کی مغفرت ہو-

نماز شب معراج

یہ رات ستائیسویں ہوتی ہے- اس شب کو بارہ رکعت نماز پڑھے اور بعد نماز سو سو بار کلمہ تمجید' درود اور استغفار پڑھے- پھر سجدے میں جا کر جو دعا کرے' قبول ہوگی اور اس کی صبح کو روزہ رکھے جس کی بڑی فضیلت آئی ہے-

اگر اس رات چھ رکعت پڑھے- ہر رکعت میں سورہ اخلاص سات سات بار ہو تو اللہ تعالیٰ حاجت برلائے اور ثواب تیس حج کا دے-

ان والدین کے لئے جو اپنی اولاد کی تربیت' تعلیم' معاش

بچے اور ستارے

اور صحت کے سلسلہ میں تعمیری امیدیں رکھتے ہیں اور ان کی دنیاوی کامیابی کو خاندان کی سعادت اور بقاء سمجھتے ہیں-

یہ کتاب بچوں کی تاریخ پیدائش سے چار امور کی رہنمائی کرے گی-

۱ : اس کی تربیت کیسے کریں-
۲ : اسے کون سی تعلیم دلائی جائے-
۳ : اس کے لئے ملازمت کا یا کاروبار کا کونسا شعبہ خوش بختی لائے گا-
۴ : اس کی صحت کیسے قائم رہ سکتی ہے-

علاوہ ازیں خاندان کے اہم ریکارڈ کے لئے ۳۲ صفحات میں-

(۱) تاریخ ہائے ولادت اولاد (۲) خاندان کے افراد کی تاریخ پیدائش (۳) شادیوں کا ریکارڈ (۴) خاندان کے افراد (۵) اموات کا ریکارڈ

۱۵۰ صفحات ❁ خوبصورت جلد ❁ قیمت =/۲۸۰ روپے' علاوہ محصول ڈاک-

ہر گھر بلکہ ہر فرد کے لئے اس کتاب کی ضرورت ہو گی-

اوراق پبلشرز کراچی

فضائل سورہ

سورت لقمان

رزق کی فراخی کے لئے سات دفعہ روز رات کو عشاء کی نماز کے بعد اس آیت کا ہمیشہ پڑھنا نہایت مجرب ہے- **اللہ مافی السموات والارض ط ان اللہ ھو الغنی الحمید** (آیت نمبر ۲۶)

مرگی والے کے لئے اس آیت مبارک کو لکھ کر پلانا یا بطور تعویذ گلے میں ڈالنا بہت مفید ہے آیت یہ ہے- **ماخلقکم ولا بعثکم الا کنفس واحدۃ ط ان اللہ سمیع بصیر ط** (آیت نمبر ۲۸)

سورت سجدہ

جس عورت کے حمل قرار نہ پاتا ہو اسے اکتالیس روز تک مشک و زعفران سے چینی کی تشتریوں پر لکھ کر ایک تشتری صبح و شام بلاناغہ پلانا نہایت مفید اور مجرب ہے آیتیں یہ ہیں- **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ ذلک عالم الغیب والشھادۃ ہ قلیلاً ماتشکرون ہ** (آیت نمبر ۶ سے ۹ تک)

اگر کسی بدمعاش نے کسی نیک شخص پر مقدمہ لگایا ہو یا کسی جھوٹے نے کسی سچے کو گرفتار کرایا ہو تو اس مقدمہ کے درمیان اس آیت مبارک کا سات کوری ٹھیکریوں پر لکھ کر پرانے کنویں میں ڈالنا جس میں پانی موجود ہو نہایت مفید ہے- آیت یہ ہے- **ومن اظلم ممن ذکر بایات ربہ ثم اعراض عنھا ط انا من المجرمین منتقمون ہ** (آیت نمبر ۲۲) سات دن تک برابر اس عمل کو کیا جائے- انشاء اللہ تعالیٰ جلد مصیبت رفع ہوگی ظالم برباد ہوگا!

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف

علاؤں کی حکومت

حصہ اول

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں- ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد' نام کے عدد اور دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے- یہ نمبر اس کی قسمت' قوت عمل' کام' کاروبار اور تمام دنیاوی کاموں میں کیسے دخل انداز ہوتے ہیں؟ کیسے مدد کرتے ہیں؟ ان کو مفصل طریقے سے بیان کیا گیا ہے- استخراج آسان ہیں- حکم لگانا آسان ہے اور تجربہ کرنا آسان ہے- اس میں سات باب ہیں-

پہلا باب	اعداد اور کواکب
دوسرا باب	عدد ذات
تیسرا باب	اعداد کے تعلقات
چوتھا باب	آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر
پانچواں باب	اعداد سے جواب برآمد کرنا
چھٹا باب	مستقبل کے حالات معلوم کرنا
ساتواں باب	اعداد کے اسرار

موافق رنگ' موافق ادویات' موافق جگہ' موافق نمبر' موافق لوگ معلوم کرنا' ملکی نتائج' مقاموں کے نتائج' مقابلہ کے نتائج' قیمتوں کے نتائج' شیئرز کے نتائج' ریس کے نتائج وغیرہ معلوم کرنا-

ستر عنوانات میں ایسی کارآمد معلومات دی گئی ہیں- جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہیں- کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے-

قیمت =/۴۵۰ روپے

علاوہ محصول ڈاک =/۶۵ روپے علاوہ

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

تحویل آفتاب الممتاب

خالق کائنات نے جس وقت نظام دنیا کا چکر پیدا کیا اور جس نقطہ سے اس دور کی ابتداء ہوئی تو جب بھی سال بھر میں وہ دور آتا ہے تو اسے تحویل آفتاب کہتے ہیں اس وقت دن رات برابر ہو جاتے ہیں- تمام اہل علم سال بھر کا حساب اس ساعت سے تیار کرتے ہیں- شیعہ اور جفار ساعت کی سعادت اور تاثیر سے فائدہ اٹھانے کے لئے لوحیں' نقوش تیار کرتے ہیں- اور تحویل کے وقت ہر متحرک چیز ساکن ہو جاتی ہے- لیکن یہ وقفہ اس قدر قلیل ہوتا ہے- جس کا ادراک وشعور ممکن نہیں' تو مشکل ضرور ہے- اس وقت کو پانے کے لئے لوگ مختلف طریقے اختیار کرتے ہیں- استجابت دعا کے لئے یہ وقت تیر بہدف ہے- میں ہر سال تحویل آفتاب کی خوبیاں اور اثرات بیان کرتا ہوں اس کے متعلق عملیات بھی لکھتا ہوں باوجود اس شدومد کے بعض اصحاب یا اکثر اصحاب محروم رہتے ہیں-

ایک عمل تحریر کرتا ہوں- تحویل کا وقت اس سال ۲۰ مارچ کو دوپہر ۹ بجکر ۱۴ منٹ کو ہو گا- اجازت بذریعہ تحریر لیں-

اس وقت سے پہلے غسل کریں لباس سفید و پاکیزہ پہنیں لباس میں کوئی کپڑا سرخ رنگ کا بھی ہو خواہ رومال ہی کیوں نہ ہو- یا جائے نماز ہو' صندل' لوبان' اگر بخور وغیرہ میں جو میسر ہو- اس کی دھونی وقت عمل جلائیں- قبل از عمل دو رکعت نماز نفل ادا کریں- لیکن نفل ایک گھنٹہ قبل ادا کر کے تیاری میں رہیں جگہ تنہا ہو- عمل کرتے وقت کوئی پاس نہ ہو- زعفران سے لکڑی کے قلم سے جو نیا ہو' کاغذ بھی نیا ہو' لے کر اس نقش مربع کو وقت مقررہ پر پر کریں- مربع پر کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ اپنے اور اپنی ماں کے نام کے اعداد حساب ابجد نکال کر اس میں ۳۸۷ کا اضافہ کریں اس مجموعہ میں ۳۰ عدد کو تفریق کر کے بقایا کو ۴ پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو چال کے نقش کے خانہ اول میں رکھ کر حسب قاعدہ نقش پر کریں- چاروں طرف سے میزان پورا ہو گا- تو نقش درست پر ہو گا اگر تقسیم کرنے سے باقی کچھ بچ جائے تو ایک کے لئے خانہ ۱۳ میں ۲ کے لئے خانہ ۹ میں ۳ کے لئے خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کرنا ہو گا- مربع پر کرنے کی واضح ترکیب اکثر لکھ چکا ہوں- بہر حال خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر چال کے مطابق آگے آگے عدد لکھتے جائیں-

چال آتشی مربع کی یہ ہے-

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش کے نیچے یہ عبارت لکھیں-

یَا اللّٰہُ اَجِبْ دَعْوَتِی بِحَقِّ کَلَائِیلُ

بعد میں مختصر مطلب لکھ دیں-

اب نقش تیار ہے اس کو سامنے جائے نماز پر رکھیں اور خوشبو کو کوئلوں پر ڈالتے رہیں اس عمل کو ۳۸۷ (تین سو ستاسی) مرتبہ پڑھیں-

یَااللّٰہُ بِحَقِّ اللّٰہُ الصَّمَدُ یااللّٰہُ بِحَقِّ کَلَائِیلُ اَجِبْ دَعْوَتِی

اپنے مقصد کا دل میں خیال رکھیں اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی ہو آخر عمل میں اپنے مقصد کی دعا مانگیں یہیں اب عمل ختم ہوا- اس نقش کو اپنے گلے میں ڈال لیں اور روزانہ کسی ایک وقت مقررہ پر ۳۸۷ مرتبہ عمل پڑھتے رہیں (اس کا صدقہ ایک ہزار روپے دیں) چند ہی دنوں میں خدا کی قدرت اور عملیات کی عظمت کا تماشا نظر آئے گا اور مقصد خواہ کتنا ہی مشکل کیوں نہ ہو اس کی تکمیل کے اسباب پیدا ہونگے- یہ واضح ہو جائے گا کہ کس طرح غیب سے آپ کو امداد ہوتی ہے اور کس طرح کامیابی ہوتی ہے-

تحویل کے صحیح وقت کے دیئے گئے وقفے کا خیال رکھیں تحویل کے عین وقت پر جو کلمہ یا عدد قلم سے نکل گیا ان ہی حروفوں سے کوئی حروف بھی نقطۂ اعتدال سے ٹکرا گیا وہی اسم اعظم ہو جائے گا- اس لئے وقت مقررہ سے قبل عمل شروع کریں اور بعد میں ختم کریں تاکہ یہ وقت درمیان عمل کے آئے کیوں کہ صحیح وقت کا پانا مشکل ہے حکمت سے کام لیں گے تو کام ہو جائے گا- وقت موہوم کا وقفہ خالی نہ جانے پائے یہی آپکی کامیابی کا راز ہے میں بھی یہی کرتا ہوں-

سبحانك لاعلم لنا الا ما علمتنا انك انت العليم الحكيم (سورہ بقرہ آیت نمبر ۳۴)

یہ وقت نہایت سریع التاثیر اور سعد ہوتا ہے- ہر قوم کے سن کا روز اول نو روز کہلاتا ہے- یونان و ایران میں تحویل کے اس نوروز کو خوب منایا جاتا ہے- شیعہ حضرات کے نزدیک بھی یہ نہایت متبرک دن ہے- محض اس لئے نہیں کہ تحویل ہوتا ہے- بلکہ ان کے عقائد کے مطابق اس روز سعید میں امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے خلافت ظاہری کو اختیار کیا اور اس روز ان کی مخصوص دعائیں اور عبادات بھی ہیں- اہم امور کا ذکر کیا جاتا ہے-

نفل نوروز

غسل کر کے نئے کپڑے پہن کر بعد از نماز ظہر چار رکعت نماز پڑھیں پہلی دو رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ سورہ قریش دس بار' دوسری میں سورہ قدر دس بار' تیسری میں دس بار قل ھو اللہ احد چوتھی میں دس بار معوذتین پڑھیں بعد فراغت کے ۳۶۶ بار یہ دعا پڑھیں-

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہٖ سُنَتَہٗ جَدِیْدَۃٌ وَاَنْتَ مَلِکٌ قَدِیْمٌ اَسْئَالُکَ خَیْرَ ھَا وَخَیْرَ وَخَیْرَ مَافِیْھَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ

شَرِّهَا وَشَرِّمَا فِيهَا وَاسْتَلْفِيكَ مُؤْنَتَهَا وَشَغْلِهَا يَاذوا الجَلا ل وَا لاكرام

دعا نوروز

یہ نماز تو ۲۱ مارچ کو پڑھنا ہوگی- ۲۱ مارچ کو عین طلوع آفتاب کے وقت یہ دعا ۳۶۶ بار کھڑے ہوکر سورج کی طرف منہ کرکے پڑھیں-

مَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَلِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰى اَحْسَنِ الْحَالِ يَاعَزِيْزُ يَاغَنِيُّ ط

(یعنی اے بدلنے والے سال اور احوال کے تو ہمارے حال کو بہترین حال سے بدل دے تو غالب ہے اور غنی ہے)

آب شفا

عین تحویل کے وقت سے شروع کر کے سات سلاموں کو سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے محفوظ کرلیا جائے تو یہ پانی مصیبت زدہ اور بیمار کو ایک چمچ پلانے سے شفا حاصل ہوگی اور تکلیفوں سے راحت حاصل ہوگی- سات سلام یہ ہیں-

(۱) سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَبٍّ رَّحِيْم
(۲) سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعَالَمِيْن
(۳) سَلَامٌ عَلٰى اِبْرَاهِيْم
(۴) سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وهٰرُوْن
(۵) سَلَامٌ عَلٰى اِلْيَاسِيْن
(۶) سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُم فَادْ خُلُوْهَا خَالِدِيْنَ
(۷) سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجر

لوح نورانی اسداللہ الغالب

وہ لوگ جو حروف نورانی کے عامل ہیں ان سے اس لوح کو تیار کرائیں یہ لوح اور اس کا نقشہ صرف میرے پاس ہے اور کہیں سے دستیاب نہ ہوگا نہ کوئی اس کا عامل ہے چونکہ اس روز حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کو ظاہری خلافت ملی اس لئے اس روز تحویل کے ہی وقت شروع کر کے یہ لوح سعادت تیار کی جاسکتی ہے یہ مرکبات مقطعات نورانی سے مرتب کی گئی ہے اس پر جتنا بھی غور کریں گے اس کے حقائق کو گہرا پائیں گے اس لوح کی تیاری کے وقت مدد روح پر فتوح جناب امیر المومنینؑ سے طلب کریں- چاندی کی تختی پر یا سونے کی تختی پر تیار کریں تیاری کے بعد سینہ پر اسے پہنیں اور تبرک و فاتحہ حسب توفیق دلائیں' عورتوں کو اس کا لاکٹ بنا کر دیں ساری زندگی کامرانی اور عزو وقار ملے گا- مرد اسے اپنی جیب میں رکھیں یا بازو پر باندھیں تو دنیاوی اور دینی کامیابیوں کی یہ ضامن ہو گی سخت اور جان لیوا امراض میں آزمائیں' غربت و ناداری میں مرز جان بنائیں- ناکامیوں اور نامرادیوں میں اس کا واسطہ لیں تو اپنے کاموں کو حیرت انگیز طور پر بنتا دیکھیں گے- زندگی بہتر اور خوش نصیبی سے گزرے گی- اس لوح کے وتر میں اسم مبارک قاسم ہے- ہر چال میں تین کا اضافہ ہے- نقش ذوالکتابت ہے کل نقش کا میزان ۳۳۰ ہے جو اسم علی کا تین گنا ہے ۳۳ عدد حسن انفعال کے بھی ہیں اور میں اسے لوح حسن انفعال ہی کہتا ہوں اس لئے کہ یہ امورات دنیاوی میں اس کا فعل نہایت احسن ہوتا ہے یہ میرا تحفہ ہے اس کو تیار کرائیں-

لوح حسن انفعال

الامام	محمود	طس ن
حم حکم	علی	ص طہ
امین	طسم احد	بن ابی طالب

رفتار نقش

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

طلسم جفر

سات مثقال وزن چاندی کی ایک مربع تختی بنوائیں ایک مثقال ۳ ماشہ ۶ رتی کا ہوتا ہے- عین تحویل کے وقت اس پر ذیل کا طلسم کندہ کریں- ریشم کی ڈوری اس میں ڈال لیں ہر حروف کے نیچے اس کے عدد بھی لکھیں پھر اس کے نیچے علیحدہ حروف بھی لکھیں-

یا مفشیشلیح

۱۰ ۱ ۴۰ ۸۰ ۳۰۰ ۱۰ ۳۰۰ ۳۰ ۱۰ ۸
ی ا م ف ش ی ش ل ی ح

اس تختی کے اثر سے عجیب وغریب برکت دیکھیں گے اب جب بھی کوئی کام ہو اس ڈوری سے تختی کو اپنے داہنے بازو پر باندھیں اور نام زبان سے پکار کر کام کہیں- اس کام کے لئے جس کے پاس جانا ہو جائیں کسی بھی غیبی مدد سے وہ سرانجام ہو جایا کرے گا اس کے نتائج حیرت انگیز ہوں گے جن کو بیان کرنا مشکل ہے- البتہ تجربہ ہی بہتر اظہار کرے گا- اس طلسم کو بعینہ نقل کریں-

صاحب ضرورت تحریری طور پر اجازت لے کر اسے تیار کریں اور فیض حاصل کریں چاندی کی تختی پر کسی نوکدار چیز سے باآسانی لکھا جاسکتا ہے-

برقی فیتہ

یہ فیتہ صرف بچوں کے لئے ہے- اس کو گلے میں ڈالنے سے بچوں کے دانت بغیر کسی مشکل اور تکلیف کے نکلتے ہیں- دانت نکلنے سے بچوں کو جو تکلیفیں ہوجاتیہیں- مثلاً دست آنا' آنکھیں دکھنا' درد' بخار طبیعت کا چڑچڑا پن وغیرہ ان سب سے بچہ محفوظ رہتا ہے- اگر اس برقی فیتہ کو ایسے درخت پر باندھ دیں جس پر کیڑے پیدا ہو کر اسے تباہ کرر ہے ہوں- تو کیڑے دور ہوجائیں گے-

ہدیہ ۱۰ روپے محصولڈاک ۵۰ روپے

سبی

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے

ممتاز اسٹیشنری مارٹ- مسجد روڈ

شرف شمس

جاہ و منصب اور عزت و توقیر کے حصول کے لئے

آفتاب دورہ فلک طے کرتا ہوا جب برج حمل کے ۹ درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کا درجہ حاصل ہوتا ہے تو فلکی اثرات کے لحاظ سے یہ ایک پر تاثیر اور بلند ترین مقام ہوتا ہے جس کی تاثیر مخصوص الفاظ و اسماء کے ذریعہ مخصوص شکل میں اہل جفر منتقل کر دیتے ہیں وہ شکل جو اسی شرف کے وقت ابھرے گی جس کے پاس ہوگی اس کو سرفرازی دے گی اور بلند مرتبہ پر پہنچنے کے لئے اسباب تیار کرے گی اس کارگر عالم اسباب میں قدرت کا ایک سبب ہوگی اس کے فوائد یہ ہیں۔

(۱) اگر کوئی شخص کسی عہدہ پر قائم ہے مگر مسلسل کئی سالوں سے اس کو ترقی نہیں ملی تو ترقی پائے گا۔

(۲) ملازمت میں کسی کو جائز مقام نہیں ملا تو وہاں ترقی پائیگا۔

(۳) اگر حصول ملازمت میں یا افسران اس کی طرف توجہ نہیں دیتے تو وہ ملازمت میں حاصل کرنے میں کامیاب ہوگا

(۴) اگر کسی جگہ اس کا حق مارا گیا ہے تو وہ اپنے حق کو حاصل کرے گا

(۵) اگر کوئی حقیر اور بے اعتبار شخص ہے کہ نہ معاشرہ میں کوئی مقام ہے اور نہ دوستوں اور اعزاء میں عزت ہے تو وہ مکرم ہو جائیگا

(۶) اگر کوئی اکابر زمانے میں سے ہے اور حکومت میں اسے کوئی مقام نہیں تو وہ مقام عزت اور مرتبہ حاصل کرے گا۔ تمام بزرگ و اشراف اور اعیان زماں اس کے مطیع و فرمانبردار ہوں گے اس کے حکم سے تجاوز نہ کریں گے اور سختی، تندہی اور متکبرانہ انداز میں اس سے پیش نہ آئیں گے

(۷) طلب و جاہ حشمت کے طالبوں کو نصیب کی یاوری ہوگی۔

(۸) اگر کوئی چاہے کہ جس مرتبہ پر ہے وہ تبدیل نہ ہو یا عظمت و جلال اس کا قائم رہے تو وہ بھی آرزو پوری ہوگی۔ غرض یہ ہے کہ شمس تمام کواکب میں شہنشاہ کا مرتبہ رکھتا ہے اور تمام کواکب اس کے گرد گردش کرتے رہتے ہیں پس اسی قسم کی روحانیت حسب مراتب ہر شخص کو ملے گی جس کے پاس اس شمس کے شرف کا طلسم یا لوح ہوگی۔ یہ لوح ایک نعمت غیر مترقبہ ہے موجودہ مخدوش بے رحم بے عزت اور اندیشہ زبان مال و دولت کے دور میں ہر شخص کے پاس ہونی چاہئے اللہ چاہے گا تو وہ نہ صرف مامون و محفوظ رہے گا بلکہ مراتب و درجات ترقی حاصل کرے گا۔ عزت پائے گا۔

اس سال یہ وقت ۸ اپریل کو ۲ بجکر ۱۰ منٹ قبل سحر سے ۹ اپریل ۲ بجکر ۴۰ منٹ قبل سحر تک رہے گا۔ اس دوران دو ساعت ملے گی جو بروز ہفتا توار ۸ اپریل کو صبح ۶ بجکر ۱۷ منٹ پر ہوگی اور دوسری دوپہر ایک بجکر ۳۶ منٹ پر ہوگی۔ اس میں آپ کو کام کرنا ہوگا۔ سامان پہلے سے تیار رکھیں وقت مقررہ پر علیحدہ کمرے میں صاف پاکیزہ سرخ کپڑا بچھا کر اوپر بیٹھیں۔ اجازت تحریری لیں۔

زعفران، صندل سرخ اور عود کا بخور جلائیں اپنے کپڑوں پر عطر گلاب لگائیں جب ساعت شروع ہو تو لوح ہو تو کندہ کرلیں کاغذ ہو تو اس پر زعفران سے لکھ لیں۔

صاحب حیثیت لوگ سونے کی بنائیں شمس کی دھات سونا آج کل بہت مہنگا ہے۔ چاندی کی بنوائیں اور اس پر سونے کا ملمع کروائیں اگر کوئی شخص چاندی کی تختی بھی نہ بنوا سکے تو سنہرا کاغذ لیں اس کی پشت پر زعفران سے لکھ لیں کاغذ اور دھات کی لوح میں تاثیرات تو یکساں ہونگی مگر فرق صرف یہ ہوتا ہے کہ دھات سریع الاثر ہوتی ہے کاغذ کی لوح آہستہ آہستہ کام کرتی ہیں۔ البتہ کندہ کروانے والے کو چاہئے کہ خود ہی باوضو تیز نوکدار چیز سے دبا کر لکھ لیں اگر کسی کندہ کرنے والے کے پاس جائیں تو وہ باوضو ہو اور وقت مقررہ کا خیال رکھے۔

میں گزشتہ کئی برسوں سے ایک اسم کام میں لاتا ہوں یاالہ الالهة الرفيع جلاله یہ اسمائے اربعین میں سے دوسرا اسم ہے اس سے مراتب حاصل ہوتے ہیں اور میرے برسوں کے تجربات سے ہے اس کے عدد ۹۷۴ ہیں اور اس کا مربع ذوالکتابت میں نے خود ترتیب دیا ہے اور اسی سے ہر سال کام لیتا ہوں۔ اسے بھی سمجھا دوں۔ شمس آتشی ہے اس لئے اس مربع کی رفتار بھی آتشی ہوگی رفتار نقش کی دی جاتی ہے اس کے مطابق نقش کو پر کرنا ہوگا نقش نمبر ا میں جو ذیلی خانوں میں اعداد تھے ان اعداد کے مطابق اسماء لے کر نقش نمبر ۲ کو ترتیب دیا ہے یعنی بجائے اعداد کے اسم الٰہی لکھے جائیں گے اب یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے کہ آپ نقش نمبر ا تیار کریں یا نمبر ۲ تیار کریں دونوں کی تاثیرات ایک ہی ہوں گی۔

رفتار

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

(۱) نقش ذوالکتابت

۴۶۶	۴۸	۶۸	۳۹۲
۴۹	۴۶۹	۳۸۹	۶۷
۳۹۰	۶۶	۵۰	۴۶۸

(۲) نقش ذوالکتاب معہ اسم الٰہی

یاالہ	الالھۃ	الرفیع	جلالہ
طالب نصیر	حکم	ماجد	شاہد قیوم
محیط	نادر صمد	رحیم صانع	ابد طالب
قدیر قدیم	اول احد	اللہ	رفیق

البتہ اسمائے الٰہی اعتبار سے لکھے گئے ہیں اور کوئی فرق نہیں۔

نقش کے اضلاع قولہ الحق ولہ الملک سے تیار کریں اوپر لوح کے ۷۸۶ اور اسم موکل یاجلظیل لکھیں دائیں طرف طلسم شمس

بائیں طرف اسمائے شمس ابرثا صبرثا صار ثاصورثا لکھیں نیچے وکفی باللہ شھیدا محمد رسول اللہ اور لوح کی پشت پر لکھیں۔ اللھم سخرت جمیع خلقلک کما سخرت سلیمان علیہ السلام وہ لوگ جو سنہرے کاغذ پر لکھیں گے پشت نقش پر سنہری جانب لکھ نہ سکیں گے اس لئے وہ نقش کے نیچے ہی یہ دعا لکھ دیں۔

جب یہ لوح تیار ہوجائے تو سرخ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر کسی محفوظ جگہ رکھ چھوڑیں اور آنے والے اتوار کا انتظار کریں اس اتوار کی صبح کو کسی ایسی جگہ چلے جائیں جہاں سے طلوع شمس کا نظارہ ہو سکے جب تک قرص آفتاب نظر نہ آئے سورہ شمس پارہ (۳۰) کو پڑھتے رہیں جب قرص نظر آجائے تلاوت بند کریں اور دعا کریں اے الہ العالمین اس سورج کی طرح مجھے بھی بلندی سے عظمت و شہرت دے اور اپنے اس اسم اعظم کی برکت سے جس کی لوح میرے پاس ہے خلقت میں عزت و توقیر دے دولت دے مجھے منبع فیض رسانی بنا۔

اس کے بعد گھر آکر ریشمی سرخ کپڑے میں سی لیں پھر موم جامہ کریں تعویذ بند کرالیں اور سرخ دھاگہ ڈال کر گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھیں یا جیب میں رکھیں انشاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں اثرات ملاحظہ میں آئیں گے۔

آپ نے کام مکمل کر لیئے اور نعمت قبضہ میں کرلی خدا کا شکر ادا کریں کہ اس نے موقع حاصل کرنے کی توفیق دی اور شیطان کی عذرداری سے محفوظ رکھا۔

چند عرصے صبر کریں اور لوح کو خود ہی کام کرنے دیں اگر کوئی ایسا شخص ہے کہ صبر کرنے سے کوئی موقعہ ہاتھ سے نکل جائے گا تو اس کو چاہئے کہ اس اسم کو ہر روز فجر کی نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھا کرے اور اگر ہر روز پندرہ ہزار بار پڑھ کر چالیس دن پورے کرے تو تمام خلقت مطیع ہو اور حاجت غنی ہو اگر کوئی شخص اس اسم کی دعوت دینا چاہے تو نصاب اس کا ایک ہزار اسی بار زکات چار ہزار پانسو بار عشر بیس ہزار دوسو پچاس بار بذل سات ہزار بار ختم ایک ہزار دوسو بار ہے دعوت صغیر میں قفل دور مدور موافق تعداد بذل اور ختم کے ہے دوران دعوت بخور جلائے۔ خوشبو کا استعمال رکھے انشاء اللہ نفوس قدسیہ سے موانست پیدا ہوگی۔ درجات و مقامات عالم حقیقی اور معارف یقینی حاصل ہوں اور تمام جہان کی سیر کرائیں دوران عمل فضولیات سے پرہیز کرے اور ہر شغل میں متوجہ نہ ہو۔ تاکہ حضوری دعوت سے باخبر رہے اور اوقات میں فرق نہ آنے دے نہ کسی سے دعوت کا بیان کرے بہرحال یہ منزلیں تو وہ طے کرتے ہیں جن کو اللہ نے توفیق ریاضت دی ہو ہر شخص کے بس کا کام نہیں۔

بعض مصروف احباب لوح و نقش کی تیاری کے لئے دفتر کو لکھ دیتے ہیں ان کے لئے لازم ہے کہ وہ کم از کم ۱۵ دن قبل از وقت اطلاع دیں اور ہدیہ روانہ کریں۔

وما توفیقی اللہ باللہ

دورحاضر کی حیرت انگیز کتاب

الساعات

(حصہ اول)

وقت دیکھ کر حالات معلوم کرنا

دن اور رات کے گزرنے والے لمحات میں جب ضرورت پڑے آپ اپنی گھڑی دیکھیں۔ وقت نوٹ کریں اور اسی تاریخ میں اس ساعت کو کتاب میں تلاش کریں یہ ساعت آپ کے مقصد کا جواب دے گی۔ الساعات ہونے والے نقصانات اور منافع سے ہر دم آگاہ کرے گی۔ وقت کا یہ حساب ایک باقسمت اور کامیاب زندگی گزارنے میں مدد دے گا۔

مختصر فہرست مضامین

وقت اور کام کا تعلق — سیارگاں کے احکامات واثرات
سیاروں کے اثرات — واقعات کیسے بدل سکتے ہیں
دنوں کے ناموں کا تعین — اعداد و علم الساعات
دنوں کی ترتیب — ریس کے قوانین
ستاروں کی روزانہ تقسیم — صحت کے خطرات
ساعتوں کی منسوبات — ضمیر کا حال معلوم کرنا
یہ شخص کیا کام کرتا ہے — نومولود کے حالات
کون سا کاروبار مفید ہے — حاملہ کیا جنے گی
روپیہ آئے گا یا نہ — صدقات
شرکت کیسی رہے گی — اسم حاجت
سفر کیسا رہے گا — ساعت کے ۵۲ نقشے
محبت و دوستی کا انجام — مقامی وقت کیا ہے
مددگار اور مفید لوگ — یہ کام ہوگا یا نہ ہوگا
کاروبار کیلئے مفید وقت — جدول عملیات دن رات
کامیابی کیلئے صحیح لائحہ عمل — فہرست تفاوت وقت

کاغذ' طباعت' کتابت' دیدہ زیب

قیمت =\۴۵۰ روپے علاوہ محصول ڈاک

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

تدبیر کا جال

تقدیر ایک عربی لفظ ہے جس کا مادہ ہے قدر اور معنی ہیں- ایک معین اندازہ!

مثلاً ایک خشخاش کا دانہ لیجئے- ایک بڑ کے درخت کا بیج لیجئے ان دونوں میں خالق نے بڑھنے پھیلنے پھولنے کا ایک معین اندازہ رکھا ہے- اگرچہ بظاہر دونوں بیج ایک ہی قد و قامت کے ہیں- مگر جب ان کو بویا جائے گا تو خشخاش کا پودا کبھی اپنی قدر معین سے اونچا نہ جائے گا- خواہ آپ دنیا بھر کی بہترین کھاد اس کے لئے استعمال کریں- پانی کے بجائے دودھ سینچیں- برعکس اس کے بڑ کا پودا اس قدر قد و قامت اختیار کرلے گا کہ ہزارہا خشخاش کے پودے اس کے پھیلاؤ میں رکھے جاسکتے ہیں-

خشخاش کے دانہ کا مقدر وہ اندازہ معین ہے جو اس کے اندر پتے، پھل، پھول اور قد پوشیدہ ہے- بڑ کے درخت کے بیج کا مقدر وہ اندازۂ معین ہے جو اس کے اندر ایک تناور درخت رکھتا ہے- اس کے پتے بڑے اور قد عظیم ہوتا ہے-

ایک دوسری مثال لیں- ایک دیئے میں ایک چھٹانک تیل ڈال کر جلائیں فرض کریں یہ دیا ایک گھنٹے تک جل سکتا ہے- یہ ہوگیا ایک معین اندازہ! اس کے بعد تیل ختم ہوجائے گا- بتی بجھ جائے گی اگرچہ دیا اور بتی اب بھی موجود ہے- مگر روشنی مفقود ہے- کیوں؟

اس لئے کہ وہ تیل جو دیئے میں جل رہا تھا- ایک معین اور مقررہ اندازہ کا تھا- یہ ہوتی ہے- تقدیر مبرم (یعنی نہ ٹلنے والا اندازہ) یعنی تیل جس اندازہ کا تھا وہ جل گیا- اب اس کا جلنا محال ہے- خواہ دیا اور بتی موجود ہی کیوں نہ ہو-

مگر یہی ایک منٹ جلانے کے بعد اگر تیز ہوا میں رکھیں گے تو فوراً بجھ جائے گا اور روشنی ختم ہوجائے گی دیا ایک گھنٹہ سے قبل بجھ جائے گا- اگرچہ دیا بتی اور تیل موجود ہے مگر جل نہیں رہا- اسے کہتے ہیں تقدیر معلق- یعنی وہ اندازہ جس کا انحصار کسی دوسری چیز پر ہے-

لہٰذا کائنات کی ہر شے میں قدرت کے دو اندازے کام کر رہے ہیں ایک وہ اندازہ کہ جب وہ ختم ہوجاتا ہے تو اس کا پیدا کرنا مخلوق کے بس کا کام نہیں- دوسرا اندازہ وہ کہ اندازہ تو ختم نہیں ہوا مگر بعض حادثات سے دو چار ہو کر اپنی قدر معین کو پورا نہ کرسکا- اب اگر دیا دوبارہ جلا دیا جائے اور اسے ہوا سے بچا کر رکھا جائے تو ضرور ایک گھنٹے تک جلے گا- اسے دوبارہ جلانے کو تدبیر کہتے ہیں اور جس حادثہ نے اسے ختم کیا اسے تقدیر معلق کہتے ہیں-

اسے یوں سمجھیں کہ کائنات کی ہر شے اپنی تقدیر یا قدر معین تک ضرور بڑھے پھولے گی اور جب وہ قدر ختم ہوجائے گی تو وہ چیز ختم ہوجائے گی- مگر اس قدرتی مادہ کے ختم ہونے سے پہلے کوئی خارجی حادثہ اسے ختم کردے تو یہ تقدیر معلق ہے- یعنی ابھی اس کے اختتام کا وقت نہیں آیا تھا کہ ختم ہوگیا-

اس تقدیر معلوق میں تدبیر کام کرتی ہے اور خوب کام کرتی ہے- مثلاً تیل ختم ہوگیا تو اور ڈال دیں روشن کردیں- پھر جلے گا اس لحاظ سے تدبیر کا علم ہونا چاہئے-

اسی طرح ہر شخص جو مشکلات، مصائب، مخالفتیں وارد ہوتی ہے ان کی صحیح تدبیر کرنا ہی ان پر قابو پانا ہے- کیونکہ مشکلات و مصائب تو اس دنیا کی ہوائے مخالف ہیں- اگر تدبیر درست ہوگی تو لازمی وہ مصیبت ختم ہوجائے گی-

مرض کی صحیح تدبیر قدرت نے جڑی بوٹیوں میں رکھی ہے اسی طرح مصائب و مشکلات کی صحیح تدبیر دعا و صدقات میں رکھی ہے- حصول مال کی تدبیر ملازمت، روزگار اور دوسرے ذرائع میں رکھی ہے-

جو چیز پاس نہ ہو یا جس کی کمی ہو، جس کی تکلیف ہو اس کے لئے صحیح تدبیر اختیار کرنا ہی اس کا علاج ہے- کیونکہ وہ قدر معین کو طے کرنے میں آسانیاں پیدا کرے گی- مولانا حالی فرماتے ہیں ؎

نہیں کرتے کھیتی میں جو جانفشانی
نہ ہل جوتتے ہیں نہ دیتے ہیں پانی
یہ جب پاس کرتی ہے ان پر گرانی
تو کہتے ہیں حق کی ہے نامہربانی
نہیں لیتے کچھ کام تدبیر سے وہ
سدا لڑتے رہتے ہیں تقدیر سے وہ

رسالہ، کتب، منازل قمر، قمر بروج میں، عملیات کے اوقات اور بہت کچھ اب آپ
ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں
www.ruhanidunya.com

تثلیث زہرہ و مریخ

۱۱ اپریل کو بدھ کے دن صبح ۱۱ بجکر ۲ منٹ پر اس تثلیث کا عین وقت ہے- لیکن اس وقت ساعت مریخ ملے گی جو ۱۰ بجکر ۳۰ منٹ سے ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ تک رہے گی- اس کے بعد ساعت زہرہ آئے گی جو دوپہر ۱۲ بجکر ۳۳ منٹ سے ایک بجکر ۳۶ منٹ تک رہے گی- اس عمل کے لئے دونوں ساعتوں میں سے کسی ساعت کا انتخاب کرسکتے ہیں-

اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہے یا تسخیر حاکم مطلوب ہے یا اولاد اور ماں باپ میں ناراضگی ہے تو یوں کریں کہ ایک علیحدہ جگہ میں صاف لباس پہن کر قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھ جائیں اور بخور لوبان صندل کا روشن کریں- ایک سفید کاغذ پر ۸۱ نقش زعفران سے لکھیں اور تمام کاغذ کی بڑی سی بتی بنالیں- اس کے گرد مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹ لیں اور تانبے یا مٹی کے چراغ میں شہد اور روغن گاؤ ملا کر فتیلہ جلائیں- چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف رکھیں اور خود سامنے بیٹھ کر اکیاسی مرتبہ ذیل کی عزیمت پڑھیں-

فلاں بن فلاں (نام مطلوب معہ والدہ) کو فوراً حاضر کرو اور مطیع کرو- یا سر جمائیل بحق فا-

جب تعداد پوری ہوجائے تو بتی کو گل کردیں- دوسرے دن پھر اس ساعت میں بتی روشن کریں اور عمل شروع کریں- اسی طرح نو دن میں بتی ختم کرنا ہے- آخری دن جس طرح ہوسکے بتی ختم کردیں- اس دوران اگر گھی ختم ہوجائے تو اور ڈال لیں- بخور صندل ولوبان کا روشن کریں- نو دن نہ گزریں گے کہ پتھر سے پتھر دل بھی موم ہوجائے گا- کیسا ہی دشمن ہو دوست بن جائے گا اور آپ کے مطالبات کے سامنے سر تسلیم خم کردے گا-

نقش یہ ہے-

۷۸۶

۲۰	۲۳	۲۶	۱۲
۲۵	۱۳	۱۹	۲۴
۱۴	۲۸	۲۱	۱۸
۲۲	۱۷	۱۵	۲۷

اُسخر القلب فلاں بن فلاں (مطلوب)
فی حب فلاں بن فلاں (طالب)

نقش کو ۱۲ سے شروع کرکے ۲۶ پر ختم کردیں- یعنی جس خانہ میں جو ہندسہ ہے اسے لکھیں- لیکن ترتیب وار- مثلاً ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵ وغیرہ کرکے ۲۸ تک پر کریں- بغیر چال کے نقش کام نہ کرے گا-

ضرورت مند محنت کریں پھر معلوم ہوگا اس کا صلہ کیا ہے-

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہوگا- وہ جادو، نظر بد، جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈر، وسواس شیطانی، دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا- گھر کی نااتفاقیاں، جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی- وہ بھی ختم ہوجائیں گی- ہدیہ نقش =/۲۵۷۱ روپے- منیجر روحانی دنیا کراچی

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل

(حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی- جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے- عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے-

- مثلث کہاں کام کرتی ہے- مربع کہاں، مخمس کہاں، غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے-
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے، مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے- یہی نقوش کے راز ہیں-
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم، آیت، مقصد اور نام طالب و مطلوب قائم ہوجائیں-
- نقوش کے موکلات، اسمائے الٰہی، اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد-
- طریقہ زکات و اصلاح عدد ین-
- مثلث، لوح سلیمانی، مثلث ہندی، مثلث دو پایہ، مربع، مخمس، مسدس، مربع، عشر، اثنا عشر، صدر صد نقوش، ان کی چالیں، خواص اور عملیات-
- اعمال وحب و بغض، حاضری مطلوب، ترقی، سربلندی، حصول رزق، امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے، اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد-
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات-

صفحات ۲۴۰ * ابواب ۱۸ * عملیات و قواعد ۵۲۰

ہدیہ =/۵۵۰ روپے محصول ڈاک =/۶۵ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

تثلیث زہرہ و مریخ

۱۱ اپریل کو بدھ کے دن صبح ۱۱ بجکر ۲ منٹ پر اس تثلیث کا عین وقت ہے- لیکن اس وقت ساعت مریخ ملے گی جو ۱۰ بجکر ۳۰ منٹ سے ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ تک رہے گی- اس کے بعد ساعت زہرہ آئے گی جو دوپہر ۱۲ بجکر ۳۳ منٹ سے ایک بجکر ۳۶ منٹ تک رہے گی- اس عمل کے لئے دونوں ساعتوں میں سے کسی ساعت کا انتخاب کرسکتے ہیں-

اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہے یا تسخیر حاکم مطلوب ہے یا اولاد اور ماں باپ میں ناراضگی ہے تو یوں کریں کہ ایک علیحدہ جگہ میں صاف لباس پہن کر قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھ جائیں اور بخور لوبان صندل کا روشن کریں- ایک سفید کاغذ پر ۸۱ نقش زعفران سے لکھیں اور تمام کاغذ کی بڑی سی بتی بنالیں- اس کے گرد مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹ لیں اور تانبے یا مٹی کے چراغ میں شہد اور روغن گاؤ ملا کر فتیلہ جلائیں- چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف رکھیں اور خود سامنے بیٹھ کر اکیاسی مرتبہ ذیل کی عزیمت پڑھیں-

فلاں بن فلاں (نام مطلوب معہ والدہ) کو فوراً حاضر کرو اور مطیع کرو- یا سر جمائیل بحق فا-

جب تعداد پوری ہوجائے تو بتی کو گل کردیں- دوسرے دن پھر اس ساعت میں بتی روشن کریں اور عمل شروع کریں- اسی طرح نو دن میں بتی ختم کرنا ہے- آخری دن جس طرح ہوسکے بتی ختم کردیں- اس دوران اگر گھی ختم ہوجائے تو اور ڈال لیں- بخور صندل ولوبان کا روشن کریں- نو دن نہ گزریں گے کہ پتھر سے پتھر دل بھی موم ہوجائے گا- کیسا ہی دشمن ہو دوست بن جائے گا اور آپ کے مطالبات کے سامنے سر تسلیم خم کردے گا-

نقش یہ ہے-

۷۸۶

۲۰	۲۳	۲۶	۱۲
۲۵	۱۳	۱۹	۲۴
۱۴	۲۸	۲۱	۱۸
۲۲	۱۷	۱۵	۲۷

اُسخر القلب فلاں بن فلاں (مطلوب)
فی حب فلاں بن فلاں (طالب)

نقش کو ۱۲ سے شروع کرکے ۲۶ پر ختم کردیں- یعنی جس خانہ میں جو ہندسہ ہے اسے لکھیں- لیکن ترتیب وار- مثلاً ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵ وغیرہ کرکے ۲۸ تک پر کریں- بغیر چال کے نقش کام نہ کرے گا-

ضرورت مند محنت کریں پھر معلوم ہوگا اس کا صلہ کیا ہے-

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہوگا- وہ جادو، نظر بد، جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈر، وسواس شیطانی، دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا- گھر کی نااتفاقیاں، جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی- وہ بھی ختم ہوجائیں گی- ہدیہ نقش =/۲۵۷۱ روپے- منیجر روحانی دنیا کراچی

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل

(حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی- جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے- عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے-

- مثلث کہاں کام کرتی ہے- مربع کہاں، مخمس کہاں، غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے-
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے، مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے- یہی نقوش کے راز ہیں-
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم، آیت، مقصد اور نام طالب و مطلوب قائم ہوجائیں-
- نقوش کے موکلات، اسمائے الٰہی، اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد-
- طریقہ زکات و اصلاح عدد ین-
- مثلث، لوح سلیمانی، مثلث ہندی، مثلث دو پایہ، مربع، مخمس، مسدس، مربع، عشر، اثنا عشر، صدر صد نقوش، ان کی چالیں، خواص اور عملیات-
- اعمال وحب و بغض، حاضری مطلوب، ترقی، سربلندی، حصول رزق، امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے، اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد-
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات-

صفحات ۲۴۰ * ابواب ۱۸ * عملیات و قواعد ۵۲۰

ہدیہ =/۵۵۰ روپے محصول ڈاک =/۶۵ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

ماہ مارچ

نام ایام	مارچ ۲۰۱۸ء	جمادی الثانی ۱۴۳۹ھ	بھاگن ۲۰۷۴ب	تقویمی نمبر	توقیعات	درجہ برج	عین وقت	شمس در حوت	مواضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالتا
بدھ	۱	۱۲	۱۸	۶				۱۲	سنبلہ	۱۰:۵۷	عوا	۱۸:۰۲		اوج
جمعرات	۲	۱۳	۱۹	۷				۱۳			سماک	۱۵:۲۸	○	استقبال
جمعہ	۳	۱۴	۲۰	۸	شرف زہرہ			۱۴	میزان	۱۳:۲۰	غفرہ	۱۳:۲۰		
ہفتہ	۴	۱۵	۲۱	۹				۱۵			زبانہ	۱۱:۳۹		
اتوار	۵	۱۶	۲۲	۱	قمر در عقرب			۱۶	عقرب	۱۸:۲۲	اکلیل	۱۰:۳۵		ہبوط
پیر	۶	۱۷	۲۳	۲	عطارد در حمل			۱۷			قلب	۱۰:۱۰		
منگل	۷	۱۸	۲۴	۳	زہرہ در حمل			۱۸			شولہ	۱۰:۲۸		
بدھ	۸	۱۹	۲۵	۴				۱۹	قوس	۳:۰۲	نعائم	۱۱:۲۵		طرح
جمعرات	۹	۲۰	۲۶	۵	رجعت مشتری			۲۰			بلدہ	۱۲:۵۶	◒	تربیع دوم
جمعہ	۱۰	۲۱	۲۷	۶				۲۱	جدی	۱۴:۵۱	ذابح	۱۴:۵۱		وبال
ہفتہ	۱۱	۲۲	۲۸	۷	یوم حضرت ابوبکر صدیقؓ			۲۲			بلعہ	۱۶:۵۷		
اتوار	۱۲	۲۳	۲۹	۸				۲۳			سعود	۱۹:۰۴		
پیر	۱۳	۲۴	۳۰	۹				۲۴	دلو	۳:۴۳	اخبیہ	۲۰:۵۶		
منگل	۱۴	۲۵	چیت	۱				۲۵			مقدم	۲۲:۲۸		
بدھ	۱۵	۲۶	۲	۲				۲۶	حوت	۱۵:۱۱	موخر	۲۳:۲۸		حضیض
جمعرات	۱۶	۲۷	۳	۳				۲۷			رشا	۲۳:۵۶		
جمعہ	۱۷	۲۸	۴	۴	مریخ در جدی			۲۸	حمل	۲۳:۵۶	شرطین	۲۳:۵۶	●	اجتماع
ہفتہ	۱۸	۲۹	۵	۵				۲۹			بطین	۲۳:۲۵		
اتوار	۱۹	۳۰	۶	۶	نیا چاند ☾			۳۰			ثریا	۲۲:۳۰		
پیر	۲۰	رجب	۷	۷	شمس در حمل، یکم رجب ۱۴۳۹ھ شرف قمر			حمل	ثور	۶:۰۶	دبران	۲۱:۱۱		شرف
منگل	۲۱	۲	۸	۸				۲			ہقعہ	۱۹:۴۰		
بدھ	۲۲	۳	۹	۹	لیلۃ الرغائب			۳	جوزا	۱۰:۲۹	ہنعہ	۱۷:۵۱		فرح
جمعرات	۲۳	۴	۱۰	۱	رجعت عطارد، یوم پاکستان			۴			ذراع	۱۵:۵۵		
جمعہ	۲۴	۵	۱۱	۲				۵	سرطان	۱۳:۵۲	نثرہ	۱۳:۵۲	◒	ترفع تربیع اول
ہفتہ	۲۵	۶	۱۲	۳	میلہ شالیمار باغ، لاہور			۶			طرفہ	۱۱:۴۱		
اتوار	۲۶	۷	۱۳	۴				۷	اسد	۱۶:۴۴	جبہۃ	۹:۲۹		
پیر	۲۷	۸	۱۴	۵				۸			زہرہ	۷:۱۳		
منگل	۲۸	۹	۱۵	۶				۹	سنبلہ	۱۹:۲۹	صرفہ	۴:۵۹		اوج
بدھ	۲۹	۱۰	۱۶	۷				۱۰			عوا	۲:۴۶		
جمعرات	۳۰	۱۱	۱۷	۸	گڈ فرائی ڈے			۱۱	میزان	۲۲:۵۱	سماک غفرہ	۰۰:۴۱ ۲۲:۵۱		
جمعہ	۳۱	۱۲	۱۸	۹	زہرہ در دلو			۱۲			زبانہ	۲۱:۱۸	○	استقبال

کیا آپ کا برج حوت ہے؟

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

قبل از مسیح دور میں یونانی اور رومی ماہرین نجوم حوتی افراد کی تصویر کھینچتے ہوئے خاصے سخت الفاظ استعمال کرتے تھے۔ یہ مبہم قسم کے نرم مزاج و بزدل انسان جو خوابوں کی دنیا میں رہتے ہیں۔ صدیوں ایسے دور میں تیز و تند الفاظ میں تنقید کا نشانہ بنتے رہے جبکہ رہنمائی کرنا اور دلیرانہ کارنامے انجام دینا انسانیت کا سب سے بڑا جوہر سمجھا جاتا تھا۔

۱۹ فروری سے ۲۰ مارچ کے دوران پیدا ہونے والے افراد کے خلاف اس قسم کا تعصب نشاۃ ثانیہ کے دور میں ختم ہوا گیلیلیوں اور مائیکل اینجلو (دونوں حوتی تھے) جیسے افراد نے اس تصور کو تبدیل کیا۔ کیوں کہ ان دونوں کو کسی طرح بھی مبہم یا بزدل نہیں کہا جاسکتا تھا۔ وہ خوابوں کی دنیا میں رہنے والے تو بے شک تھے۔ لیکن ان کے خواب دلیرانہ کارناموں سے بھرپور ہوتے تھے۔ مائیکل اینجلو نے سٹین کے گرجا گھر کی چھت پر بڑھاپے میں اور بیماری کی حالت میں مصوری کی کیونکہ اسے مذہبی نوعیت کے خواب نظر آئے تھے جن سے اس سے رہنمائی حاصل کی تھی۔ وہ ایک حوتی تھا جو اپنے اصولوں پر زندہ رہا اپنے اصولوں پر اس نے مصوری اور مجسمہ سازی کی اور اپنے وقت کے مضبوط ترین حکمران میسدیس کا تحفظ اور سرپرستی بھی قبول کی۔

موجودہ دور کے تمام حوتی افراد میں نہیں تو کم از کم بیشتر حوتی افراد میں آرٹسٹک نوعیت کی کوئی نہ کوئی خوبی ضرور ہوتی ہے۔ حوتی افراد جہاں بھی ہوتے ہیں۔ اس جگہ یا ماحول کی مناسبت سے تاثرات اور کیفیات سمیٹتے ہیں اور پھر ان کے تخیل کی دنیا اپنی کیفیات اور تاثرات کو خوبصورت اشیاء کے روپ میں ڈھال دیتی ہے۔

دوست انہیں بہت ملنسار خیال کرتے ہیں کیوں کہ حوتی افراد بے حد ہمدرد شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ دوسروں کی دکھ بھری داستانوں کا بے حد اثر لیتے ہیں اور پھر ضرورت مندوں کی مدد کرنے کے لئے فوری طور پر تیار ہوجاتے ہیں اور اس کے لئے اپنا آخری اثاثہ بھی دینے سے گریز نہیں کرتے۔ حالانکہ وہ دکھ بھری داستانیں جو انہیں سنائی جاتی ہیں ان کا بیشتر حصہ محض فرضی ہوتا ہے۔ لیکن ان کی ہمدرد فطرت انہیں فرضی سمجھنے پر تیار نہیں ہوتی۔ تاہم ان کے دوست یا ساتھ کام کرنے والے اس بات سے ناواقف ہوتے ہیں کہ حوتی افراد اپنی ضروریات اور ترغیبات کے معاملے میں اپنے باطن کی آواز پر عمل کرتے ہیں۔

دفتر میں ایک دن تو بڑے جوش و خروش اور بڑی لگن سے کام کرتے ہیں جب کہ دوسرے دن خوابوں کی دنیا میں گم نظر آتے ہیں کیریئر سے متعلق ان کے خواب بڑے بلند و بالا ہوتے ہیں جو کہ پہنچنے والے تو ہوتے ہیں لیکن عموماً ہوائی قلعہ بھی ثابت ہوتے ہیں لیکن ان کے خواب خواہ وہ حقیقت کا روپ دھانے والے ہوں خواہ غیر عملی ہوں۔ وہ ان کے نزدیک روپے پیسے، آرام و آسائش اور تحفظ سے کہیں زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔

لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ حوتی افراد درویشوں اور راہبوں کی سی زندگی گزارتے ہیں۔ وہ عمدہ غذا، فنون لطیفہ اور ایسی تمام چیزوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں جنہیں صرف روپے ہی کی مدد سے خریدا جاسکتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود اگر کسی کی محبت میں گرفتار ہوجائیں تو اس کی خاطر ساری آسائشات جن کے لئے بے حد محنت کی ہوتی ہے۔ چھوڑنے کو تیار ہوجاتے ہیں اور یہ محبت بچے کی محبت بھی ہوسکتی ہے۔ والدین کی بھی اور محبوب کی بھی۔ دراصل بیشتر حوتی افراد میں قربانی اور ایثار کا جذبہ بدرجہ اتم پایا جاتا ہے۔

وہ آدمی جو بیوی کی موت یا جدائی کے بعد اپنے کیریئر کو ختم کرکے اپنی زندگی بچوں کے لئے وقف کردیتا ہے۔ عموماً برج حوت کی پیدائش ہوتا ہے۔ اسی طرح وہ لڑکی جو اپنا شاندار کیریئر محض اس لئے چھوڑ دیتی ہے کہ اپنے شوہر کے ساتھ طویل سمندری سفر پر جاسکے یا کسی دور دراز کے براعظم کا سفر اختیار کرسکے وہ بھی نچون ہی کے ماتحت ہوتی ہے۔

برج حوت کی علامت مچھلیاں ہیں۔ سمندر میں آپ کو بے شمار اقسام کی مچھلیاں ملیں گی اسی طرح زمین پر بے شمار مختلف قسم کے حوتی افراد نظر آتے ہیں ان میں سے کچھ بہت چھوٹی سارڈنز مچھلیوں کی طرح ننھے منے اور شریف النفس ہوتے ہیں جب کہ کچھ وہیل مچھلیوں کی سی فطرت کے مگر لمبے چوڑے ہوتے ہیں۔ جب کہ کچھ شارک کی مانند اور کچھ خوبصورت رنگوں اور نقش و نگار سے سجی ہوئی مچھلیوں کی مانند بھی ہوتے ہیں اور یہ سب کے سب مختلف ہونے کے باوجود نچون کی سلطنت میں

دائرۃ البروج	بارہواں برج
عرصہ پیدائش	فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰ (اندازاً)
عنصر	آبی
ماہیت	ذوجسدین
حاکم ستارہ	نچون، مشتری
برج کی علامت	دو مچھلیاں



ایک ساتھ رہتے ہیں اور اپنے اپنے کام انجام دیتے ہیں- ہم مضبوط سالمن مچھلی کو نظر انداز نہیں کر سکتے جس کا ذہن یک طرفہ ہوتا ہے اور جو موزوں ساتھی کی تلاش میں نصف دنیا کا سفر کر ڈالتی ہے-

صرف ایک حوتی ہی یہ بات بہتر طور پر جانتا ہے یا وہ سمجھتا ہے کہ وہ کس قسم کی مچھلی ہے- ویسے بعض اوقات وہ خود بھی اپنے متعلق کوئی بات یقین سے نہیں کہہ سکتا- اکثر حوتی افراد کسی نہ کسی شعبے میں نمایاں مقام حاصل کرتے ہیں اور اس پر کوئی تعجب بھی نہیں کرنا چاہئے- کیونکہ اس برج پر صرف نپچون ہی نہیں بلکہ سعد اور باقوت ستارہ مشتری بھی حکومت کرتا ہے-

حوتی افراد دوسروں کو مسلسل حیران کرتے رہتے ہیں ان کا بے مقصد ادھر ادھر گھومنا اور خوابوں کی دنیا میں مگن رہنا دوسروں کو انہیں سطحی انسان کہنے پر مجبور کر دیتا ہے- کیوں کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ترقی کی دوڑ میں یہ دوسروں کا ساتھ دینے سے گریز کرتے ہیں- اس کے علاوہ ان کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ مشکلات اور مقابلوں سے بچنا چاہتے ہیں ایسی زندگی جس میں حد سے زیادہ سگریٹ نوشی یا خواب آور گولیوں کا استعمال بھی ہو اور پھر اس کے بعد ہوتا یہ ہے کہ ایک دن اچانک یہ اپنی جارحانہ فطرت کا اظہار کر دیتے ہیں اس کا اظہار عموماً اس وقت ہوتا ہے جب دفتر سے چھانٹی کے دوران یہ بھی تخفیف میں آجاتے ہیں یا کسی مالی معاملے میں ملوث ہوتے ہیں- ایسے لوگ اور خاص طور پر ان کے مخالفین سوچنے لگتے ہیں کہ ''انہیں کیا ہوگیا ہے؟'' ''یہ تو وہ نہیں جو نظر آتے ہیں-'' ایسے میں حوتی افراد نہیں بلکہ دوسرے لڑائی جھگڑے سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں- اس لئے کہ حوتی افراد کی شخصیت کا دوسرا رخ دیکھنے کے بعد وہ ہتھیار ڈال دیتے ہیں-

کسی حوتی آدمی کی محبت کا حاصل ہو جانا دنیا کا سب سے خوبصورت تجربہ ہوتا ہے- لیکن اکثر تکلیف دہ بھی ہوتا ہے یہ اپنے محبوب کو اتنے پھول اور اتنے محبت بھرے خطوط بھیجتا ہے کہ عموماً ریکارڈ توڑ دیتا ہے- لیکن جب وہ لڑکی مستقبل کی بات کرتی ہے زندگی کے مالی حقائق کی بات کرتی ہے تو اکثر حوتی آدمی کنارہ کشی اختیار کر لیتا ہے-

لیکن تمام حوتی افراد ایک جیسے نہیں ہوتے- کچھ افراد محبت کے پابندی بن جانے کے بعد ضرور کنارہ کشی اختیار کر لیتے ہیں کیوں کہ ان کے نزدیک محبت اور جنسی کشش سے زیادہ ان کے خواب کشش رکھتے ہیں- لیکن کچھ افراد پابندیوں اور ذمہ داریوں کے باوجود شراکت نبھانا چاہتے ہیں تاہم بیشتر افراد کنوارہ رہنا ہی پسند کرتے ہیں- لیکن اس کے باوجود دوسرے ان سے محبت کرتے ہیں- اس لئے کہ یہ دوسروں کی خوشیوں اور غم میں برابر کے شریک رہتے ہیں اور طبعاً ایسا کرتے ہیں- دوسروں کی خواہشات اور ضروریات پر جس قدر جلد یہ ردعمل کا اظہار کرتے ہیں کوئی دوسرا نہیں کرتا-

اس کے بعد اگر حوتی افراد دوسروں کا دل توڑ دیتے ہیں تو بھی دوسرے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ ایک دن ضرور لوٹ کر آئیں گے- بالکل اسی طرح جس طرح ایک دن بغیر کسی معقول وجہ کے چلے گئے ہیں- عجیب بات یہ ہے کہ اکثر حوتی افراد لوٹ بھی آتے ہیں اور اس سے بھی عجیب بات یہ ہے کہ وہ عورتیں جنہیں ان کے حوتی شوہر چھوڑ جاتے ہیں وہ دوبارہ شادی کے لئے بھی حوتی آدمی ہی کو تلاش کرتی ہیں-

اس برج سے متعلقہ لڑکیاں اور عورتیں ہر فن مولا اور بے حد مطابقت پذیر ہوتی ہیں ان کے علاوہ منفرد، وجدانی، آرٹسٹک اور تخلیقی صلاحیت کی مالک ہوتی ہیں- لیکن بے حد غیر یقینی اور ڈانواں ڈول صلاحیت کی مالک ہوتی ہیں اور یہ چیز ان کے شریک کے لئے بے حد قابل افسوس ہوتی ہے- آدمی سوچتے ہیں کہ وہ انہیں سمجھتے ہیں لیکن بہت ہی کم لوگ سمجھ سکتے ہیں-

اس لئے کہ حوتی لڑکیوں اور عورتوں میں اداکارہ جو موقع اور ماحول کی مناسبت سے اداکاری کا مظاہرہ کرتی ہے یا پھر شوہر کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے بھرپور اور کامیاب اداکاری کرتی ہے- اس لئے کہ یہ کسی کو بھی مایوس نہیں کر سکتیں- چنانچہ موقع کی مناسبت سے ہونٹوں پر خوشگوار مسکراہٹ یا رنج و غم کے تاثرات یا آنکھوں میں آنسو بھر لاتی ہیں اور یہ سب کچھ لپک کے اصرار اور خواہشات پر ہوتا ہے-

دفتر میں بہترین کارکن اور گھر میں شوہر کی دست راست کا کردار بڑی کامیابی سے ادا کرتی ہیں- شمع محفل سے فوری طور پر خاتون خانہ کا روپ بآسانی دھار لیتی ہیں- ان میں سے اکثر لڑکیاں ''میں وہی کچھ ہوں جو تم مجھے دیکھنا چاہتے ہو''- الفاظ کی عکاسی کرتی نظر آتی ہیں- حوتی لڑکیوں

میں سے محض چند ہی ایسی ہوتی ہیں جو اپنی شناخت کی شدت سے خواہاں ہوتی ہیں- یا جو اپنے باطنی جذبات یا صلاحیتوں کے اظہار کی شدت سے خواہش کرتی ہیں-

حوتی لڑکیوں کے لئے ہنسنا اور رونا بڑا آسان ہوتا ہے- یہ خود اپنی غلطیوں پر بھی باآسانی ہنس سکتی ہیں- یہ اپنی مسکراہٹ اور آنسوؤں دونوں سے ہتھیاروں کا کام لیتی ہیں- بعض اوقات دیدہ دانستہ طور پر اور بعض اوقات نادانستگی میں ایسا کرتی ہیں تاکہ جنگ جیت سکیں- ایسی جنگوں سے بچنے کو ترجیح دیتی ہیں- لیکن یہ جنگ ہر عورت کو لڑنی پڑھتی ہے- اس لئے بعض اوقات چاہنے کے باوجود انہیں لڑنی ہی پڑتی ہے-

اکثر حوتی لڑکیاں بڑی اچھی مصوری کرتی ہیں جب کہ کچھ ناخنوں کو خوبصورتی سے رنگنے کا کام کرتی ہیں- کچھ شاعری کرتی ہیں یا رومانٹک ناول لکھتی ہیں- جب کہ کچھ محبت بھرے خوبصورت خطوط لکھتی ہیں یا چھوٹے چھوٹے خوبصورت نوٹ لکھ کر شوہر کے تکیے کے ساتھ لگا دیتی ہیں- بہرحال یہ جو کچھ بھی لکھتی ہیں- دل پر اثر کرنے والا ہوتا ہے- کیوں کہ اندرونی طور پر یہ بے حد رومانٹک ہوتی ہیں-

اپنے دلی جذبات کا اظہار شوہر بچوں اور چھوٹے چھوٹے جانوروں یا پھولوں کی دیکھ بھال کر کے کرتی ہیں- ننھی منی حوتی لڑکی جس طرح کسی بیمار بلی یا کتے کے بچے کی یا بیمار پودے کی دیکھ بھال کر سکتی ہے کوئی دوسرا نہیں کر سکتا-

حوتی لڑکیوں میں یہ خوبی ہوتی ہے کہ وہ مرد کے دل میں یہ جذبہ پیدا کر سکتی ہے کہ وہ ان کی حفاظت کرے اور سب کچھ وہ اداکاری کر کے کرتی ہیں یا پھر تحفظ کی شدید خواہش انہیں ایسا کرنے پر مجبور کرتی ہے- وجہ کوئی بھی ہو سکتی ہے تاہم حوتی لڑکیاں شاذ و نادر ہی کنواری رہتی ہیں- ویسے ان کے شوہر کو ان سے محبت کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے کتے یا بلی یا پھولوں سے بھی محبت کرنی پڑتی ہے- لیکن وہ غریب ان کے نچونی جادو کا مارا ہوتا ہے- لہذا سب کچھ کرنے کے لئے تیار رہتا ہے-

تثلیث
شمس و زحل

شمس، زحل کی تثلیث ۲۹ اپریل کو دوپہر ۳ بجکر ۲ منٹ پر ہے-

اس سعد وقت سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہم نے ذیل کی آیت کا انتخاب کیا ہے-

ان الذین یبایعونك انما یبایعون اللّٰه

عدد اس کے ۵۷۴۴ ہیں- نام معہ والدہ کے اعداد لے کر آیت کے اعداد میں جمع کریں- ۱۲۰ عدد تفریق کر کے ۴ پر تقسیم کریں اور چار چار کے اضافے سے نقش پر کریں- اگر تقسیم سے ایک باقی بچے تو ۱۳ ویں خانہ میں- ۲ باقی بچیں تو ۹ ویں خانے میں- ۳ باقی بچیں تو ۵ ویں خانے میں ایک کا اضافہ کر کے نقش پر کریں- نقش کی چال طالب کے نام کے حرف اول کے عنصر کے مطابق ہوگی- مثلاً نام کا پہلا حرف اہے تو آتشی چال سے نقش پر کیا جائے گا اگر نام کا پہلا حرف و ہے تو بادی چال سے نقش پر کیا جائے گا-

اس عمل کو مثال کے ذریعے بھی سمجھا دیتا ہوں-

مثلاً ایک شخص احمد بن حمیدہ کا مقدمہ جائیداد کے سلسلے میں چل رہا ہے وہ چاہتا ہے کہ افسران اس کے حق میں فیصلہ دیں تو آیت کے عدد لے جو ۵۷۴۴ ہیں- پھر احمد بن حمیدہ کے عدد لے جو ۱۲۰ ہیں- کل اعداد ۵۸۶۴ ہوئے- ۱۲۰ عدد تفریق کئے- ۵۷۴۴ ہوئے- ۴ پر تقسیم کیا تو ۱۴۳۶ خارج قسمت ہوئے چوں کہ احمد کا سرحرف آتشی ہے اس لئے آتشی نقش پر کیا جو یہ ہے-

۷۸۶

۱۴۶۴	۱۴۷۶	۱۴۸۸	۱۴۳۶
۱۴۸۴	۱۴۴۰	۱۴۶۰	۱۴۸۰
۱۴۴۴	۱۴۹۶	۱۴۶۸	۱۴۵۶
۱۴۷۲	۱۴۵۲	۱۴۴۸	۱۴۹۲

میزان ۵۸۴۴

نقش کی چال یہ ہے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اس چال کے مطابق نقش پر کریں- خراج قسمت کے اعداد ۱۴۳۶ کو خانہ اول میں رکھیں- پھر چار کا اضافہ کر کے خانہ ۲ میں رکھیں- اسی طرح چار چار کے اضافے سے بالترتیب نقش کو پر کرتے چلے جائیں-

یہ تین نقش لکھے جائیں گے- ایک طالب اپنے پاس رکھے گا- ایک کو جائیداد میں دفن کر دیا جائے گا- ایک کو عنصر کے مطابق استعمال کیا جائے گا چونکہ نقش آتشی ہے اسلئے اسے حرارت میں رکھیں گے-

اگر نقش بادی ہو تو ہوا میں لٹکایا جائے گا آبی ہو تو بانس کی نلکی میں رکھ کر دونوں طرف موم لگا کر کسی نمی والی جگہ میں رکھا جائے گا- اگر نقش خاکی ہو تو اسے زمین میں دبایا جائے گا-

برنی تقویم ۲۰۱۸ء کے لیے اپنا آڈر بک کروائیں

ماہ مارچ کیسا گزرے گا؟

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل ۔ع ۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ ہر دلعزیزی میں اضافہ ہوگا- چنانچہ اہم اور بارسوخ افراد کو متاثر کرنا اور ان پر موافق اثر ڈالنا آپ کے لئے مشکل نہ ہوگا اور اگر اہم کاموں کو لے کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں تو اس وقت جارحانہ رویہ اختیار کرنا موافق ثابت ہوگا-

مریخ ۱۸ تاریخ تک نویں گھر میں رہنے کے بعد وتد السماء پر داخل ہوگا- اس ماہ مریخ اپنی طاقت ور پوزیشن پر ہوگا- کیریئر سے متعلق جو آفر ملے ضرور اس سے فائدہ اٹھائیں- چونکہ یہ مالی معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے لہذا آمدنی میں اضافے کا امکان ہے اگر آپ کا ذاتی کاروبار ہے تو یہ ماہ اثاثوں میں اضافے اور کاروبار کو وسعت دینے اور نئے راستے تلاش کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا- اس کے علاوہ معاملات کو نفع بخش اور کارگزار بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا- اگر آپ زیادہ خودمختاری کے خواہاں ہیں خاص طور پر کام کے معاملات میں زیادہ آزادی چاہتے ہیں تو اب کوا کبی قوتیں آپ کی موافقت میں ہیں گذشتہ کچھ ماہ سے جو خیالات اور اسکیمیں زیرغور ہیں اب جلد ہی انہیں عملی جامہ پہنانے کا موقع مل جائے گا- مریخ ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا- تاہم ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخوں کو محتاط رہنا ہوگا- کسی قریبی شخص کے ساتھ تکرار یا حادثہ ہونے کا امکان ہے-

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہو گی- سرمائے کو بہتر اسکیموں میں لگانے کا موافق وقت ہے- اس میں کامیابی ملے گی- کام کو وسیع معاہدوں کے ذریعے ترقی دینے کے لیے قانونی مشورے حاصل کریں- قریبی افراد یا رشتہ داروں سے تعاون حاصل کرسکیں گے- بااختیار افراد کے ساتھ شراکت داری بہتر رہے گی- مطالعہ اور معلومات حاصل کرکے ہی آگے بڑھنا زیادہ سودمند رہے گا- یہ وقت روحانی علوم کی طرف بھی راغبت دلائے گا-

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی- لہذا اپنے قریبی لوگوں کے ساتھ ہر طرح کے معاملات میں محتاط رہنا ہوگا لین دین، بینک کے کام، حساب کتاب اور اہم لوگوں کے ساتھ ملاقات میں حد درجہ احتیاط کی ضرورت پڑے گی- کوئی بھی غلط بات یا نظریہ تعلقات کو خراب کرے گا- قریبی رشتہ داروں کے ساتھ بھی تمام معاملات میں احتیاط رکھیں- سفر کے معاملات میں احتیاط رکھیں- اس وقت آپ کے پاس جو روپیہ موجود ہے محتاط رہ کر خرچہ کریں-

عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہنے کے بعد طالع میں آجائے گا- ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا- حاسدی افراد یا وہ افراد جو خفیہ طریقے سے آپ کو پریشانی میں مبتلا کرتے ہیں ان کے ساتھ رابطہ کریں، گفت شنید یا موثر لوگوں کے ساتھ جاکر ملاقات کرنے سے بہتری آئے گی- یہ وقت خاص طور پر صحت کو بہتر بنانے کے لئے موثر ثابت ہوگا- مطالعہ اور معلومات حاصل کرکے ذہنی اور جسمانی دونوں طرح بہتری لاسکیں گے- اگر آپ قانون کے شعبے سے منسلک ہیں تو ان دنوں اپنی بہترین صلاحیتوں کے ذریعے لوگوں کو فائدہ دیں- طالع میں موجودگی خاص طور پر ذاتی کام اور کاروباری مقاصد کو آگے بڑھاسکیں گے- مشکلات پر قابو پاسکیں گے- لوگ تعاون کا وعدہ کریں گے تاہم وقت پر لوگ مل نہ سکیں گے- یا کوئی نہ کوئی بات کام میں التواء کا باعث بنے گی- ان دنوں نشرواشاعت کے کاموں، پبلشنگ اور حسابات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں- عطارد ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا-

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی- یہ دن شراکتی امور اور خاندانی جائیداد سے متعلق جھگڑا لائے گا- کسی شخص کے اچانک حادثہ کی وجہ سے پریشانی ملے گی اس ماہ سفر ہونگے لیکن وہ خوشی کا باعث نہ ہونگے- قانونی معاملات پریشانی کا سبب بنیں گے- ان دنوں اہم کاغذات اور روپے کی چوری یا گم ہونے کی صورت میں پریشانی آسکتی ہے- دوستوں کے ساتھ کسی بھی کام میں بغیر سوچے سمجھے شمولیت اختیار نہ کریں نہ ہی اپنی رقم سے کسی نئے کاروبار میں حصہ لینے کی کوشش کریں-

زہرہ ۷ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا- اس کے بعد طالع میں داخل ہوگا- یہ وقت کاروباری امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا- اُن لوگوں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنائیں جو بزنس میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں- غیر ضروری اخراجات پر قابو پائیں- مالی اور کاروباری امور میں کچھ رکاوٹیں آئیں گی- اس ماہ سیر وتفریح کے لئے پروگرام بنائیں اور ساتھ ہی صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں- یہ وقت کچھ نئے دوستوں کا اضافہ کرے گا یا پھر کسی پرانے دوست سے ملیں گے- ان کے ذریعے جو معلومات حاصل ہونگی وہ ذرائع آمدن کو بڑھانے اور نئے راستوں کو اپنانے کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی- وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا- عملی طور پر اپنے کام میں بہتری لائیں گے- زہرہ ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا- ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی-



پیدائش:- اپریل ۲۱ تا مئی ۲۱

اس ماہ سے حالات میں رکاوٹ سے واسطہ پڑے گا جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو ذاتی کام شروع کرنا چاہتے ہیں یا وہ افراد جو فاضل وقت کی کسی سرگرمی کو نفع بخش طریقے سے استعمال میں لانا چاہتے ہیں ان کے لئے بھی یہ وقت پریشانی لائے گا-

زہرہ ۷ تاریخ تک زائچے کے گیارہویں گھر میں رہے گا- اس کے بعد بارہویں گھر میں داخل ہوگا- دوست اور قریبی جاننے والے افراد آپ کے معاملات میں بے حد سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے- وہ سرگرمیاں جن میں تعاون اور متفقہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے- اس رجحان کے تحت آپ کی امیدوں، خواہشات اور اہم مقاصد کو فائدہ نہیں پہنچے گا- زندگی میں اہم واقعات رونما ہونگے جو آپ میں خوش امیدی پیدا کردیں گے- چنانچہ زہرہ اس ماہ کی ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا- غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے- کوئی شخص جس سے کافی عرصے سے میل جول اور اچھے تعلقات ہیں وہ اچانک رشتہ بھیج دے گا- یہ تاریخیں محبت کی معاملات، ملنے ملانے، گفت شنید یا سیر وتفریح کے لئے موافق ثابت ہونگی- شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی مزید خوشگوار ہوجائے گی اور ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہوگی-

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی- یہ وقت کاروباری معاہدات، قانونی مشورہ، تحریری کاموں کو مکمل کروانے اور باحیثیت لوگوں سے رابطہ قائم کرنے میں مددآور ثابت ہوگا- ایسے کام جن میں بڑی سرمایہ کاری کی ہوئی ہے، اس سے متعلقہ حسابات اور منافع سے متعلق معلومات رکھیں- سفر اور سیر وتفریح کے لئے موزوں، گھر اور زمین کی خریداری کے لیے معلومات اکٹھی کریں- روحانی علوم اور مطالعہ سے ذہنی سکون حاصل ہوگا-

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی- معاہدات یا جائیداد سے متعلق امور میں جولین دین یا خریداری کریں گے اس میں سوچ سمجھ کر روپیہ لگائیں قانونی امور کو مدنظر رکھیں- اگر کسی جلد منافع دینے والی اسکیم میں روپیہ لگایا ہے تو منافع دیر میں ملے گا- تاہم اگر ایسی اسکیموں میں حصہ لیا جو مستقل کاموں اور ذرائع سے مالی فائدہ دے سکیں تو اس ان سے متعلق معلومات حاصل کریں- خاندانی جائیداد کے سلسلے میں قریبی رشتہ داروں کے درمیان اختلافی مسائل جنم لے سکتے ہیں- ہر شخص جائیداد یا روپیہ پر قبضہ میں کرنے کی کوشش کرے گا- اگر ایسا معاملہ درپیش ہو تو قانونی طور پر مسئلہ حل کرنے کی کوشش کریں-

عطارد ۷ تاریخ تک گیارہویں گھر میں رہے گا- اس کے بعد بارہویں گھر میں داخل ہوگا- ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا- جہاں یہ آپ کی خواہشات کے معاملات پر مدد آور اثرات مرتب کر رہا ہے- بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ ڈالے گا- مشترکہ سرگرمیوں والے کام جو دوسروں کی مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے- ان کاموں کا اجر بھی ملے گا اور جوش وجذبہ بھی پیدا ہوگا- اگر کسی معاملے میں مدد کے خواہاں ہیں یا کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو اب آپ کو فوری طور پر مثبت جواب ملے گا جن نئے لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے- ان میں بہت سی باتیں آپ سے ملتی جلتی ہونگی- نیز لوگ آپ کو نقطہ نظر میں وسعت پیدا کرنے کی ترغیب دیں گے- عطارد ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا- لہٰذا ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر وتفریح، پارٹی، فنکشن، نشر واشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا- قریبی کاروباری افراد کے ساتھ میٹنگ، گفت شنید یا ملاقاتیں بھی آپ کو نئی سوچ عطا کریں گی- تاہم ۳، ۱۱، ۲۵، ۳۱ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں کیونکہ اس وقت عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا- ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے-

۲۹ تاریخ شمس زحل کی تربیع ہوگی- یہ وقت خاص طور پر کیریئر کے معاملات، جاہ طلبی، سرمایہ کاری کے امور اور معاہدات میں غیر معمولی التواء کا باعث بنے گا- اگرچہ پہلے سے کیے گئے کام پر عمل ہورہا ہوگا- تاہم کوئی غلط فہمی کام کو روک سکتی ہے- خاندانی افراد بھی جائیداد اور زمینوں کے حصول کے لئے دشمنی کریں گے- والدین اپنی پوزیشن کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے- لوگوں کے درمیان اپنا اعتماد قائم رکھنا بے حد ضروری ہوگا- انشورنس اور ٹیکس کے امور بھی توجہ طلب رہیں گے-

مریخ ۱۸ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہنے

کے بعد زائچے کے نویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہ آپ کے کاروباری سفر یا قانونی اور آفیشل کاموں میں تیزی لائے گا۔ اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کی بہتر نشوونما کرسکیں گے۔ اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر کررہے ہیں اپنی باقوت صلاحیتوں سے فیصلہ کن قدم اٹھایا تو کامیابی حاصل ہوگی۔ تاہم ان دنوں اپنے غصہ پر قابو رکھنا ہوگا۔ تعمیری کام، ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ کام میں غیر ضروری التواء اور پریشانی تھی اب وہ ختم ہوجائے گی۔ مریخ ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں اپنے اہم کاموں کو آگے بڑھائیں۔ قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ کرنا بہتر رہے گا۔ تاہم ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

برج جوزا۔ ستارہ عطارد

حروف:۔ ک۔ق

پیدائش:۔ مئی ۲۲ تا جون ۲۱

چنانچہ اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت اپنی بھرپور کوششوں کا آغاز کردیں اور اپنے روپے کو تحفظ دیں، غیر ضروری اخراجات کو قابو میں کریں اور اپنے لئے مواقع تلاش کریں۔

زہرہ ۷ تاریخ تک وتد السماء پر موجود رہے گا۔ اس کے بعد گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا۔ دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں، تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا تاہم وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ اس برج سے متعلقہ افراد عموماً ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب، گروپ، لائبریری، سوشل گروپ یا محفل میں شریک ہونا پڑے۔ اس قسم کی دلچسپیاں آپ کی زندگی میں بتدریج اہمیت اختیار کرجائیں گی۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ کاروباری معاہدات یا روپے کے حصول کے لئے لوگوں کے ساتھ ملاقات ہوگی۔ دوستوں کے حلقے میں نئے لوگوں کے ساتھ تعلقات قائم ہونگے۔ اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے مالی تعاون حاصل ہوگا اور قانونی مشکلات پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ نئے کاروبار یا شراکتی بنیادوں پر قائم معاہدات میں فائدہ ملے گا۔

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی۔ اس دن کے نزدیک آپ کے خیالات اور سوچ میں تبدیلی کیریئر پر اثر انداز ہوگی۔ حصول مال کے لئے دوسرے ذریعے اپنانے کی کوشش کریں۔ ایسے لوگوں سے رابطہ ہوگا جو روپیہ کمانے کے نئے راستے بتائیں گے۔ تاہم شریک زندگی سے متعلقہ جائیداد یا روپیہ کو تحفظ دینا ضروری ہوگا ورنہ عزت و اعتماد میں کمی واقع ہوگی۔ دوسروں کے مشورہ پر عمل کرنے سے قبل پوری معلومات حاصل کریں۔ ملازمت کے حصول یا تبادلہ رکوانے کے لئے زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔ والدین کی جائیداد یا زمینداری کے کاموں میں قانونی مسائل حل کرنے میں دشواری پیش آئے گی۔

عطارد ۷ تاریخ کو وتد السماء پر رہے گا۔ اس کے بعد گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ شروع کے دنوں میں بزنس سے متعلقہ معاملات اور کام کو آگے بڑھائیں بلکہ رابطے کرنے میں بہتری ملے گی۔ ذرائع آمدورفت بھی بہتر رہیں گے۔ وہ افراد جو ملازمت کے حصول کی کوشش کررہے ہیں۔ انہیں لوگوں کی طرف سے مثبت جواب ملے گا۔ اگر آپ ان سے کام لینا چاہتے ہیں تو وسط ماہ کے بعد ان سے رابطہ کرنا بہتر رہے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ ذہنی وسعت اور شعور کو بڑھانے کے لئے ہر طرح کی سرگرمی میں حصہ لیں۔ وسط ماہ کے بعد دوستوں کے ساتھ سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ تحریری کاموں، مشاغل میں وقت لگانا بہتر رہے گا۔ روزگار کے حصول اور اسے ترقی دینے کیلئے لوگوں سے رابطہ قائم کریں۔ ملاقاتوں کے ذریعے اپنے کام کو وسیع کریں۔ عطارد ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ سفر کے معاملات میں محتاط رہیں قانونی لین دین کے معاملے میں احتیاط رکھیں۔ ہر کام تحریری کریں۔ قریبی لوگ کاموں میں رکاوٹیں ڈالیں گے جس کی وجہ سے اہم معاملات کی طرف توجہ نہ دے سکیں گے۔ لوگوں سے ملنے اور گفت شنید کے ذریعے کام کو مکمل نہ کرسکیں گے۔ لوگوں کی خفیہ دشمنی کی وجہ سے کاروباری نقصانات ہونگے، زمین کی خرید و فروخت اور خاندانی جائیداد کے کاموں میں جھگڑا، خرابی تعلقات، روپے کا نقصان اور غلط اطلاع ملنے کی توقع ہے۔ قانونی مسائل کے لئے مشورہ ضرور لیں۔ صحت کی خرابی ہسپتال کے چکر لگوائے گی۔

مریخ ۱۸ تاریخ تک ساتویں گھر میں رہنے کے بعد زائچے کے آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے ساتھ مالی امور میں زائد دلچسپی لیں۔ یہ وقت ذہنی خرابی لاتا ہے۔ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کا رجحان ہوگا۔ مگر طریقہ غلط انداز سے ہوگا۔ دوسروں کو تکلیف ملے گی۔ اس ماہ جو روپیہ ہاتھ آئے گا وہ جلد ہی نکل بھی جائے گا۔ اس وجہ سے شریک زندگی سے جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔ خاندانی افراد کے درمیان میراث اور ترکہ سے متعلق اختلافی مسائل جنم لیں گے۔ ذہنی ٹینشن ملے گی۔ غصہ، جھگڑا اور جلد بازی سے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ اپنی اہم چیزوں کا خیال رکھیں، گم یا چوری ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ مریخ ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

برج سرطان۔ستارہ قمر

حروف:- ح۔ہ

پیدائش:- جون۲۲ تا جولائی ۲۳

اس ماہ سرطان سے متعلقہ زیادہ تر افراد کیریئر، ملازمت اور سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ اس ماہ قانونی معاملات بھی آپ کی موافقت میں ہونگے۔ وہ معاملات جو کافی عرصے سے پریشان کئے ہوئے تھے اب قانونی امور کے ذریعے حل ہوتے محسوس ہونگے۔

عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد وتد السماء پر آ موجود ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط و کتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ کسی جگہ تقریر یا اظہار خیال کے لئے آپ مدعو ہیں تو ان تاریخوں کا انتخاب کریں کیونکہ عطارد کی نظرات آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کریں گے اور آپ کی حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھا دیں گے۔ تاہم اگر آپ ۳، ۱۱، ۲۵، ۳۱ تاریخ کو سفر کر رہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کر لیں اور دیگر قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ نہ لیں۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ بیرون ملک سرمایہ کاری، غیر ملکی کمپنی کے ساتھ تعلقات بڑھانے اور معاہدات کے لئے بہتر وقت ثابت ہو گا۔ جائیداد کے معاملات آسانی کے ساتھ طے پا جائیں گے۔ ان دنوں ہر قسم کی تعلیمی معلومات حاصل کریں۔ قانونی مشورہ، بینک سے قرضہ، گفت شنید یا کاغذات بنانے کے لئے بھی یہ وقت بہتر ہوگا۔ بیرون ملک یا دور دراز کا سفر بہتر رہے گا۔ ذہنی شعور اور تخلیقی رجحانات ہی قابلیت کو بڑھانے میں مدد دیں گی۔

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی۔ ایسے کام جو جائیداد یا زمین سے متعلق ہوں ان میں غیر متوقع تبدیلی دیکھیں گے۔ کسی دوست کے ساتھ مل کر شراکتی کاموں میں حصہ لے رہے ہیں تو جلد بہتری کی امید نہ رکھیں۔ اپنی خواہشات کو حد سے آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں۔ بلکہ اپنے کام اور روزگار میں ہی رہتے ہوئے اسے مضبوط کریں۔ اس دن کے نزدیک اگر زمین یا مکان کی خریداری کر رہے ہیں تو کاغذات اور زمین سے متعلق صحیح معلومات کا حاصل کرنا ضروری ہوگا۔ ورنہ بعد میں پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ کچھ افراد آپ کی سوچ اور خیالات میں تبدیلی پیدا کریں گے اور تعلقات بھی ایسے لوگوں کے ساتھ بنیں گے جو غلط راستے پر ڈالیں گے۔

زہرہ ۷ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد دسویں گھر میں داخل ہو گا۔ چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری غرض سے ہو یا تفریحی نوعیت کا موافق ثابت ہوگا۔ درحقیقت یہ وقت ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے بے حد موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ کوئی لمبا سفر اختیار نہیں کر رہے ہیں تب بھی مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے۔ آپ تعلیمی سرگرمیوں، کاروباری یا عمرہ کے سفر پر جا رہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا۔ زہرہ اس ماہ کی ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری سیر و تفریح، محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا بہتر ثابت ہوگا۔ قانونی امور میں بھی یہ تاریخیں اہم ثابت ہونگی۔ آپ کے نزدیک اگر محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں تو یہ ماہ ان معاملات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ زہرہ ۳، ۱۱، ۲۶ تاریخ کو نحس نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں محتاط رہیں حکمت عملی سے کام لیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ بلا ارادہ ایسے کام کر بیٹھیں گے جس کی وجہ سے حسد اور رقابت کا سامنا ہوگا۔

۲۹ تاریخ کو شمس و زحل کی تربیع ہوگی۔ معاہدات یا جائیداد کے ایسے امور جو لین دین یا خریداری سے متعلق ہیں اس میں سوچ سمجھ کر روپیہ لگائیں قانونی امور کو مدنظر رکھیں۔ اگر کسی جلد منافع دینے والی اسکیم میں روپیہ لگایا ہے تو منافع دیر میں ملے گا۔ تاہم اگر ایسی اسکیموں میں حصہ لینا چاہ رہے ہیں جو مستقل مالی فائدہ دے، تو ان سے متعلق معلومات حاصل کریں۔ خاندانی جائیداد کے سلسلے میں قریبی رشتہ داروں کے درمیان اختلافات جنم لے سکتے ہیں۔ ہر شخص اپنی برتری ظاہر کرے گا اور قبضہ کرنے کی کوشش کرے گا۔ اگر ایسا معاملہ درپیش ہو تو قانونی حل تلاش کرنے کی کوشش کریں۔

مریخ ۱۸ تاریخ تک چھٹے گھر میں رہنے کے بعد طالع کے مقابل داخل ہوگا۔ لہذا نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ وہ افراد جو پہلے ہی سے شادی شدہ ہیں انہیں جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہوگی۔ اس ماہ تفریحی سرگرمیوں، سوشل زندگی اور سیر و تفریح بھی زائد رہے گی۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تفریحی سرگرمیوں اور زندگی کے لطیف پہلو پر توجہ دینے کے لئے آپ کے پاس زائد وقت اور روپیہ دونوں چیزیں ہونگی۔ کوا کبی رجحانات تخلیقی اور آٹسٹک سرگرمیوں کی موافقت میں بھی ہونگی۔ چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میداں کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونے کا وقت آ پہنچا ہے۔ وہ افراد جو بہت چمک دمک رکھنے والے پیشوں یا فلم اور تھیٹر کی دنیا میں ترقی کے خواہش مند ہیں اس ماہ کامیابی حاصل کریں گے۔ مریخ ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم مریخ طالع کے مقابل ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو کسی نوعیت کی مخالفت سے سابقہ پڑے گا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا۔

برج اسد۔ستارہ شمس

حروف:۔ م

پیدائش:۔ جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ کے پہلے پندرہ دنوں میں اپنے ماحول کے مطابق تبدیلی پیدا کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ کیونکہ اس وقت روزمرہ کے معمولات میں تبدیلیاں آئیں گی جو آپ کو تکلیف میں مبتلا کریں گی۔

مریخ ۱۸ تاریخ تک پانچویں گھر میں رہنے کے بعد زائچے کے چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔ جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ لہذا بہت سے محنتی افراد کی کوئی خواہش پوری ہوجائے گی۔ آفیسران آپ کے کام سے مطمئن بھی ہیں تو ترقی یا مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے جب کہ وہ افراد جو کاروباری ہیں یا وہ جو کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ جو اطمینان بخش ترقی لائے گا ان معاملات کے لئے ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں گے۔ اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔ ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آسکتا ہے۔ اس ماہ کو یقیناً حوصلہ افزاء اور موافق پائیں گے۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ کاروباری معاہدات اور روپے کے حصول کے لئے جن لوگوں سے ملاقات ہوگی ان سے فائدہ ہوگا۔ دوستوں کے حلقے میں نئے لوگوں کے ساتھ کاروباری تعلقات قائم کرنا ضروری ہوگا۔ کچھ ایسے لوگوں کے ساتھ ملاقات ہوگی جو آپ کے مقاصد کی تکمیل کے لئے مالی تعاون کریں گے۔ نئے کاروبار یا شراکتی بنیادوں پر قائم معاہدات سے مستقبل میں فائدہ ہوگا۔

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی۔ یہ دن شراکتی امور اور خاندانی جائیداد سے متعلق جھگڑا لائے گا۔ کسی شخص کے اچانک حادثہ کی وجہ سے پریشانی ملے گی لیکن اس سے متعلقہ میراث اور ترکہ کے حصول میں قریبی افراد کئی طرح سے رکاوٹیں حائل کریں گے۔ ان دنوں اہم کاغذات اور روپے کی چوری یا گم ہونے کی صورت میں پریشانی بھی آسکتی ہے۔ دوستوں کے ساتھ کسی بھی کام میں بغیر سوچے سمجھے شمولیت اختیار نہ کریں نہ ہی اپنی رقم سے کسی نئے کاروبار میں حصہ لینے کی کوشش کریں۔

زہرہ ۷ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد نویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس گھر تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے۔ اس ماہ مالی معاہدات پر زبردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے۔ جائیداد بنانے کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔ اگر آپ گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہتر گھر کی تلاش میں ہیں تو زہرہ کے نویں گھر میں داخلے کے بعد جو فیصلہ کرنا ہو کریں۔ وہ افراد جو کاروباری شراکت رکھتے ہیں امکان ہے کہ آپ کو کسی قریبی شخص کی خوش بختی کے نتیجے میں مالی فائدہ ملے گا۔ حالات جو بھی ہوں بہرحال ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہوگا آپ کو کسی ایسی بات کا علم ہوگا جس سے آپ کو فائدہ پہنچے گا۔ وہ افراد جن کی کسی وجہ سے شریک زندگی سے کچھ عرصے سے ناراضگی ہے تو ان کے دوبارہ ملاپ کا امکان ہے۔ کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہو جائے گا۔ اس قسم کی بات اس دن ہوسکتی ہے جس دن زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ آپ کے خیالات اور سوچ میں تبدیلی کیریئر پر اثر انداز ہو گی۔ حصول مال کے لئے دوسرے ذرائع اپنانے کی کوشش کریں۔ ایسے لوگوں سے رابطہ کریں جو روپیہ کمانے کے نئے راستے بتائیں۔ تاہم شریک زندگی سے متعلقہ جائیداد یا روپیہ کو تحفظ دینا ضروری ہوگا۔ دوسروں کے مشورہ پر عمل کرنے سے قبل پوری معلومات حاصل کریں۔ ملازمت کے حصول یا تبادلہ رکوانے کے لئے زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔ والدین کی جائیداد یا زمینداری کے کاموں میں قانونی معاملے حل کرنے میں دشواری پیش آئے گی۔

عطارد ۷ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد نویں گھر میں داخل ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی مقاصد کی طرف رجحان رہے گا اس سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ خط و کتابت یا دور دراز علاقے جانا یا بیرون ملک کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ شریک زندگی سے متعلقہ معاملات اور اپنے کام اور کاروبار کے سلسلے میں معاہدات، تحریری امور یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ وسط ماہ کے بعد لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل کرنا مشکل ہوگی۔ یہ وقت بہتر ملازمت حاصل کرنے کے سلسلے میں خط و کتابت یا دیگر الیکٹرونکس ذرائع استعمال ہوں گے۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج سنبلہ۔ستارہ عطارد

حروف:۔ ب۔ غ

پیدائش:۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ زندگی میں ذاتی مصروفیات بڑھ جائیں گی۔ اس ماہ کیریئر بنانے اور ملازمت پیشہ افراد کو تبدیلی ملے گی ان کا ٹرانسفر ہوگا یا پھر ترقی ہوکر کسی دوسرے شعبے میں جائیں گے۔ والدین کی طرف سے کافی امداد مل سکتی ہے۔

عطارد ۷ تاریخ تک طالع کے مقابل گھر میں رہے گا اور اس کے بعد آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس دوران وہ دوستی اور شراکتی اور تمام قریبی تعلقات پر دباؤ ڈالے گا۔ لوگوں کے ساتھ رابطہ کریں اور محفلوں میں شرکت کر کے تعلقات میں اضافہ کریں۔ یہ وقت ذہن کو تروتازگی عطا کرے گا۔ کاروباری ذہنیت رکھنے والے افراد کے لئے یہ ماہ مفید رہے گا تعلقات قائم کریں، اہم معاہدات پر دستخط کریں اور نئے خیالات پر عمل کرنے کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ آٹھویں گھر میں داخلے کے بعد میراث اور ترکہ کے علاوہ قانونی معاملات میں مشکلات پیدا ہونگی۔ غلط فہمی کسی بھی معاملے میں التواء پیدا کرے گی۔ ان تمام معاملات کے لئے ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہوگی۔ ان تاریخوں میں اہم خطوط لکھنے، نشرواشاعت، سیروتفریح کی سرگرمیاں اور تجارتی معاہدات کے لئے بھی یہ تاریخیں مفید ثابت ہونگی۔ تاہم ۳، ۱۱، ۲۵، ۳۱ تاریخ دوسروں کے ساتھ تعلقات اور معاملات طے کرنے کے لحاظ سے بے حد احتیاط کی متقاضی ہے۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ ایسے تمام معاملات جن میں لوگوں کی مہربانیاں شامل ہونگی وہ روزگار اور ترقی کے امور میں فائدہ مند ثابت ہونگی۔ کاروباری افراد اور جاننے والوں کے درمیان غلط قسم کا پروگنڈا کرنے کی بھی کوشش ناکام ہوگی۔ اگر فہم وفراست سے کام لیا اور اپنی صلاحیتوں کو استعمال کیا تو راستے آسان ہو جائیں گے۔

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی شریک زندگی اور گھر والوں کے ساتھ اختلافی معاملے جنم لیں گے ہوسکتا ہے کہ جائیداد یا روپے سے متعلق معاملات ہوں۔ نئی رشتہ داری زیادہ دیرنہ رہ سکے گی۔ شادی، نسبت کے کاموں میں رکاوٹ حائل ہوگی۔ بلکہ صحیح رابطے نہ ہونے کے باعث اخراجات زائد اور نقصان بھی ہوگا۔ اگر زمین، مکان کی خریداری کر رہے ہیں تو تحریری معاہدات اور قانونی تقاضے پورے کرنے ضروری ہونگے ورنہ سودا ہونے کے بعد پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ستارہ زہرہ ۷ تاریخ تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اس کے بعد آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس گھر کا تعلق ہر قسم کی شراکتی معاملات اور قریبی تعلقات سے ہے۔ چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے کچھ مشکلات لائے گا۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے آنے والا وقت موافق ثابت ہوگا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہو جائیں گے۔ اگر کسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ کا انتخاب کریں۔ زہرہ جب آٹھویں گھر میں داخل ہو گا تو ہر قسم کی گفت شنید اور بحث مباحثے مصروفیت پیدا کریں گے۔ اگر آپ کسی اہم کاروباری معاملے کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو آپ کے حق میں بہتر یہی ہے کہ آپ حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں معاہدہ کریں۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ ایسے کام جو جائیداد یا زمین سے متعلق ہوں گے ان میں غیر متوقع تبدیلی دیکھیں گے۔ کسی دوست کے ساتھ مل کر شراکتی کاموں میں حصہ لے رہے ہیں تو جلد بہتری کی امید نہ رکھیں۔ اپنی خواہشات کو حد سے آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں۔ بلکہ اپنے کام اور روزگار میں ہی رہتے ہوئے اسے مضبوط کریں۔ اس دن کے نزدیک اگر زمین یا مکان کی خریداری کر رہے ہیں تو کاغذات اور زمین سے متعلق صحیح معلومات کا حاصل کرنا ضروری ہوگا۔ ورنہ بعد میں پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ کچھ افراد آپ کی سوچ اور خیالات میں تبدیلی پیدا کریں گے اور تعلقات بھی ایسے لوگوں کے ساتھ بنیں گے جو غلط راستے پر ڈالیں گے۔

مریخ ۱۸ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہنے کے بعد پانچویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس ماہ باقوت اثرات مرتب کرے گا۔ اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں کی موافقت میں ہوگی۔ مریخ ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو انعامی اسکیموں، کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں۔ تاہم ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکانات ہیں اس کے علاوہ غلطیاں بھی کر سکتے ہیں۔ مریخ محبت کے معاملات میں بہتری کی نشاندہی کر رہا ہے۔ غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی و نسبت کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت گوں نا گوں واقعات لائے گا۔ کوئی دعوت، مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات بہت اہمیت کی حامل ثابت ہوسکتی ہے۔ اس سلسلے میں ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ اہم ثابت ہوگی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں لاسکتی ہیں۔ اس ماہ کے وسط میں پڑوسیوں، قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہوگا۔

برج میزان۔ستارہ زہرہ

حروف:- ت۔ٹ۔ر۔ط

پیدائش:- ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

میزانی افراد اس ماہ جس جگہ کام کرتے ہیں وہاں اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ کاروباری لین دین اور روپے کے معاملات میں دشواری محسوس کریں گے۔ تعلیمی و دیگر نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ سے واسطہ پڑے گا۔ ہر کام میں ذہنی دباؤ ملے گا۔

زہرہ ۷ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا اس کے بعد ساتویں گھر میں داخل ہوگا۔ لہذا اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی۔ لیکن مشکلات سے واسطہ پڑے گا۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں انہیں بہت محنت کرنی پڑے گی۔ وہ افراد جنہیں کام اور روزگار کے معاملات میں مشکل حالات کا سامنا ہو رہا ہے یا وہ افراد جنہیں زائد کام سے واسطہ پڑا تھا ان کے بوجھ میں کمی آجائے گی لیکن ان کو کوئی پزیرائی نہیں ملے گی۔ زہرہ بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کے ماحول میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس وقت گہرے جذباتی

تضادات بھی ابھر کر سامنے آسکتے ہیں۔ آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کی طرف رہے گی۔ ان دلچسپیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا ان میں تبدیلی لانے کی کوشش ہے تو یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ سوشل زندگی میں سرگرمی آئے گی اور جوش پیدا ہوجائے گا۔ سیر وتفریح پر جانے اور لوگوں سے ملنے نئے دوست بنانے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملے گا۔ چنانچہ اس ماہ کی ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ اس سعد وقت میں ایسے لوگ مشورہ دیں گے تاکہ آپ سرمائے کو شراکتی بنیادوں پر لگاسکیں۔ اس سے متعلق معلومات اکٹھی کریں یا کسی پروفیشنل شخص سے مشورہ کریں۔ قانونی امور میں حائل مشکلات اب دور ہوتی ہوئی محسوس ہونگی۔ ان دنوں پوری توجہ کے ساتھ ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی۔ لہذا مالی اور کاروباری پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ لوگ غیر ضروری اخراجات کروائیں گے۔ بلکہ صحیح رابطے نہ ہونے کی وجہ سے مالی نقصان کا بھی باعث بنے گا۔ ملازمین پروڈکشن نہ دینے اور مشینری کی خرابی کا بھی باعث بن سکتے ہیں۔ اخراجات ذہنی ٹنشن اور ڈپریشن کا باعث بنے گا۔ صحت کی طرف پوری توجہ دیں۔ پیٹ اور جگر کے امراض کئی طرح کی مشکلات پیدا کرسکتے ہیں

عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا اور اس کے بعد طالع کے مقابل آجائے گا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اگر کسی کاروبار یا روزگار سے متعلق آپ کو کسی معاملے نے الجھن میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ واضع ہوجائے گا اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہوجائے گی اس ماہ آپ روزگار اور مستقبل کے تحفظ سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ دیں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کریں۔ آپ کی زیادہ تر توجہ روزگار اور کام کے معاملات پر رہے گی۔ اگر آپ کا اپنا کاروبار ہے یا نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پاسکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہوگا۔

وسط ماہ کے بعد رشتہ داروں اور شریک زندگی کے ساتھ معاملات میں احتیاط رکھیں کچھ غلط فہمیاں نقصان دیں گی۔ بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں اور پھر ایک مضبوط اور مستحکم بنیاد قائم کریں۔ کام اور روزگار کے معاملات کچھ پریشانی اور مشکلات کا سبب بنیں گے۔ حالات بہتر ہونے میں وقت لگے گا۔ ملازمت کی درخواستیں ارسال کرنے، انٹرویو دینے، معلومات حاصل کرنے اور کسی بھی نوعیت کے ذاتی کام کا آغاز کے لئے ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ کا وقت موافق ثابت ہوگا۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ شراکتی امور اور خاندانی جائیداد سے متعلق جھگڑا ہو سکتا ہے۔ کسی شخص کے اچانک حادثہ کی وجہ سے پریشانی ملے گی اس ماہ سفر ہونگے لیکن وہ خوشی کا باعث نہ ہونگے۔ قانونی معاملات پریشانی کا سبب بنیں گے۔ ان دنوں اہم کاغذات اور روپے کی چوری یا گم ہونے کی صورت میں پریشانی بھی آسکتی ہے۔ دوستوں کے ساتھ کسی بھی کام میں بغیر سوچے سمجھے شمولیت اختیار نہ کریں نہ ہی اپنی رقم سے کسی نئے کاروبار میں حصہ لینے کی کوشش کریں۔

مریخ ۱۸ تاریخ تک تیسرے گھر میں رہنے کے بعد زائچے کے چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا مگر یہ باقوت انداز میں مسائل کو سلجھانے میں مدد آور ثابت ہوگا۔ گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے۔ لہذا اگر گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہرگز مول نہ لیں۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو چھوٹے بچوں پر خاص طور پر نگاہ رکھیں کیونکہ ان دنوں شرارت اور سرکشی اختیار کریں گے۔ مریخ کی اس گھر میں موجودگی گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنادے گی۔ اگر گھر میں کوئی دعوت کرنی ہے یا کسی فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ مریخ ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک وشبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔

برج عقرب۔ ستارہ مریخ، پلوٹو

حروف:- ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن

پیدائش:- ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر

اس ماہ خواہشات کو قابو میں رکھنا ہوگا۔ مالی اسکیم میں حصہ نہ لیں۔ تخلیقی امور نئے راستوں کا انتخاب کرے گا۔ کاروباری معاملات ودیگر سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ کوئی بھی تبدیلی خوش کن ثابت ہوگی۔

مریخ ۱۸ تاریخ تک دوسرے گھر میں رہنے کے بعد زائچے کے تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ اس کی موجودگی خاندانی رشتہ داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں ضروری تبدیلی سے واسطہ پڑے گا۔ اس ماہ قریبی رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا اور تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ محبت کے معاملات میں بہتری آئے گی۔ رشتہ ہوجائے گا۔ سوشل سرگرمیوں میں قریبی افراد سے مدد ملے گی۔ آپ ہر کام باقوت اور باصلاحیت طریقے سے کریں گے۔ پرانی غلطیوں کا ازالہ کریں گے۔ خرید وفرخت اور مکینکل اور مشینری کی خریداری یا کسی انعامی اسکیم میں حصہ لینا بہتر ثابت ہوگا۔ کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی و ذہنی نشوونما ہوگی باقوت قدم اٹھانے میں بھی آسانی رہے گی۔ بلکہ خود اعتمادی بھی پیدا ہوگی۔ مریخ ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ یہ وقت قانونی معاملات کو سلجھانے اور معاہدات کو قانونی شکل دینے کے لئے موثر ثابت ہوگا۔ دور دراز کے سفر خوشی دے گا۔ کاروباری امور کے لئے خط و کتابت میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ بیرون ملک کسی اہم معاملے کو حل کرنے میں آسانی ہوگی۔ تعلیمی سرگرمیوں کے سلسلے میں آگے بڑھنا بہتر رہے

گا۔ مطالعہ اور روحانی علوم کی طرف توجہ دینے سے عقل وشعور میں وسعت پیدا ہوگی۔

۱۱تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی۔ دور دراز علاقے میں رہنے والے رشتہ داروں کے ساتھ زمین اور جائیداد کے معاملات جھگڑے کا باعث بن سکتے ہیں۔ سفر میں احتیاط رکھیں۔ قانونی معاملات کی طرف دھیاں دیں۔ انعامی اسکیم لاٹری' معموں یا کھیلوں میں روپیہ لگانے اور ان کے ذریعے منافع حاصل کرنے کی طرف رجحان رہے گا۔ یہ دن کسی بھی حساس معاملے کو آگے بڑھانے' تحریری کام یا معاہدات کے لئے بہتری نہ لائے گا۔ شریک زندگی کے مال واسباب کو کسی بھی مقصد میں لگانے سے گریز کریں۔ اہم چیزیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔

زہرہ ۷تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا اس کے بعد چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔ محبت کے معاملات' سوشل زندگی اور سیر وتفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ چنانچہ ان افراد کے لئے محبت کے معاملات دیرپا ثابت ہونگے۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ وقت پرخوش ثابت ہو گا۔ زہرہ ۸' ۱۳' ۱۹' ۲۳' ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی آئے گی۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ایسے افراد جو تھیٹر' ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ اگر آپ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔ تاہم زہرہ ۳' ۱۱' ۲۶ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ ان دونوں انعامی اسکیموں میں روپیہ نہ لگائیں۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی شریک زندگی اور گھر والوں کے ساتھ جھگڑا ہوسکتا ہے چاہے وہ جائیداد یا روپے سے متعلق معاملات ہو۔ نئی رشتہ داری زیادہ دیر ٹھہر نہ سکے گی۔ شادی' نسبت کے کاموں میں رکاوٹ حائل ہوگی۔ صحیح رابطے نہ ہونے کے باعث اخراجات زائد اور نقصان بھی ہو گا۔ اگر زمین' مکان کی خریداری کررہے ہیں تو تحریری معاہدات اور قانونی تقاضے پورے کرنے ضروری ہونگے ورنہ سودا ہونے کے بعد پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

عطارد ۷تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہیگا۔ اس کے بعد چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس گھر میں موجودگی قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے' میل جول بڑھانے اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی کوشش کریں۔ اس ماہ سفر بھی خوشگوار ثابت ہونگے۔ تحریری کام' اخبارات ورسائل کے ذریعے ادبی حلقوں میں اپنے آپ کو روشناس کروانے میں مدد ملے گی۔ اس وقت آپ کی سوچ اور تعلقاتی ذرائع الگ طرح سے کام کریں گے۔ زیادہ تر قسمت کے نمبر، بانڈر کے نمبر اور بیرونی کرنسی کے حصول میں دلچسپی لیں گے اور اس میں انوسٹمنٹ کر کے اپنے مال واسباب کو تیزی سے بڑھانے کی کوشش فائدہ دیں گی۔ عطارد کی موجودگی میں جو خط وکتابت ہوگی اس کا جواب ضرور ملے گا۔ ملازمین کے ساتھ بہتر رابطے کام کی رفتار کو تیز کردیں گی۔ تاہم جسمانی صحت کی طرف سے پوری طرح آگاہ ہونا ضروری ہے۔ اپنی ذہنی و جسمانی قوت کو بڑھانے کی ضرورت ہو گی۔ عطارد ۸' ۱۴' ۱۹' ۲۳' ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج قوس۔ستارہ مشتری

حروف:۔ ف

پیدائش:۔ نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲

اس ماہ قوسی افراد دوستوں کے ساتھ معاملات میں غیر معمولی تبدیلی دیکھیں گے۔ اس ماہ تعلقات میں دھوکہ ہوگا۔ بارسوخ افراد کو متاثر کرنا آپ کے لئے مشکل ہوگا اور اگر اہم کاموں کو لے کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں تو اس وقت جارحانہ رویہ اختیار کرنا موافق نہ ہوگا۔

زہرہ ۷تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا اس کے بعد پانچویں گھر میں داخل ہو گا۔ اس گھر پر باقوت کواکب کا دباؤ ہے۔ گھریلو اور خاندانی افراد پرخوش قسمت اور موافق اثر مرتب ہورہے تھے جس سے والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ پیدا ہوا ہے تو وسط ماہ کے بعد حالات بہتر ہو جائیں گے۔ کواکبی رجحانات اس بات کی نشاندہی کررہے ہیں کہ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ بچوں کے مستقبل کے لیے بانڈز یا ٹھوفکیٹ کا حصول بہتر رہے گا۔ اس ماہ جائیداد کے لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پاجائیں گے اور وہ افراد جو بچوں کی وجہ سے گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے آسانی رہے گی۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۸' ۱۳' ۱۹' ۲۳' ۲۸ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہو گی۔ کاروباری شراکت داری کے امور اور روپے کے حسابات میں احتیاط رکھیں۔ جائیداد سے متعلق قانونی چارہ جوئی بہتر رہے گی۔ اس وقت صحت کی خرابی کی وجہ سے پریشانی آسکتی ہے جس پر قابو پاسکیں گے۔ روحانی علوم اور مطالعہ کی طرف توجہ دیں اپنے خیالات اور سوچ کو مثبت انداز سے اپنائیں۔

۱۱تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی گھریلو امور اور لوگوں کے درمیان متنازعہ معاملات بڑے مسائل کی طرف اشارہ کررہے ہیں۔ ہر شخص اپنی بات کرے گا۔ یہ وقت غلط فہمی لائے گا۔ قریبی رشتہ داری کے معاملات میں جائیداد کے حصول سے متعلق امور میں تلخ کلامی آسکتی ہے۔ جو لوگ زمینداری کا کام کرتے ہیں انہیں قانونی مسائل سے واسطہ پڑے گا۔ کئی طرح سے تحریری کاموں کی طرف توجہ دینی پڑے گی۔

عطارد ۷تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا اس کے بعد پانچویں گھر میں آجائے گا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس کی موجودگی گھر اور گھر کے مسائل حل کرنے' والدین کے ساتھ مل کر گھر کی حالت بہتر بنانے کی کوشش کریں' اس کے علاوہ اگر گھر تبدیل کررہے ہیں یا کسی جگہ کی

خریداری کررہے ہیں تو ان سے متعلقہ معلومات حاصل کریں۔اس ماہ ذہنی بے چینی ہوگی، ہرطرح سے زندگی میں تبدیلی لانا چاہیں گے۔ زمین اور جائیداد کرخرید وفروخت کرکے بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔اس ماہ بحث مباحثہ اورلوگوں کو الفاظ کے جادو سے اوراپنا پن دیکھا کرخریداروں کے دل مول سکتے ہیں۔اس ماہ خط یا خبر ملے گی تو سفر کرنے پڑیں گے بلکہ تعلیمی سرگرمیوں کے سلسلے میں کسی شعبے میں داخلہ لینا بھی ضروری ہوگا۔ محبت کے معاملات ہوں یا قسمت بدلنے کے، کسی کھیل یا انعامی اسکیم میں حصہ لے کر روپیہ کمانے کی کوشش کریں۔ عطارد۳، ۸، ۱۹، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات بنائے گا۔ان دنوں تحریری امور، پبلشنگ اور نئی معلومات حاصل کرنے میں لوگوں کی مدد حاصل رہے گی۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی مالی اور کاروباری پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ لوگ غیر ضروری اخراجات کروائیں گے۔ بلکہ رابطے نہ ہونے کے باعث مالی نقصان ہوگا۔ ملازمین پروڈکشن نہ دیں گے اور مشینری کی خرابی نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔اخراجات ذہنی ٹنشن اور ڈپریشن کا باعث بنے گا۔صحت کی طرف پوری توجہ دیں۔ پیٹ اور جگر کے امراض مشکلات لاسکتے ہیں۔

مریخ ۱۸ تاریخ تک طالع میں رہنے کے بعد خانہ مال میں داخل ہوگا۔یعنی کاروباری لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ حالات اس ماہ آپ کو بہترین سرمایہ کاری کرنے کا موقع دیں گے۔ میکینکل اور ٹیکنیکل کام اس ماہ باآسانی ہوجایا کریں گے۔اس ماہ دوست کس ساتھ بھرپور وقت گزاریں گے۔اس ماہ لین دین اور حسابات میں جلد بازی سے غلطیاں ہونگی۔ غیر ضروری اخراجات سے جلد غصہ آجایا کرے گا۔ تاہم تحمل مزاجی سے کام لیں۔یہ وقت مشکلات کا باعث بنے گا۔اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی طور پر چوٹ لگ سکتی ہے۔ مریخ ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں مکینکل اور ٹیکنیکل کام کروانا بہتر رہے گا۔ تاہم ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔

برج جدی۔ستارہ زحل

حروف:۔ ج۔خ۔گ

پیدائش:۔ دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو ذاتی کام شروع کرنا چاہتے ہیں یا وہ افراد جو فاضل وقت کی کسی سرگرمی کو نفع بخش طریقے سے استعمال میں لانا چاہتے ہیں ان کے لئے بھی یہ ماہ دشواریاں لائے گا۔

مریخ ۱۸ تاریخ تک بارہویں گھر میں رہنے کے بعد طالع میں داخل ہوگا۔اس کی موجودگی ذہنی اور جسمانی طور پر قوت فراہم کرے گی۔اس ماہ جن کاموں کی طرف توجہ دیں گے۔ ترقی کرنے اور کاروبار کو وسیع کرنے کے علاوہ جہاں آپ ملازمت کررہے ہیں وہاں بھی آپ کی بہترین صلاحیتوں کے عوض ترقی کے امکانات روشن ہونگے۔ تعمیری کاموں میں حصہ لینا یا ٹیکنیکل شعبے میں مہارت حاصل کرنا بہتری لائے گا۔اس ماہ ایسی سرگرمیوں میں حصہ لیں جس سے ذہنی قابلیت کو بڑھانے میں مدد ملے۔ مریخ ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو محتاط رہیں جب یہ غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔حادثہ یا جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ معاہدات، سرمایہ کاری کے سلسلے میں رابطے بہتر رہیں گے۔ پیشہ وارانہ معاملات اور ملازمت میں ترقی اور لوگوں سے رجوع کرنے کے لئے بہتر وقت ہوگا۔یہ وقت سسرالی رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان اہم تعلق کی بنیاد رشتوں کو جوڑ دے گا۔سفر خوشی دے گا۔

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت خاص طور پر کیریئر کے معاملات، جاہ طلبی، سرمایہ کاری کے امور اور معاہدات میں غیر معمولی التواء کا باعث بنے گا۔اگرچہ پہلے سے کئے گئے کام پر عمل ہورہا ہوگا۔ تاہم کوئی غلط فہمی کام کو روک دے گی۔ خاندانی افراد بھی جائیداد اور زمینوں کے حصول کے لئے دشمنی کریں گے۔ والدین اپنی پوزیشن کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے۔لوگوں کے درمیان اپنا اعتماد قائم رکھنا بے حد ضروری ہوگا۔ انشورنس اور ٹیکس کے امور بھی توجہ طلب ہونگے۔

عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے تیسرے گھر میں رہے گا اس کے بعد چوتھے گھر میں آجائے گا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان کئی معاملات حل طلب ہونگے۔ضرورت سے زائد کاموں کو فوری طور پر مکمل کرنے کا رجحان رہے گا۔ والدین سے متعلقہ گھر یا جائیداد، حسابات یا تحریری کاموں کے سلسلے میں پیش رفت بہتر رہے گی۔ اگر گھر تبدیل کررہے ہیں یا گھر کو ازسرنو ترتیب دینا چاہتے ہیں تو اس وقت کھلے ذہن کے ذریعے اور آرٹسٹک خیالات کو بروئے کار لاتے ہوئے بہتر پلاننگ کرسکیں گے۔ روزمرہ کے سفر بہتر رہیں گے۔ اس ماہ کے تیسرے ہفتے میں ذہنی رجحان اور خیالات تیزی سے تبدیل ہوجائیں گے۔آپ کے اندر جوش و جذبہ حصول مال کے لیے بڑھ جائے گا۔نئی پلاننگ اور حکمت عملی کریں۔محبت کے معاملات، اولاد سے متعلقہ تعلیمی سرگرمیوں اور کھیلوں سے متعلق امور میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔لہذا منتشر خیالات سے ذہنی دباؤ، چڑچڑاپن اور کئی طرح کے معاملات اور دردسری کو دور کرسکیں گے۔ عطارد ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ دوستوں کے ساتھ کسی بھی سرمایہ کاری یا شراکتی کاموں میں حصہ نہ لیں۔ آپ کے اندر خواہشات کے انبار ایسا کرنے پر مجبور کریں گے۔صبر وتحمل سے کام لینا ہوگا۔بڑی عمر کے افراد آپ کو صحیح گائیڈ نہیں کریں گے۔ ایسے وقت کو معلومات حاصل کرنے اور مشورہ طلب کرنے کی کوشش کریں۔

زہرہ ۷ تاریخ تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران

سیر وتفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا۔ شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے عرصہ ہو چکا ہے۔ یا پھر کسی رشتہ دار کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے۔ یعنی کوئی ایسی بات ہوگی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی۔ اگر حال ہی میں قریبی رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ وسط ماہ کے بعد آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن وسکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد دے گا۔ اختلافات اور ایسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی۔ زہرہ ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں سیر وتفریح کریں، کسی شادی میں شریک ہو یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں یہ وقت خوشگوار رہے گا۔

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس

حروف:- س۔ش ش۔ص

پیدائش:- جنوری ۲۱ تا فروری ۱۹

اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت اپنی کوششوں کا آغاز نہ کریں اور اپنے روپے کو تحفظ دیں، غیر ضروری اخراجات کو قابو میں کریں اور اپنے لئے مواقع تلاش کریں۔

عطارد ۷ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا اس کے بعد تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ تحریری کام کے علاوہ نشر واشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات میں اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھ سکیں گے۔ اس ماہ آپ اپنے اندر خود تبدیلی محسوس کریں گے۔ کام، کاروبار اور گھر کو بہتر کرنے کا فیصلہ بہتر رہے گا۔ سفر زائد ہونگے۔ تاہم جو بھی سفر ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں زائد حصہ لیں۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کرسکیں گے۔ لکھنے لکھانے، تحریری کاموں میں باقوت سوچ کے ذریعے بہتر طریقے کار وضع کرسکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھنا اور کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی۔ عطارد ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہو گی۔ کاروباری مراسم بہتر ہو جائیں گے۔ بینک سے قرضہ لیں یا انعامی اسکیموں میں شامل ہونا چاہیں تو امید کی نئی کرن اجاگر ہو گی۔ کوئی شخص آپ کی زندگی میں اہم تبدیلی پیدا کرے گا جس کے تعاون سے نمایاں کامیابی حاصل کریں گے۔ معاہدات جو نئی تبدیلی لاسکیں اور معلومات جو تخلیقی عنصر کو بڑھا سکے، ایسے راستے اختیار کرنا بہتر رہے گا۔ روحانی علوم کا مطالعہ کریں اور ذہنی سکون حاصل کریں۔

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی۔ یہ دن شراکتی امور اور خاندانی جائیداد سے متعلق جھگڑا لائے گا۔ کسی شخص کے اچانک حادثہ کی وجہ سے پریشانی ملے گی لیکن اس سے متعلقہ میراث اور ترکہ کے حصول میں قریبی افراد کئی طرح سے رکاوٹیں حائل کریں گے۔ ان دنوں اہم کاغذات اور روپے کی چوری یا گم ہونے کی صورت میں پریشانی بھی آسکتی ہے۔ دوستوں کے ساتھ کسی بھی کام میں بغیر سوچے سمجھے شمولیت اختیار نہ کریں نہ ہی اپنی رقم سے کسی نئے کاروبار میں حصہ لینے کی کوشش کریں۔

زہرہ ۷ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا۔ اس کے بعد تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہم ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت مالی معاملات میں غیر معمولی ابتری لائے گا۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے متعلق ہے۔ وسط ماہ کے بعد اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہوگا۔ مالی معاملات کے لئے ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ وہ افراد جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ یا وہ جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جاہ طلب اور مہم جو ہیں تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ کیریئر کے معاملات میں بڑی تبدیلی آئے گی۔ آپ کا ٹرانسفر کردیا جائے گا۔ یا کسی شخص کی وجہ سے آپ کا درجہ کم کردیا جائے گا۔ لوگوں کے درمیان متنازعہ معاملات بڑے مسائل کی طرف اشارہ کررہے ہیں۔ اچانک صحت کی خرابی آئے گی۔ والدین میں سے کوئی متاثر ہوگا۔ رشتہ داری کے معاملات میں جائیداد کے حصول سے متعلق امور میں تلخ کلامی آسکتی ہے۔

مریخ ۱۸ تاریخ تک گیارہویں گھر میں رہنے کے بعد زائچے کے بارہویں گھر میں داخل ہو گا۔ یہ ماہ آپ کے اردگرد زبردست سرگرمی کا سبب بنے گا۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات معمولی نوعیت کی گھریلو تبدیلیوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں لوگوں سے تکرار اور جھگڑے کا بھی خطرہ ہے۔ کیونکہ یہ آپ کی رائے سے اتفاق نہ کریں گے۔ تاہم ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخیں پریشان کن قسم کے قریبی افراد سے نبٹنے کے لئے موافق ثابت ہونگی اور اگر اندر ہی اندر جو اختلاف اور غلط فہمیاں پریشان کررہی ہیں انہیں دور کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ تاہم آپ کو حکمت عملی اور بے حد سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ کوا کبی رجحانات بے حد دھماکہ خیز صورت کی نشاندہی کررہے ہیں۔ تاہم ۱، ۹، ۲۲، ۳۰ غیر موافق تاریخوں میں وہ افراد جن کی اپنی سواری ہے اور خود ہی چلاتے ہیں انہیں بے حد محتاط رہنا چاہئے۔ ان دنوں تیز رفتاری کے نتیجے میں چالان ہوسکتا ہے۔ مشینری کے ٹوٹنے کا خطرہ بھی ہے۔

برج حوت۔ستارہ مشتری،نپچون

حروف:- د۔چ

پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

مالیاتی امور میں فائدہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔مالی امور کے کام میں سست روی آئیگی۔ اس ماہ اچانک بیرون ملک سے خوش خبری ملے گی یا بہت پرانا دوست ملے گا۔جس کی مدد سے نئے کیریئر کا آغاز کریں گے۔

زہرہ ۷ تاریخ تک طالع میں موجود رہے گا۔ اس کے بعد خانہ مال میں داخل ہوگا۔کاروبار اور ملازمت میں بہتری آئے گی۔ان دنوں جو بھی شخص آپ کی زندگی میں آئے گا وہ مدد کرے گا۔اور اس کی وجہ سے اپنے خیالات میں تبدیلی محسوس کریں گے۔وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک کاموں میں ملوث ہیں۔انہیں وقت کی قدر کرنی چاہیے، اپنی لاپرواہی سے مالی اور گھریلو پریشانی کی وجہ بنتے ہیں۔ذرا سی عدم توجہ ہی کام میں بگاڑ پیدا کرسکتی ہے۔اپنی صلاحیتوں اور کام کے ذریعے لوگوں میں اہمیت اختیار کر جانے کی کوشش کریں۔اسی طرح ذرائع آمدن میں بہتری کے امکانات موجود ہیں جسمیں کامیاب رہیں گے۔ذہنی سکون کے لئے سیر و تفریح کے پروگرام بنائیں اور اپنے ماحول کو خوبصورت اور آرام دہ بنانے کے لیے قیمتی اشیاء کی خریداری ذہنی سکون دے گی۔ زہرہ ۸، ۱۳، ۱۹، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔اس دن کے نزدیک آپ کا زیادہ تر وقت رشتہ داروں کے مطالبات کو پورا کرنے میں گزرے گا۔تحریری کام، پبلشنگ، رسل و رسائل کے امور بھی فائدہ دیں گے۔ زائد اخراجات منافع کا باعث بنیں گے۔کرنے پڑیں گے۔نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں تو معاہدات کو تشکیل دیں ساتھ ہی معلومات اکھٹی کرنا بہتر رہیگا۔ان دنوں قانونی مشورہ طلب کریں، باحیثیت افراد کا تعاون حاصل کریں، رشتہ داروں اور بھائیوں کا تعاون بھی کئی آسانی لائے گا

۱۱ تاریخ کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی۔ سفر کے معاملات میں محتاط رہیں قانونی اور لین دین کے معاملے میں احتیاط رکھیں۔ہر کام تحریری کریں۔ قریبی لوگ کاموں میں رکاوٹیں ڈالیں گے۔اہم معاملات کی طرف توجہ نہ دے سکیں گے۔لوگوں سے ملنے اور گفت شنید کے ذریعے کام مکمل نہ کرسکیں گے۔ لوگوں کی خفیہ دشمنی کی وجہ سے کاروباری نقصانات ہونگے، زمین کی خرید و فروخت اور خاندانی جائیداد کے کاموں میں جھگڑا، خرابی تعلقات، روپے کا نقصان اور غلط اطلاع ملنے کی توقع ہے قانونی مسائل کے لئے مشورہ ضرور لیں۔

عطارد ۷ تاریخ تک طالع میں رہے گا اس کے بعد خانہ مال میں آجائے گا۔ ۲۴ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔چنانچہ عطارد کی موجودگی آپ کے لئے پرلطف اور سرگرم وقت لائے گی۔ اپنے آپ کو جسمانی اور ذہنی دونوں لحاظ سے غیر معمولی طور پر سرگرم اور چست محسوس کریں گے۔چنانچہ تھوڑے وقت میں آپ بہت کچھ حاصل کرسکیں گے۔وہ افراد جو حال ہی میں روزمرہ کے معمولات کی وجہ سے بندھ سے گئے تھے۔وہ یقیناً" حالات میں بہتری دیکھیں گے گھر سے باہر نکلنے اور گھومنے پھرنے، نئے لوگوں سے تعلقات قائم کرنے اور نئی سرگرمیاں اختیار کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں یا تعلیم کو بہتر بنانا چاہتے ہیں ان کے لئے طالع میں عطارد کی موجودگی بے حد موافق ثابت ہوگی۔ عطارد ۸، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔لہذا نشرواشاعت، سفر، سیر و تفریح، تحریرات اور ذاتی مقاصد کی دلچسپیوں سے متعلقہ اہم معاملات کے لئے تاریخیں موافق ثابت ہونگی۔ان دنوں مسائل کو حل کرنا آسان ہوگا۔اگر ان دنوں کوئی انٹرویو دینا ہے یا کسی میٹنگ میں شرکت کرنی ہے تو موافق نتائج برآمد ہونگے۔ تاہم عطارد ۳، ۱۱، ۲۵، ۳۱ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔لہذا ان دنوں، سفر، افواہیں اور غیر ضروری افراد آپ کا وقت ضائع کریں گے۔ان دنوں ملاقاتیں یا پارٹیوں میں محتاط رویہ رکھیں۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ قریبی رشتہ داروں کا آنا جانا ہوگا۔ اپنے مطلب کے لئے زیادہ مہربان واقع ہونگے۔ تحریری معاہدوں، کاروبار کو وسیع کرنے یا کسی شخص کے ساتھ مل کر شراکتی بنیادوں پر کام شروع کررہے ہیں۔ تو اس وقت جو بھی معاہدہ ہوگا وہ خرابی کا باعث بنے گا۔قریبی شخص گھر والوں کی سوچ و خیالات کو تبدیل کرے گا اور کام کو الگ کرنے کا مشورہ دے گا۔ لہذا دوسروں کے سکھائے ہوئے سبق کے ذریعے نقصان اٹھائیں گے

مریخ ۱۸ تاریخ تک وتد السماء پر رہنے کے بعد زائچے کے گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔چنانچہ اس ماہ دوسروں کے تعاون سے اور ایک دوسرے پر اثر انداز ہوکر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلبوں، گروپوں یا سماجی اور معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں تو ان کی وجہ سے یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا۔ اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کے یا گروہی سرگرمیوں میں شرکت کرکے اور اپنے سماجی اور کاروباری حلقے کو وسعت دے کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے وہ افراد جو سماجی اصلاحات و سیاست اور انسانی فلاح و بہبود میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اس ماہ کچھ مثبت اقدامات کرنے کا موقع ملے گا۔چنانچہ کوئی بھی جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہیں گھبرانہ چاہئے۔ بلکہ آگے بڑھانے کی کوشش کرنی چاہئے ان تمام معاملات کے لئے ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۹ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے۔۲، ۱۸، ۲۴، ۳۱ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں۔

رسالہ روحانی دنیا کی اشاعت میں اضافہ آپ کا علمی و دینی فریضہ ہے

ماہ مارچ کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکواکبی گائیڈ ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۱۰ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ ۲۱ تاریخ کو برج حمل میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۰ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد ۲۰ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ ۷ تاریخ کو برج حمل میں داخل ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو برج حمل میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۳ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۲۲ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ ۷ تاریخ کو برج حمل میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۹ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۲۰ درجہ برج قوس پر ہوگا۔ ۱۸ تاریخ کو برج جدی میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۷ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۲۳ درجہ برج عقرب پر ہوگا۔ ۹ تاریخ کو رجعت کر جائے گا بحالت رجعت پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۲ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ۷ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۸ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس ۲۵ درجہ برج حمل پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۷ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۳ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۴ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۲۰ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۱ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۱۳ درجہ پر برج اسد پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔ ذنب ۱۲ درجہ برج دلو پر حرکت کریگا۔

۳ کو شرف زہرہ، ۵ کو قمر در عقرب، ۶ کو عطارد در حمل، ۷ کو زہرہ در حمل، ۹ کو رجعت مشتری، ۱۱ کو یوم حضرت ابوبکر صدیقؓ ۱۷ کو مریخ در جدی، ۱۹ کو نیا چاند ☽ ، ۲۰ کو شمس در حمل، یکم رجب ۱۴۳۹ھ، شرف قمر، ۲۲ کو لیلۃ الرغائب، ۲۳ کو رجعت عطارد، یوم پاکستان، ۲۵ کو میلہ شالیمار باغ لاہور، ۳۰ کو گڈ فرائی ڈے، ۳۱ کو زہرہ در دلو ہوگا۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ھدایت

ماہ مارچ ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	علمی ہدایت ورہنمائی
				(جمعرات ۱ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۴:۱۲	D △ ♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
ن	۴:۵۶	☿ □ ♂	عطارد تربیع مریخ	تعلق بنانے اور اظہار خیال میں انتشار و رکاوٹ ہوگی۔کوئی اہم معاملہ ہاتھ سے نکل جائے گا۔
س	۹:۳۹	☿ ✶ ♇	عطارد تسدیس پلوٹو	غیر معمولی محنت ناقابل یقین کامیابی سے ہمکنار کرسکتی ہے' رسم ورواج میں تبدیلی آسکتی ہے۔
س	۱۶:۲۲	♀ △ ♃	زہرہ تثلیث مشتری	مالی لین دین' معاہدات اور قانونی معاملات کے علاوہ خاندانی مسائل کو حل کرنے اور تعلقات بنانے کا اہم وقت
س	۲۳:۰۹	D △ ♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں' رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
				(جمعہ ۲ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۵:۵۰	D ☍ ☉	قمر مقابلہ شمس	سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی' کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔
ن	۹:۵۸	D ☍ ♆	قمر مقابلہ نپ چون	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
ن	۱۸:۰۴	☿ △ ♃	عطارد تثلیث مشتری	اہم معاہدات کی تشکیل' بینک سے قرضے کے حصول' انشورنس اور ٹیکس سے متعلقہ معاملے کے لئے موافق وقت۔
س	۲۱:۲۵	D △ ♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
ن	۲۲:۲۸	D □ ♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی' تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
				(ہفتہ ۳ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۱:۳۹	D ✶ ♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ن	۲:۴۷	D ☍ ☿	قمر مقابلہ عطارد	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی۔
ن	۴:۴۹	D ☍ ♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
				(اتوار ۴ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۲:۱۹	D □ ♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
ن	۱۹:۰۲	☉ ☌ ♆	شمس قران نپ چون	قانونی معاملات کے لئے تجربہ کار افراد سے مشورہ بہتر رہے گا' لمبی مدت کے کاموں میں حصہ لیں۔
م	۲۳:۰۴	☿ ☌ ♀	عطارد قران زہرہ	تعلقات بنانے کا اہم موقع' ایک دوسرے سے اظہار خیال ہی تمام نفرت دور کرسکتا ہے۔
				(پیر ۵ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۱:۳۴	D □ ♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
س	۵:۰۰	D ✶ ♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
ن	۱۱:۱۸	D ☍ ♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔
				(منگل ۶ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۸:۳۰	D ✶ ♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
س	۲۰:۲۳	D △ ♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
				(بدھ ۷ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۰۰:۲۷	D △ ☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑسکتی ہے۔
س	۹:۱۱	D ☌ ♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
م	۱۳:۵۴	D ☌ ♃	قمر قران مشتری	جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔کسی نیک کام میں حصہ لیں۔

				(جمعرات ۸ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۵:۳۲	☽△♀	قمر تثلیث زہرہ	ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا۔خوشیاں اور سیر و تفریح کے لئے وقت نکالیں۔
س	۹:۱۴	☽△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
				(جمعہ ۹ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۶:۵۲	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
ن	۱۶:۱۹	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے۔
				(ہفتہ ۱۰ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۵:۵۳	☽☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں' اہم فیصلے کریں' تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
س	۷:۲۶	☽△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(اتوار ۱۱ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۰۰:۳۰	☽□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
ن	۶:۲۴	☽□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
م	۷:۰۴	☽☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
ن	۱۱:۵۹	☿□♄	عطارد تربیع زحل	اہم کاروباری سرگرمیاں کے لئے ناموافق' لین دین اور فیصلے مضبوط بنیاد قائم نہ رہ سکیں گے۔
س	۱۶:۲۰	♂△♅	مریخ تثلیث یورنس	مالی اور کاروباری امور میں معاہدات نفع کا باعث بنیں گے' کسی شخص کی اچانک تبدیلی فائدہ دے گی۔
س	۱۶:۵۱	☉✶♇	شمس تسدیس پلوٹو	خاندانی رسم و رواج میں اپنی عزو وقار کو مزید بڑھانے کی کوشش کریں۔
س	۱۹:۴۳	☽✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
				(پیر ۱۲ مارچ ۲۰۱۷ء)
م	۹:۱۴	☽☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔
ن	۱۰:۴۳	☽✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
س	۱۳:۵۹	☽✶♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ن	۲۰:۳۵	☽□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
				(منگل ۱۳ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۱۷:۳۸	♀□♄	زہرہ تربیع زحل	قریبی فرد کی صحت خراب ہونے کی وجہ سے پریشانی ملے گی۔ہوسکتا ہے کوئی اہم تعلق علیحدگی کا باعث بنے۔
س	۲۰:۲۰	☽✶♀	قمر تسدیس زہرہ	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
				(بدھ ۱۴ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۱:۰۵	☉△♃	شمس تثلیث مشتری	کسی بڑے معاہدے پر کام ملنے کی توقع ہے۔کسی بھی موقع کو ہاتھ سے جانے نہ دیں۔
س	۲:۳۵	☽✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
				(جمعرات ۱۵ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۱:۵۲	☽□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
س	۸:۳۳	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
س	۱۲:۳۱	☽✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
				(جمعہ ۱۶ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۷:۰۶	☽✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
م	۱۸:۴۶	☽☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔

				(ہفتہ ۱۷ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۷:۰۷	D ✶ ♆	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد و اشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
س	۱۱:۱۰	D △ ♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں' جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
م	۱۸:۱۱	D ☌ ☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
				(اتوار ۱۸ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۰۰:۰۲	D □ ♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہو سکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
ن	۱۵:۱۸	D □ ♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
				(پیر ۱۹ مارچ ۲۰۱۷ء)
م	۲:۵۷	D ☌ ♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔ لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہو سکتی ہیں۔
م	۴:۴۶	D ☌ ☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کر کے بہتر فیصلہ کریں' تحریر و تقریر کے لئے موافق۔
ن	۱۴:۰۴	D □ ♆	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
				(منگل ۲۰ مارچ ۲۰۱۷ء)
م	۰۰:۲۸	D ☌ ♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۸:۳۵	D △ ♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
س	۹:۰۲	♀ ☌ ☿	زہرہ قران عطارد	ذہنی و تخلیقی قوت بڑھ جائے گی۔ تعلقات مستحکم ہونگے۔ دوست کے ساتھ رہنے کی خواہش' تعلق بڑھ جائے۔
س	۲۱:۰۴	D △ ♄	قمر تثلیث زحل	روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی' کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔
				(بدھ ۲۱ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۷:۴۱	D ✶ ♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
س	۱۸:۵۷	D △ ♆	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
ن	۲۲:۲۰	D □ ♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے' ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
				(جمعرات ۲۲ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۱۳:۲۱	D ✶ ☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
				(جمعہ ۲۳ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۱۱:۳۹	D □ ♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
س	۱۵:۳۰	D ✶ ☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
س	۲۲:۰۶	D ✶ ♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
				(ہفتہ ۲۴ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۴:۱۳	♀ □ ♆	زہرہ تربیع پلوٹو	محبت کے معاملات میں جھگڑے اور فساد' علیحدگی کی بنیاد بنیں گے' حکمت عملی سے مسئلہ حل کریں۔
س	۸:۵۱	D ✶ ♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
ن	۲۰:۳۴	D □ ☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے' صرف دوسروں کی سنیں۔
ن	۲۰:۳۵	D ☍ ♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر و مشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں' جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
ن	۲۱:۰۷	☉ □ ♄	شمس تربیع مریخ	یہ وقت اہم مالی و کاروباری معاملات کیلئے سودمند ثابت نہ ہوگا۔ بے جا غصہ بڑے جھگڑے کا باعث بنے گا
				(اتوار ۲۵ مارچ ۲۰۱۶ء)
ن	۴:۳۶	D ☍ ♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں' خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہو جائیگا۔
س	۱۴:۵۲	D △ ♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
ن	۱۷:۵۳	D □ ☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔

					(پیر ۲۶ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۱:۴۰	D☌♀	قمر مقابلہ پلوٹو		اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔
س	۴:۳۱	D△♃	قمر تثلیث مشتری		روحانی علوم کی طرف توجہ دیں' بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں' قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت۔
ن	۵:۵۷	D□♀	قمر تربیع زہرہ		تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
ن	۱۱:۵۷	D□♅	قمر تربیع یورنس		غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی' مراقبہ کے لئے بہتر وقت۔
					(منگل ۲۷ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۳:۱۲	D△☉	قمر تثلیث شمس		خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
س	۱۹:۰۸	D△☿	قمر تثلیث عطارد		ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
					(بدھ ۲۸ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۷:۰۴	D□♃	قمر تربیع مشتری		اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔
س	۱۳:۳۲	D△♀	قمر تثلیث زہرہ		تعلقات بنانے کا بہتر وقت' سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔
س	۱۴:۵۳	D△♅	قمر تثلیث یورنس		اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
					(جمعرات ۱۹ مارچ ۲۰۱۷ء)
م	۵:۴۶	♀☌♅	زہرہ قران یورنس		کسی کی باتوں پر بھروسہ نہ کریں' شک و وہم زیادہ ہوگا' کھلی سوچ رکھیں۔
س	۶:۲۳	D△♂	قمر تثلیث مریخ		اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
س	۱۰:۲۹	D△♄	قمر تثلیث زحل		رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
ن	۱۹:۱۵	☉□♄	شمس تربیع زحل		اہم معاہدات اور خاندانی تعلقات میں اختلاف بڑھ جائے گا' الگ ہونے یا رشتہ ٹوٹنے کا اندیشہ ہے۔
ن	۲۰:۴۸	D☌♆	قمر مقابلہ نپ چون		اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
					(جمعہ ۳۰ مارچ ۲۰۱۷ء)
س	۷:۳۴	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو		خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
س	۹:۵۸	D✶♃	قمر تسدیس مشتری		لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
					(ہفتہ ۳۱ مارچ ۲۰۱۷ء)
ن	۱۲:۱۱	D□♂	قمر تربیع مریخ		کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی' تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
ن	۱۴:۲۱	D□♄	قمر تربیع زحل		قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
ن	۱۷:۳۶	D☌☉	قمر مقابلہ شمس		سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی' کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔
ن	۲۱:۱۵	D☌☿	قمر مقابلہ عطارد		دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی۔

بد قسمت زندگی کو بدلیے

۱۔ حب جاہ' لیڈری' شجاعت کے اسباب پیدا کرتی ہے۔
۲۔ یہ لوح دشمنوں اور مخالفوں کے عملی اقدام کو روکتی ہے۔ مخلفانہ حرکتوں کو ناممکن اور مخالف کا کوئی حربہ کامیاب نہیں ہوتا۔
۳۔ غیر متوقع نقصانات اور ترقی کے راستوں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سیریع التاثیر ہے۔
۴۔ ذرائع آمدن' سرمایہ کاری' گورنمنٹ سیکیورٹیز اور سرٹیفکٹ' ڈالر' پاونڈ' یورو' لاٹری' بانڈز و شیئرز میں وسیع نفع دیتا ہے۔
۵۔ وہ لوگ جو ہر دفعہ کام یا روزگار میں ناکام رہتے ہیں ان کی زندگی میں تبدیلی لاتا ہے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدل دیتا ہے۔
۶۔ قلبی امراض' وجع المفاصل (گٹھیا)' دل کی دھڑکن کی تکلیف میں شفایابی دیتی ہے۔

مجاہدات وریاضات

اذکار واشغال

سلوک کے طریقے بہت سے ہیں۔ کیونکہ طالبان حق کی طبعیتیں مختلف ہیں اور شیخ کہ دل کا طبیب ہے۔ مریض کے مرض کے موافق علاج کرتا ہے اس سبب سے فرمایا ہے کہ اللہ کے طریقے کے رستے خلائق کے انفاس کے برابر ہیں لیکن ان سب طریقوں سے تین طریقے بہت قرب کے ہیں۔

پہلا طریق اصیار کا ہے اس میں بہت سے روزے رکھنے اور نمازیں پڑھنے اور تلاوت قرآن شریف میں مشغول ہونا۔ حج و جہاد کرنا شامل ہیں اس راہ کے چلنے والے ایک مدت میں منزل مقصود کو پہنچتے ہیں۔

دوسرا طریق اصحاب مجاہدات یا ریاضت کا ہے اس میں عادت ذلیمہ کو اخلاق حمید سے بدلتے ہیں ان کو ابرار کہتے ہیں اس راہ سے بھی اکثر لوگ مقصود کو پہنچتے ہیں۔

تیسرا طریق شطاریہ ہے۔ یہ لوگ ریاضت سے بھاگتے ہیں اور خلائق کی صحبت سے بچتے ہیں۔ ان کا کام سوائے ورد اور اشتیاق اور شوق ذکر فکر شکر کے اور کچھ نہیں ہوتا اس طریق سے بھی اکثر مقصود کو پہنچتے ہیں اور بہت سے تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب اور تجلیہ روح میں مشغول رہتے ہیں اور کشف و کرامات کو پسند نہیں کرتے اور اپنے وقت کو موتو قبل ان تموتو کی استقامت میں صرف کرتے ہیں۔ یہ طریق دونوں طریقوں سے وصول الی اللہ میں زیادہ قریب رکھتا ہے اور وصول اس طریقہ شطاریہ میں دس چیزوں سے ہے۔ اول تو یہ ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ ماسوا اللہ کے مطلوبات کو چھوڑ دے۔ جیسے مرنے کے وقت سب کچھ چھوٹ جاتا ہے، دوسرے زہد ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ دنیا و مافیہا سے کچھ غرض نہ رکھے اور سب کو چھوڑ دے۔ جیسے مرنے کے وقت سب کو چھوڑنا پڑتا ہے۔ تیسرے توکل اس سے مراد یہ ہے کہ اسباب ظاہری کو ترک کرے۔ جیسے موت کے وقت ترک ہو جاتے ہیں۔ چوتھے قناعت یعنی اپنی نفسانی اور شہوانی خواہشوں کو ایسا ترک کرے۔ جیسے موت کے وقت ترک ہو جاتی ہیں۔ پانچویں عزلت یعنی خلائق سے کرنا رہ کشی اور انقطاع کرنا۔ جیسے موت کے وقت ہوتا ہے۔ چھٹے توبہ، یعنی اللہ کے سوا سب طرف سے اپنی اغراض کو اٹھا کر منہ پھیرے جیسے موت کے وقت ہوتا ہے۔ ساتویں صبر، یعنی مجاہدہ کرے اور نفسانی لذائذ کو ترک کردے جیسے موت کے وقت بلامجاہدہ چھوڑی جاتی ہیں۔ آٹھویں رضا۔ یعنی اپنے نفس کی رضا کو چھوڑ کر اللہ کی رضا پر راضی کرلے اور اس کے حکم ازلی پر سر جھکائے جیسا موت کے وقت ہوتا ہے نانویں ذکر ہے۔ یعنی اللہ کے ذکر کے سوا سب کو چھوڑ دے جیسے موت کے وقت چھوڑتا ہے دسویں مراقبہ ہے یعنی اپنے سب حول اور قوت کو ترک کردے۔ جیسا کہ موت کے وقت ترک کردیتا ہے۔

پس طالب کو چاہئے کہ پہلے حسب ارشاد مرشدان بری خصلتوں سے جو لوازمہ حیوانی وعنصری ہیں اپنے آپ کو بچائے اور اوصاف حمیدہ پیدا کرے اور اپنے دل کو غیر اللہ کی کدورتوں سے پاک صاف رکھے تاکہ لیاقت وصول اللہ کی حاصل ہو۔

علم نجوم کے مبتدیوں کیلئے
آسان ابتدائی کتاب

اسباق النجوم

اس وقت جس قدر کتب نجوم آپ کو ملیں گی۔ ان میں ابتدائی قواعد اس صورت میں مجموعی طور پر نہیں ملتے کہ کوئی شخص اس سے سیکھ سکے۔ پرانے اور فرسودہ طریقہ پر ہندوانہ اصطلاحوں سے بھرپور کتابیں ملیں گی۔ اس اہم کمی کو مدنظر رکھ کر ''اسباق النجوم'' کو مرتب کیا گیا ہے۔ یہ مبتدیوں کے لئے بہترین کتاب ہے۔ اس کائناتی سائنس کی تعلیم کے لئے میں نے مشرق ومغرب کے قدیم وجدید طریقوں سے کام لے کر ان اسباق کو ترتیب دیا ہے۔ ہمارے ملک میں ایک عرصہ سے ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو علم نجوم کے ابتدائی اصول وقوائد جاننے میں مدد دے۔ نہایت غور وخوض سے آسان طریقہ اختیار کیا گیا ہے واقفان نجوم کو بھی اس سے اہم اور جدید معلومات ملیں گی۔ اس میں ۲۳ مندرجہ ذیل اسباق ہیں۔

(۱) کواکب (۲) بروج (۳) دائرۃ البروج (۴) بارہ گھروں کی تفصیل (۵) تشریحات بروج (۶) بروج کے منسوبات (۷) تقسیم کواکب کا نظریہ (۸) کواکب کی خاصیتیں (۹) شمسی طالع پڑھنا (۱۰) تقویم سے کام لینا (۱۱) ارضی وقت کیا ہے (۱۲) کواکبی وقت کیا ہے (۱۳) تسویۃ البیوت (۱۴) زائچہ کا پڑھنا (۱۵) کواکب کے درجات معلوم کرنا (۱۶) جدول یومیہ اعداد متناسب (۱۷) زائچہ میں کواکب کو پر کرنا (۱۸) نظرات (۱۹) کواکب زائچہ کے گھروں میں (۲۰) احکام لگانے کا طریقہ (۲۱) پیشینگوئیاں کرنا (۲۲) آثار البیوت (۲۳) بارہ بروج کی فلاسفی اور ان کے معانی۔

قیمت =\۴۸۰ روپے* محصول ڈاک علاوہ
طالع وقت کے جدید نقشے۔ جدید منسوبات اگر اس کتاب پر حاوی ہوگئے تو آثار النجوم کے حصص کو آسان سے سمجھ سکیں گے۔

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات، اسماء، موکلات، دعوات	قیمت ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح، علم تکسیر، علم الاعداد	قیمت ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی، اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال، اسماء، عزیمتیں، طلسم	قیمت ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر، شرفات کواکب، اسمائے الٰہی، جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات، نظریات نام کے اعداد سے قسمت، غیبی نمبر	قیمت ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات، برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت ۳۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت ۱۸۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت ۱۵۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات، مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ، کردار، شادی، روپیہ، تعلیم، پیشہ	قیمت ۳۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولی کی تاریخ	قیمت ۱۵۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش، تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت ۲۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت ۱۸۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں، ہر شخص کے حالات، گرہن، سفر، سعد و نحس اوقات، کلینڈر	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری، قمر سے متعلقہ کام، نظرات، ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے و بڑے شہر و گاؤں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہر و گاؤں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں، گرہن، رجعت و استقامت، اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات، نظرات، ستاروں کی رفتاریں، گرہن، منازل قمر، کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت ۱۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاش البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔ رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشرز نے بااہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا، پی آئی بی کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا


برنی اٹلس آف پاکستان
پاکستان کے تقریباً ۹ ہزار شہروگاؤں کے نام
شہر کا طول بلد اور عرض بلد
ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
منطقہ وقت
گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں
دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق
PUNJAB
BALOCHISTAN
تحریر و ترتیب: حارث عثمانی
اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

پتھروں کا سحر
آپ کی شخصیت پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے
درجہ اول درجہ دوم اور درجہ سوم کی وسیع ورائٹی
پتھر کی تشخیص کے لیے فارم منگوائیں

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں

برنی تقویم 2018 کے لئے

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات

اس میں ہندوانہ حساب
نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ
اصطلاحات دی جاتی ہیں

استخراج طالع
نقشہ تحویلات سیارگان
ستاروں کے سعد ونحس اثرات
نقشہ تفاوت وقت
اسٹینڈرٹائم
بروج طالع اور کواکب
نظرات کے اثرات
کواکب کا سعد ونحس اثر
بارہ ماہ کے نظرات
مدت اثرات کواکب
تحویل آفتاب
سیارگان کے مراتب کے اثرات
اختیارات قمر
زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
ساعات سیارگاں
چاند اور سورج گرہن کے اوقات
قمری حرکات
تعطیلات وتہوار
منسوبات کواکب
عملیات کے اوقات
طلوع وغروب وقت
نیا چاند
منازل قمر

برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۱۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت، طلوع وغروب، اوخال اور شرف ہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

دفتر سے برنی تقویم 2018 حاصل کریں یا قریبی بک سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز، ابراہیم مارکیٹ، پی آئی بی کالونی، کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰